الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ
الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝

مجموعۂ یازده رساله

از تصنیفات وافادات

حضرت قدوۃ الواصلین امام الکاملین شمس العارفین مصباح المقربین سید السادات

ولی الاکبر الصادق صدالدین ابوالفتح

سید محمد حسینی گیسو دراز خواجہ بندہ نواز چشتی

قدس اللہ سرہ العزیز

بسلسلہ مطبوعات کتبخانہ رضویہ گلبرگہ شریف

باہتمام و توجہ خاص جناب علی القاب نواب غلام یزدانی صاحب دام مناقبہ

صوبہ دار صوبہ گلبرگہ شریف و میر مجلس کتبخانہ رضویہ

وبہ تصحیح و اہتمام

مولوی حافظ سید عطا حسین صاحب دام فیضہ

ناظم اوقاف یاب۔ امر رشتہ تعلیمات سرکار

در المطابع مطبع کیسری واقع حیدرآباد دکن طبع یافت

برچیده از کتابخانه دیجیتال هندوستان http://dli.iiit.ac.in
باز تکثیر از کتابخانه کتاب فارسی http://www.KetabFarsi.com

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ

مجموعہ یازدہ رسائل

از تصنیفات و افادات

حضرت قدوۃ الواصلین امام السالکین شمس العارفین مصباح الموحدین سید الصادقین
ولی الاکبر الصادق صدر الدین الشیخ
سید محمد حسینی گیسو دراز چشتی

بمطبع [illegible]

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم انت الله الواحد الاحد الفرد الذی لا اله انت لا غيرك ولا موجود أسوائك - الهی انت الذاكر وانت المذكور انت الحامد وانت المحمود - انت الطالب وانت المطلوب انت المحب وانت المحبوب - انت الناظر وانت المنظور انت الشاهد وانت المشهود - یا هو یا من لا هو الا هو یا من لا اله الا هو یا ازلی یا ابدی یا دهری یا دیموی صل وسلم وبارك علی النور الاقدس الاتم الاقدم الذی بولاه حجابك لاحرقت سبحات وجهك ما انتهی الیه بصرك من خلقك وعلی اله الطیبین الطاهرین واصحابه الهادیین المهدیین -

الهی

تو بعلم ازل مرا دیدی وانچنانم بعیب بگزیدی
ترحم آن من بیدل بمان رو مکن انچه خود پسندیدی

ترجمہ تخلیص سید محمد حسینی گیسو دراز قدس اللہ سرہ کے چہیتے

چھوٹے یہ گیارہ رسالے طبع کئے جا کر شائع کئے جاتے ہیں۔ ہر رسالہ علٰحدہ علٰحدہ طبع ہوا ہے اور ہر ایک کے صفحوں کا شمار علٰحدہ علٰحدہ سر صفحہ پر دیدیا گیا ہے۔ اوس کے علاوہ پورے مجموعہ کے صفحوں کا شمار بھی مسلسل از ابتدا تا آخر صفحوں کے نیچے دیدیا گیا ہے۔ ذیل میں ان رسالوں کی تفصیل دی جاتی ہے اور ہر ایک کے نام کے محاذی اوس کے ابتدا کے صفحہ کا شمار جو صفحہ کے نیچے لکھا ہوا ہے دیدیا گیا ہے۔

(۱) تفسیر سورہ فاتحہ شریف	صفحہ	۱
(۲) استقامت الشریعت بطریق الحقیقت	″	۹
(۳) رسالہ در مسئلہ رویت باری تعالیٰ و کرامات اولیا	″	۴۳
(۴) حدایق الانس :- دیباچہ	″	۵۹
حدیقہ اول	″	۶۳
حدیقہ دوم	″	۶۷
حدیقہ سیوم	″	۶۹
حدیقہ چہارم	″	۷۱
حدیقہ پنجم	″	۷۲
حدیقہ ششم	″	۷۴
حدیقہ ہفتم	″	۷۶
حدیقہ ہشتم	″	۸۰
حدیقہ نہم	″	۸۱
حدیقہ دہم	″	۸۳
حدیقہ اول از دنبالہ الحاقی حدیقہ یازدہم است	″	۸۵
حدیقہ دوم از دنبالہ الحاقی حدیقہ دوازدہم است	″	۸۶

(۴) وجود العاشقین صفحہ ۸۹
(۵) رسالہ توحید خواص " ۱۰۱
(۶) رسالہ منظوم در اذکار " ۱۰۷
(۷) رسالہ مراقبہ " ۱۱۳
(۸) رسالہ اذکار چشتیہ " ۱۲۱
(۹) شرح بیت حضرت امیر خسرو دہلوی رحمتہ اللہ علیہ " ۱۳۵
(۱۰) برہان العاشقین المعروف بہ قصہ چہار برادر " ۱۴۱
شروح برہان العاشقین:۔
(۱) شرح اول " ۱۴۴
(۲) شرح دوم " ۱۴۹
(۳) شرح سیوم از حضرت ابو صالح محمدؒ عرف شیخ حسن چشتی " ۱۵۴
(۴) شرح چہارم از حضرت میر سید عبد الواحد بلگرامیؒ " ۱۵۹
(۵) شرح پنجم از حضرت میر سید محمد کالپویؒ " ۱۶۸
(۶) شرح ششم از حضرت مولانا محمد رفیع الدینؒ دہلوی ۱۸۴
(۷) شرح ہفتم از علامہ حکیم مرزا قاسم علی بیگ حیدرآبادی ۱۹۳
غلط نامہ مجموعہ رسایل ۲۲۷

ان رسالوں کی کیفیت مختصر طور پر ذیل میں درج کیجاتی ہے۔

(۱) تفسیر سورہ فاتحہ شریف

امام ابو القاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ نے کلام اللہ شریف کے ہر سورہ سے چند آئتیں انتخاب کرکے اون کی تفسیر لکھی ہے اور اوس کا نام **لطائف قشیری** رکھا ہے۔ یہ تفسیر بعید لطیف پیرایہ میں لکھی گئی ہے اور ہر آئت کے اسرار و غوامض نہایت خوبی سے بیان کئے گئے ہیں۔ حضرت مخدوم سید محمد حسینی گیسو دراز

قدس سرہ امام قشیری کے بہت معتقد تھے اور یہ تفسیر اون کو نہایت پسند تھی اپنی تصانیف میں کہیں کہیں اوس کے مضامین درج کئے ہیں۔ حضرت مخدوم کے سوانح نگار محمدؒ سامانیؒ نے کتاب **سیر محمدی** میں جہاں حضرت مخدوم کے تصانیف کا ذکر کیا ہے اون کی ایک **تفسیر ملتقط** کا بھی ذکر کیا ہے خود حضرت مخدوم نے بھی اپنی بعض تصانیف میں اس کا ذکر کیا ہے بلکہ اوس کے بعض مقامات کی عبارتیں بھی نقل کر دی ہیں۔ یہ تفسیر قرآن شریف کے منتخب سورتوں اور آیات کی ہے اور لطایف قشیری ہی کے طرز پر لکھی گئی ہے۔ تفسیر ملتقط اب مفقود ہے بہت جستجو کے بعد بھی اوس کا پتہ ہنوز نہیں مل سکا اس لئے میں نہیں کہہ سکتا کہ سورہ فاتحہ شریف کی یہ تفسیر جو اس مجموعہ میں شریک کیگئی ہے یا اوسی تفسیر ملتقط کا جزو ہے یا حضرت مخدوم نے اوس سے علٰحدہ مستقل طور پر تحریر فرمایا ہے۔ میرے نہایت فاضل اور برگزیدہ صفات کرم فرما جناب مولانا حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب حیدرآبادی کے کتب خانہ سے ایک نہایت خوشخط ۱۰۶۴ھ کا لکھا ہوا حضرت مخدوم بندہ نواز کے چند چھوٹے رسالوں کا مجموعہ مجھے عاریتاً ملا تھا اوس میں یہ تفسیر بھی تھی۔ اوس سے نقل لی گئی اور اوس نقل سے طباعت کی گئی دوسرا نسخہ چونکہ نہیں مل سکا اس لئے مقابلہ نہیں ہو سکا اور بعض بعض جگہ الفاظ مشکوک رہ گئے۔

(۴) استقامت الشریعت بطریق الحقیقت

حضرت مخدوم علیہ الرحمہ نے جیسا کہ دیباچہ میں تحریر فرمایا ہے اس کو ۷۹۲ھ میں تصنیف کیا اس کا ذکر اونہوں نے اسرار الاسرار کے ایک سمر میں بھی کیا ہے اپنے زمانہ کی حالت دیکھ کر اونہوں نے نہایت سوز دل سے یہ کتاب تصنیف کی اور چند نہایت نازک مسائل (خصوصاً مسئلہ جبر و اختیار) کا بیان بہت لطیف اور واضح پیرایہ میں فرما دیا ہے۔ کتب خانہ آصفیہ میں ۱۰۶۵ھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ ہے اوس سے نقل لی گئی حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب کے کتب خانہ سے ایک

مجموعہ ملا جس میں ۱۰۶۴ھ کا نقل کیا ہوا یہ رسالہ بھی تھا اوس سے مقابلہ کرکے میرے نقل
کئے ہوئے رسالہ کی تصحیح کی گئی لیکن پھر بھی بہت مقامات تصحیح طلب رہ گئے۔ ۱۳۵۱ھ میں
مجھے کلکتہ جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے کتب خانہ میں مجھے اس کا
ایک نسخہ (فارسی نمبر ۱۲۱۹) ملا اوس سے میں نے اپنے نسخہ کا مقابلہ کیا اور مکمل طور پر تصحیح
کرلی اوسی تصحیح کردہ نسخہ سے یہ کتاب طبع کی گئی۔

(۳) رسالہ در مسئلہ رویت باری تعالیٰ وکرامات اولیا وغیرہ

کتب خانہ آصفیہ کے نسخہ سے نقل لی گئی اور ۱۳۵۱ھ میں میں جب کلکتہ گیا
رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے کتب خانہ کے نسخہ (فارسی نمبر ۱۲۲۸) سے میں نے
مقابلہ کیا اور جس حد تک تصحیح ممکن ہوسکی کی۔ یہ رسالہ بغیر حمد و نعت اور بغیر کسی تمہید
کے شروع کیا گیا ہے۔ معلوم نہ ہوسکا کہ آیا حضرت مخدوم کی کسی تصنیف کا یہ ایک
جزو ہے یا اون کی مستقل تصنیف ہے۔ اس رسالہ میں حضرت گیسودرازؒ نے متعدد مسائل
پر محققانہ بحث کرکے اون کی وضاحت فرمائی ہے۔ پہلا مسئلہ رویت باری تعالیٰ کا ہے
اہل سنت وجماعت کے علاوہ اسلام کے بقیہ تمام فرقے اس کا قطعی انکار کرتے ہیں نہ صرف
دنیا میں بلکہ عقبیٰ میں بھی۔ اون کا ادعا ہے کہ بشر کے لئے رویت باری محال ہے۔
چونکہ صحیح حدیثوں سے نہایت وضاحت اور قطعیت کے ساتھ ثابت ہے کہ بہشت
میں مومن خداوند تبارک وتعالیٰ کے دیدار سے مشرف ہوگا اس لئے اہل سنت
میں کسی کو بہشت میں دیدار باری سے اختلاف نہیں ہے۔ اگر اختلاف ہے تو دنیا
میں رویت سے ہے۔ جمہور علمائے محققین اور صوفیائے کاملین متفق ہیں کہ دنیا میں
خواب میں دیدار ممکن ہے چنانچہ بہت سے خواص اولیا کے متعلق صحت کے ساتھ
روایت کی گئی ہے کہ وہ خواب میں بارہا دیدار الٰہی سے مشرف ہوئے۔ زیادہ
اختلاف اس میں ہے کہ آیا دنیا میں بحالت بیداری بھی دیدار ممکن ہے چنانچہ اکابر مشائخ

امام ابوبکر کلابادی مصنف کتاب تعرف اور حضرت مخدوم الملک شرف الدین یحیی بنیزی کو قطعاً انکار ہے۔ بخلاف اوس کے دوسرے اکابر کو جن میں حضرت پیران پیر غوث الثقلین سلطان الجن والانس سید عبدالقادر جیلانی اور اولیائے چشتیہ شامل ہیں رویت کا انکار نہیں ہے۔ حضرت مخدوم نے صراحت فرمائی ہے کہ اخص الخواص اولیا جب اس درجہ پر پہنچ جاتے ہیں کہ اون کا خواب و بیداری اون کا ظاہر و باطن اون کی دنیا اور عقبیٰ سب کی حالت ایک سی ہو جاتی ہے تو اون کو حالت یقظہ میں بھی بچشم باطن دیدار ممکن ہو جاتا ہے اور ہوا ہے۔ اسی رسالہ میں حضرت مخدوم فرماتے ہیں "محمد یوسف حسینی میگوید یعلم اللہ من آن طایفہ را دیدہ ام کہ ایشان یک ساعتے از دیدار او محروم نماندہ اند"

اس کتاب میں دوسرا مسئلہ انبیا کی ملایکہ مقربین پر فضیلت کے متعلق ہے تیسرا مسئلہ کرامات اولیا اور چوتھا مسئلہ کلام اللہ شریف کے متشابہات کی بحث میں ہے۔

(۴) حدایق الانس

۱۳۵۱ھ میں میں نے کلکتہ کے رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے کتب خانہ کے نسخہ سے اس کتاب کی نقل لی۔ کتب خانہ آصفیہ میں بھی ۱۳۲۵ھ کا لکھا ہوا جدید الخط نسخہ موجود ہے مگر وہ اس قدر غلط لکھا ہوا ہے کہ اس کتاب کی تصحیح میں اوس سے کچھ مدد نہیں مل سکی۔ تیسرا نسخہ کہیں دستیاب نہیں ہوا۔

حضرت مخدوم نے اپنے ایک برگزیدہ مرید کو دس حدیقے لکھوائے ان کو لکھوانے کے بعد اور دو حدیقوں کا اضافہ فرمایا۔ پیر کی رحلت کے بعد اونہوں نے دیباچہ لکھ کر ان حدیقوں کو کتاب کی شکل میں مدون کیا اور ترتیب وہی قائم رکھی جس ترتیب سے حضرت مخدوم نے لکھوایا تھا۔ اور [illegible]

ان حدیقوں کے جامع نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا۔ رحمتہ اللہ علیہ۔ حدیقہ ہشتم اور حدیقہ نہم کے مضامین پر غور کرنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے عنوان میں تقدم تاخر ہو گیا ہے کتاب منقول عنہ میں چونکہ یہی ترتیب تھی اور تصحیح کے لئے دوسرا نسخہ دستیاب نہیں ہوا اس لئے طباعت میں عنوان کا وہی شمار قائم رکھا گیا۔

ان حدیقوں میں حضرت مخدوم قدس سرہٗ نے عجیب عجیب نکتے اور اسرار بیان فرمائے ہیں بعض کا یہاں نقل کرنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا:۔

حدیقہ اول میں فرماتے ہیں:۔ "بدانی کہ مرد عارف و سالک و ہالک را ہرچہ الذے و اشہیٰ بود تجلی او در آن الذ و اشہیٰ و ابہیٰ بود چہ دانم تو چہ فہم کنی۔ آنی دانی"

حدیقہ نہم میں نماز باجماعت کی شدید تاکید ان الفاظ میں فرمائی ہے "و خواجہ من قدس سرہ گفتہ است کہ ہر کہ میان ہشتاد سال یک نماز فریضہ بغیر جماعت گذارد صوفیان او را چہ چرکین نامند" اللہ اللہ ایک وقت کی جماعت کے قضا ہونے کا یہ حال ہے اگر کسی وقت کی نماز ہی قضا ہو جائے تو کیا حال ہوگا! اللہم احفظنا۔

اسی حدیقہ میں نماز باجماعت کی باطنی حالت اس طرح ظاہر فرمائی ہے:۔ "بحقیقت نماز بجماعت این باشد کہ انسان قلبے دارد و قالبے دارد و روحے دارد و سرے دارد و خفی دارد ہر پنج بیک خانہ قرار گیرد و ہر یکے با دیگرے صورت اتحاد بیند خفی با قلب آن چنان جمع گردد کہ قطرہ با دریا ہر یکے را با دیگرے ہمیں مثال است۔ اے عزیز نماز بجماعت بحق سوخت و شناخت رب العزت جز این نباشد"۔

حدیقہ یازدہم (یعنی حدیقہ دہم کے بعد کے حدیقہ میں جس کو جامع کتاب نے حدیقہ "اول" لکھا ہے) حضرت مخدوم روحی فداہ نے ایک نہایت ہی باریک اور دور رس اور مدہوشی آور نکتہ بیان فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ دنیا میں انسان کو مال زر دیتا ہے جس کو وہ راہ خدا میں مختلف طریقوں پر صرف کرتا ہے۔ اوس کو

قوت اور صحت جسمانی مرحمت فرماتا ہے۔ جن کی بدولت وہ نمازیں پڑھتا ہے۔ روزے رکھتا ہے۔ تلاوت کلام اللہ کرتا ہے۔ ذکر اور مراقبہ اور مجاہدہ میں مشغول ہوتا ہے۔ حج کرتا ہے جہاد فی سبیل اللہ میں جان و مال کو قربان کرتا ہے۔ اگر ان کو اللہ تعالیٰ قبول فرماوے تو غنیمت ہیں اوس کو اون کی جزا اور بہت جزا ملیگی۔ لیکن یہ سب خیرات و مبرات عبادات و مجاہدات انسان اوسی وقت تک کرسکتا ہے جب تک کہ وہ بقید حیات ہے۔ موت کے آتے ہی یہ سب ختم ہوجاتے ہیں اور انسان ہمیشہ کے لئے قطعاً سب سے محروم ہوجاتا ہے۔ اس کے بعد حضرت مخدوم فرماتے ہیں "اما محبت اللہ سبحانہ بصفتہ ازلی و ابدی است او ازلی و ابدی دوستی او کذلک پس مرد حکیم سلیم ہمہ را پشت داده روے بمحبت آرد" یعنی سب سے انفع اور ما یبقیٰ چیز محبت الٰہی ہے۔ موت کے آتے ہی سب اعمال منقطع ہوجاتے ہیں عشق الٰہی ہی ایسی چیز ہے جو غیر فانی ہے اور ابد الآباد تک منقطع نہیں ہوسکتی اس لئے چاہیئے کہ تم محبت الٰہی پیدا کرو اور جتنی عبادتیں تم سے ہوسکیں محبت میں سرشار ہوکر بجا لاؤ تاکہ مرنے کے بعد گو تمہارے اعمال ظاہری منقطع ہوجائیں محبت الٰہی تمہارا ساتھ قبر میں دے اور ابد الآباد تک تم کو نہ چھوڑے۔ تم نے سنا ہوگا کہ جب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج کے لئے تشریف لے گئے تو راستہ میں حضرت موسیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا اور اوسی وقت اون سے آسمان پر بھی ملاقات ہوئی۔ حدیث صحیح ہے کما تعیشون تموتون کما تموتون تبعثون یعنی آدمی جس ذہن میں زندگی گزارے گا مرے گا بھی اوسی ذہن میں اور جب قیامت میں زندہ کیا جائے گا تو اسی ذہن میں زندہ ہوگا۔ اللہ کی محبت اور اوس کا عشق جب انسان کے وجود پر مستولی ہوجائے گا تو اوس کی ہر ادنیٰ محبت اور عشق میں کٹ جائے گی اور جب مرے گا اوسی عشق اور محبت میں سرشار مرے گا۔ اور قیامت کے روز جب اوٹھایا جائے گا اوسی عشق اور محبت میں وہ اوٹھے

اور سرشار اوٹھے گا ؎

چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد

دیوانہ مرفع القلم ہوا کرتا ہے۔ عشق الٰہی کے دیوانے سے حساب کتاب سوال و جواب کیسا۔ حدیثوں میں ہے کہ قیامت کے روز ایسے لوگ بھی ہوں گے جو بغیر کسی حساب کتاب کے جنت میں بھیج دیئے جائیں گے وہ انہیں دیوانگان محبت الٰہی کی جماعت ہوگی وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ قتیلان محبت الٰہی کی موت سنت الٰہی کی تبعیت میں محض ظاہری موت ہے ورنہ وہ لوگ زندۂ جاوید ہیں۔ ولعمری خواجہ حافظ شیرازی علیہ الرحمہ نے بالکل صحیح کہا ہے ؎

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

حق سبحانہ تعالیٰ حضرت مخدوم سید محمد حسینی گیسو دراز کے وابستگان دامن کو اون کے مسلک پر چلنے کی توفیق مرحمت فرما دے اور اوس پر استقامت نصیب کرے۔ اللھم حرق قلوبنا بنار عشقك وارزقنا ازدیاد محبتك حتی لا یبقی شیئ غیرك

(۵) وجود العاشقین

یہ مختصر رسالہ حضرت مخدوم کے عشق الٰہی کی حقیقت اور اوس کے مراتب کے بیان میں تحریر فرمایا ہے عشق حقیقی کے مراتب اور اسرار میں اونہوں نے ایک مبسوط کتاب المسمی بہ **خطائر القدس** تصنیف فرمائی ہے جو چھپ کر ضائع ہو چکی ہے۔ اس مختصر میں اوس کے تمام مراتب کو از ابتدا تا انتہا نہایت ایجاز کے ساتھ اپنے خاص انداز میں نہایت لطیف پیرایہ میں بیان فرمایا ہے۔

ملک دکن میں اس رسالہ کے نسخے جا بجا موجود ہیں چونکہ ناقلین بہت لی گئی ہیں اس لئے بصداق "ہر کہ آمد بران مزید ے کرد" کاتبوں نے غلطیوں کا بھی انبار

کردیا ہے جس سے ایسی غامض کتاب کی تصحیح میں نہایت دشواری پیش آئی مجھے اس کے پانچ قلمی نسخے ملے جن میں ایک ۱۰۴۸ھ کا اور دوسرا ۱۱۶۱ھ کا لکھا ہوا تھا۔ مطبع گلزار ابراہیم مراد آباد میں ۱۳۰۵ھ میں یہ کتاب چھپی بھی تھی لیکن سرتاپا غلطیوں اور الحاقات سے بھری ہوئی۔ بہرحال ان پانچ نسخوں کے مقابلے سے بقدر امکان تصحیح کی گئی۔

(۶) رسالہ توحید خواص

اس رسالہ میں "وحدت حقیقی" کا مسئلہ نہایت لطیف اور محققانہ طور پر بیان کیا گیا ہے۔ حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب کے کتب خانہ میں مجھے ایک مجموعہ ملا جس میں حضرت مخدوم کے چند دوسرے رسالوں کے ساتھ یہ رسالہ بھی تھا۔ اور شرف پریس بہار میں ۱۳۰۶ھ میں حضرت مخدوم شرف الدین احمد یحییٰ منیری اور حضرت امیر ابوالعلا اکبرآبادی اور حضرت نجم الدین کبیری رحمۃ اللہ علیہم کے چھوٹے چھوٹے رسالوں کے ہمراہ طبع بھی ہوا تھا۔ ان دونوں (یعنی قلمی اور مطبوعہ) نسخوں کے مقابلہ سے تصحیح کی گئی۔ اس رسالہ میں حضرت مخدوم بندہ نواز نے اپنا نام کہیں درج نہیں کیا ہے اس لئے یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ اونہیں کی تصنیف ہے لیکن قلمی نسخہ کے لوح پر اون کا نام لکھا ہوا تھا اور جن دوسرے رسالوں کے ہمراہ اوس مجموعہ میں شریک تھا وہ اونہیں کے تصنیف کردہ ہیں اس لئے ظن غالب یہی ہے کہ یہ رسالہ بھی حضرت مخدوم ہی کی تصنیف ہے۔

(۷) رسالہ منظوم در اذکار

بائیس سال ہوئے روضہ خورد کے ایک متوسل کے پاس میں نے حضرت مخدوم بندہ نواز قدس سرہ کا نثر میں اذکار کے متعلق ایک رسالہ دیکھا تھا اوس میں طریقہ علیہ چشتیہ کے وہ اذکار درج کئے گئے تھے جن کی تعلیم مریدوں کو عموماً دیجاتی ہے

جن صاحب کے پاس یہ رسالہ تھا وہ ان کا انتقال ہوگیا اور ان کے بعد وہ رسالہ بھی تلف ہوگیا اور کسی دوسرے نسخہ کا مجھے پتہ نہیں ملا۔ اس منظوم رسالہ کا مجھے صرف ایک ہی نسخہ ملا۔ چونکہ مقابلہ اور تصحیح کے لئے دوسرا نسخہ دستیاب نہیں ہوا اس لئے بعض جگہ الفاظ اور عبارتیں مشکوک رہ گئیں۔ اس منظوم رسالہ میں حضرت مخدوم نے وہ اذکار جمع کئے ہیں جن کی تعلیم منتہی اور پایۂ تکمیل کو پہنچے ہوئے مریدوں کو دیجاتی ہے۔ اس لئے حضرت مصنف نے ان سب کو نہایت غامض پیرایہ میں بلکہ بطور معما کے لکھا ہے۔

(۸) رسالہ در مراقبہ

یہ رسالہ بھی مجھے حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب کے کتب خانہ سے ملا۔ اس نسخہ کی کتابت ختم کرکے کاتب نے آخر میں یہ عبارت لکھی ہے: "قوبل باصلہ الکرام"۔ اس کا مطلب بظاہر یہی ہے کہ اس کا مقابلہ حضرت مصنف کے دستخطی نسخہ سے کیا گیا تھا۔ اس رسالہ میں مریدوں کی تعلیم و تربیت کے لئے چھتیس مراقبے درج کئے گئے ہیں جو علاوہ طریقہ چشتیہ کے دوسرے طریقوں (مثلاً قادریہ۔ سہروردیہ وغیرہ) میں بھی رائج ہیں۔

(۹) رسالہ اذکار چشتیہ

یہ رسالہ بھی مجھے حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب کے کتب خانہ سے ملا۔ کاتب نے آخر کتاب میں ختم کتابت کی تاریخ ان الفاظ میں لکھی ہے: "فی التاریخ ۱۴ شوال سنہ ۱۰۶۳ از جلوس اورنگ زیب در اورنگ آباد"۔ اس نسخہ سے نقل لے کر میں نے اس مجموعہ میں شریک کیا۔ تقابل و تصحیح کے لئے چونکہ دوسرا نسخہ نہیں ملا اس لئے بعض بعض جگہ الفاظ مشکوک رہے۔

یہ رسالہ حضرت سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کا تصنیف کردہ نہیں ہے

بلکہ اون کے ایک مرید نے جنہوں نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا ہے اون اذکار کو جن کی تعلیم حضرت مخدوم دیا کرتے تھے جمع کر کے کتاب کی شکل میں مرتب اور مدون کر دیا ہے متعدد مقامات پر یہ یا اوس کے ہم معنی عبارت بھی لکھی ہے "بندگی میاں بڑے ابن مخدوم سید محمد حسینی گیسو دراز میفرمایند"۔ حضرت مخدوم کے بڑے فرزند سید اکبر حسینی قدس سرہ کو عموماً لوگ سید بڑے اور میاں بڑے کہا کرتے تھے۔ ان عبارتوں سے ظاہر ہے کہ اس رسالہ کے مولف حضرت سید اکبر حسینی کے بھی فیض یافتہ تھے اور ان کے زمانۂ حیات میں اونہوں نے یہ رسالہ قلمبند کیا۔ چونکہ اون کی وفات اون کے والد کے زندگی میں واقع ہوئی اس لئے یہ رسالہ ضرور حضرت مخدوم بندہ نواز کے نظر سے بھی گزرا ہوگا چونکہ اون کا تصنیف کردہ رسالہ جس کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں مجھے نہیں ملا اس لئے اس مجموعہ میں اس "رسالہ اذکار چشتیہ" کو شریک کر دینا مناسب معلوم ہوا۔

(۱۰) شرح بیت حضرت امیر خسرو دہلوی علیہ الرحمتہ

امیر خسرو دہلوی حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی نظام الدین اولیا قدس سرہ کے قدیم ترین مقرب ترین برگزیدہ ترین اور اخص اخوص مرید تھے پیر کے جناب میں جو تقرب اور محرمیت انہیں حاصل تھی کسی مرید کو حاصل نہیں ہوئی۔ راتوں کو ان کے خلوت خاص میں ان کے سوا دوسرا کوئی شخص نہیں جا سکتا تھا۔ حضرت محبوب الٰہی نے انہیں "خواجہ ترک اللہ" کا خطاب دیا تھا خطوط اور تحریرات میں اسی لقب سے مخاطب فرماتے تھے اور گفتگو میں اونہیں عموماً ترک ہی کے لقب سے یاد کیا کرتے اون کو حضرت امیر سے اس قدر محبت تھی کہ اون کو مخاطب فرما کر کبھی کبھی فرماتے "من تو ہمہ تنگ ایم تا عدے کہ "خود تنگ ایم واز تو تنگ میایم" یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ "گر شریعت اجازت دہی تو ہیں وصیت کردمی تا کہ خسرو کو میرے ساتھ میرے قبر میں کیا دفن کریں چونکہ یہ ممکن نہ تھا ان سے وصیت کی کہ خسرو اون کے قریب دفن کئے جائیں حضرت امیر نے فرمایا ہے کہ خواجہ اپنے

خدا کردہ است کہ ہر گاہ کہ در بہشت خرامد بندہ را برابر خود در بہشت بردانشار اللہ تعالیٰ" محبت الٰہی کی آگ خسرو کے سینہ میں اس قدر بھری ہوئی اور شعلہ زن تھی کہ اون کے پیرنے کبھی کبھی فرمایا "حق تعالیٰ مرا بسوز سینہ ترک بخشاید" اللہ اللہ! حضرت محبوب الٰہی کے دل میں خسرو کی محبت اس قدر زیادہ تھی کہ یہ شعر اون کی زبان مبارک سے بے ساختہ نکلا ؎

گر ز بہر ترک ترکم ارہ بر تارک نہند ترک تارگ گیرم الا نگیرم ترک ترک

خلاصہ یہ کہ حضرت امیر خسرو "محبوب الٰہی" کے محبوب تھے۔

خسرو کی ذات آیت من آیات اللہ تھی یا یوں کہئے کہ حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزوں میں ایک معجزہ تھی۔ اس جامعیت کے آدمی امت مرحومہ میں بہت کم پیدا ہوئے۔ علامہ شبلی نے شعر العجم کی دوسری جلد میں خسرو کے ترجمہ میں لکھا ہے:۔ ہندوستان میں چھ سو برس سے آج تک اس درجہ کا جامع کمالات نہیں پیدا ہوا اور سچ پوچھو تو اس قدر مختلف اور گوناگوں اوصاف کے جامع ایران و روم کی خاک نے بھی ہزاروں برس کی مدت میں دو ہی چار پیدا کئے ہوں گے" اون کے تمام کمالات کو بیان کرنا اس مختصر تحریر میں ممکن نہیں ہے صرف شاعری ہی پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اس جامعیت کا شاعر دنیا کی کسی قوم نے نہیں پیدا کیا بڑے بڑے باکمال شاعر جتنے ہوئے انہوں نے شاعری کے صرف ایک یا دو صنف میں کمال حاصل کیا۔ لیکن خسرو شاعری کے ہر صنف میں بلند پایہ رکھتے ہیں۔ قصیدہ میں خاقانی کمال اصفہانی اور ظہیر فاریابی سے بلند تر ہیں۔ مثنوی اور غزل میں نظامی اور سعدی کے ہم پلہ اور ہم رتبہ ہیں۔ رباعی گوئی میں کوئی شاعر اون کے برابر نہیں ہوا در قطعات اور ترجیع بند وغیرہ میں وہ یکتائے روزگار تھے۔ یہ تو فارسی زبان کے کمالات تھے ہندی زبان کی شاعری کو اونہوں نے اس درجہ کمال کو پہنچایا کہ اون کے [illegible] شاعر اون کی گرد تک نہ پہنچ سکا۔ عربی میں اون کے

اشعار بہت کم منقول ہیں لیکن جو موجود ہیں تبنی کے اشعار سے کسی طرح کم پایہ نہیں ہیں
خسرو ہندی اور ایرانی موسیقی کے بھی جامع تھے اور ایسے جامع تھے کہ ایسا باکمال اون
کے بعد آج تک کوئی پیدا نہیں ہوا اور نہ اون سے پہلے کسی کا پتہ چلتا ہے۔

حکیم افضل الدین خاقانی کی کلیات کا جو پہلا قصیدہ ہے اوس کے مطلع کے
دو شعر یہ ہیں۔ یہ قصیدہ ۱۱۶ شعر کا ہے۔ ؎

دلِ من پیرِ تعلیم است و من طفلِ زباندانش — دمِ تسلیم سر عشرہ سرِ زانو دبستانش
نہ ہر زانو دبستان است و ہر دم لوحِ تعلیمش — نہ ہر دریا صدف دارد و ہر نم قطرہ نیسانش

خسرو نے اسی طرز اسی وزن اور اسی ردیف و قافیہ میں ۲۲۴ شعر کا ایک قصیدہ کہہ کر
دیوان غرۃ الکمال میں شریک کیا ہے اس کے مطلع کے دو شعر یہ ہیں۔ ؎

دلم طفل است و پیرِ عشق استادِ زباندانش — سوادِ لوحہ سبق و مسکنت کنجِ دبستانش
نہ ہر پیرے زباندان است و ہر دل طفلِ تعلیمش — نہ ہر خاکے گل انگیز است و ہر فورستہ ریحانش

اس قصیدہ میں ایک معرکۃ الآرا شعر یہ ہے۔ ؎

زدریائے شہادت چون نہنگِ لابر آرد رو
تیمم فرض گردد نوح را در عین طوفانش

یہ شعر اس قدر غامض اور رموز و اسرار حقیقت سے بھرا ہوا ہے کہ متعدد کبار صوفیہ اور عرفا کو اس کی شرحیں لکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی سب سے پہلے حضرت مخدوم سید محمد حسینی گیسو دراز نے شرح لکھی۔ اوسی کے قریب زمانہ میں جونپور کے بادشاہ سلطان ابراہیم شرقی کی درخواست پر حضرت شیخ کبیر مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی نے اس کی شرح لکھ کر بادشاہ کے پاس بھیجی۔ اون کے بعد مولانا باقی صمد المتوفی نے ایک امیر کی فرمائش پر مبسوط شرح لکھی۔ یہ شرح ۱۳۲۹ھ میں مطبع مجتبائی دہلی میں چھپ ہوئی تھی۔ ایک شرح حضرت شیخ محمد گجراتی نے [illegible]

سنے لکھی۔ ان کے علاوہ دو شرحیں اور بھی میری نظر سے گزری ہیں۔ حضرت خواجہ سید محمد حسینی گیسو دراز کی شرح اس مجموعہ میں شریک کی گئی ہے۔ اس کا ایک قدیم قلمی نسخہ مجھ کو حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب کے کتاب خانہ سے ملا جس کی نقل سے کر طبع کی گئی۔ مقابلہ اور تصحیح کے لئے دوسرا نسخہ نہیں ملا اس لئے بعض الفاظ مشکوک رہ گئے۔

(۱۱) برہان العاشقین معروف بہ قصہ چہار برادر و مشہور بہ شکارنامہ

یہ ایک صفحہ کا مختصر مضمون ہے جس میں حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز قدس اللہ سرہ نے حقیقت انسانی کا ابتدائے آفرینش سے انتہائے کار دنیاوی (موت) تک کا خاکہ نہایت غامض مگر بے حد لطیف پیرایہ میں کھینچا ہے۔ صوفیوں میں یہ معما اس قدر مقبول ہوا کہ متعدد اکابر طریقت نے مختصر اور مطول شرحیں لکھیں۔ اس مجموعہ میں اکابر سلف کی چھ شرحیں شریک کی گئی ہیں اور ساتویں شرح ہمارے محترم کرم فرما مولانا حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب نے خاص اس مجموعہ کے لئے لکھ کر دی۔ ہر شرح کی مختصر کیفیت اور اس کے شارح کا مختصر حال ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

شرح اول و دوم برہان العاشقین

قاضی عین القضات ہمدانی کی تمہیدات کی شرح حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز قدس سرہٗ نے لکھی ہے۔ "مصری کندری" نامی ایک بزرگ کے قلم کا نقل کیا ہوا، وس کا ایک نہایت اچھا نسخہ ہمارے محترم دوست نواب معشوق یار جنگ بہادر کے پاس تھا۔ مصری کندری نے اس کو اپنے لئے حیدرآباد میں ۱۳۴۵ھ میں نقل کیا تھا۔ یہ نسخہ کتب خانہ رضیہ میں وقف کر دیا گیا ہے۔ اس کے آخر میں دو نہیں کاتب مصری کندری کے قلم کی لکھی ہوئی یہ دو شرحیں بھی شریک ہیں اور ان کی نقل لی گئی اور اس مجموعہ میں شریک کی گئی۔ پہلی شرح مکمل ہے اور گو مختصر ہے لیکن نہایت وضاحت سے لکھی گئی ہے۔ شارح نے اپنا نام نہیں لکھا ہے۔

بعض قرائن سے گمان ہوتا ہے کہ غالباً مخدوم سید اکبر حسینی (فرزند اکبر حضرت مخدوم گیسو دراز قدس سرہما) کی لکھی ہوئی ہے مگر اس کا اطمینان بخش ثبوت نہیں مل سکا۔ بہرحال شرح کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شارح علیہ الرحمہ عالم جید اور عارف کامل تھے ۸۴۰ھ میں جب اس کی نقل لی گئی تو ظاہر ہے کہ تصنیف بہت پہلے کی ہوگی۔

دوسری شرح ناتمام ہے۔ اگر تمام کی گئی ہوتی تو خوب شرح ہوتی۔ شارح کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

شرح سیوم برہان العاشقین از حضرت شیخ حسن محمد چشتی علیہ الرحمہ

اس شرح کے مولف حضرت شیخ ابو صالح محمد معروف بہ شیخ حسن محمد بن شیخ احمد معروف بہ میانجیو بن شیخ نصیر الدین ثانی بن شیخ مجد الدین بن شیخ سراج الدین بن شیخ کمال الدین علامہ بن شیخ عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہم ہیں۔ شیخ عبد الرحمن حضرت ختم المشائخ خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے والد کے چچا کے فرزند تھے اور شیخ کمال الدین علامہ کی والدہ حضرت ختم المشائخ کی حقیقی ہمشیر تھیں۔ اس لئے حضرت علامہ خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی رقدس سرہما کے حقیقی بھانجے اور چچازاد بھائی تھے۔ وہ حضرت چراغ دہلی کے سابق ترین اور برگزیدہ ترین مرید اور خلیفہ بھی تھے۔ خواجہ بندہ نواز ان کے پیر بھائی تھے اور اون کی صحبت سے ظاہراً و باطناً مستفید ہوئے تھے۔ حضرت علامہ کی رحلت پیر کے زمانہ حیات میں ۲۷ ذی قعدہ ۷۵۶ھ کو دہلی میں ہوئے اور مزار مبارک پیر کے مزار کے احاطہ کے اندر ہے۔ حضرت چراغ دہلی کی رحلت کی تاریخ ۱۸ رمضان ۷۵۷ھ ہے۔ حضرت کمال الدین علامہ کے بڑے فرزند شیخ سراج الدین حضرت چراغ دہلی کے مرید تھے مگر تعلیم و تربیت اور خلافت اپنے والد سے پائی تھی۔ والد نے اون کو گجرات بھیج دیا۔ وہاں سکونت اختیار کی اور وہیں اون کا انتقال ہوا۔ اون کی سجادگی تا حال ۱۲ پشت کی اولاد میں احمد آباد

گجرات میں باقی ہے۔ شیخ حسن محمد چشتی کو خلافت اپنے چچا شیخ جمال الدین حسن سے اون کو اون کے والد شیخ علم الدین سے اور اون کو اون کے والد شیخ سراج الدین بن کمال الدین علامہ سے ملی تھی۔ یہ سلسلہ بہت بابرکت ہوا۔ اس کے متوسلین میں بکثرت درجہ ولایت پر فائز ہوئے۔ حضرت محب النبی مولانا فخر الدین چراغ چشت دہلوی بن مولانا نظام الدین اورنگ آبادی اسی سلسلہ سے وابستہ تھے۔ شیخ حسن محمد چشتی قدس سرہ کی رحلت روز شنبہ بست و ہشتم ذی قعدہ ۹۸۲ھ کو ہوئی مزار مبارک احمد آباد گجرات میں ہے۔

شیخ حسن محمد چشتی کے فرزند اور خلیفہ حضرت شیخ محمد قطب گجرات نے اپنے والد علیہ الرحمہ کے چھوٹے چھوٹے بیالیس رسالوں کا ایک مجموعہ مرتب کیا ہے برہان العاشقین کی یہ شرح اسی مجموعہ سے نقل کی گئی۔ مقابلہ اور تصحیح کے لئے دوسرا نسخہ مجھے نہیں ملا۔

شرح چہارم برہان العاشقین از حضرت میر سید عبدالواحد بلگرامی قدس سرہ

مخدوم سید عبدالواحد بلگرامی بہت بلند مرتبہ عالم اور عارف اور سادات بلگرام کے خاندان کے فرد فرید تھے۔ کم عمری میں حضرت مخدوم صفی الدین سائی پوری سے مرید ہوئے اور چند سال تک اون کے زیر تربیت رہے۔ ابھی صرف اٹھارہ سال کے تھے کہ پیر کا سایہ اون کے سر سے اوٹھ گیا۔ تکمیل باقی تھی اس لئے اپنے والد کے دوست شیخ حسن مکندہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور چند سال تک خدمت گزاری کی۔ بقول میر غلام علی آزاد بلگرامی "تربیت ہائے فراوان یافت" اور تکمیل کے بعد اون سے خلافت حاصل کی۔ سید عبدالواحد بلگرامی صاحب تصنیف بھی ہیں۔ سبع سنابل اون کی نہایت مشہور اور صوفیوں میں نہایت مقبول کتاب ہے [illegible] شرح بھی لکھی ہے۔ چھوٹے چھوٹے رسالے بھی بہت

سے اون کی تصنیف ہیں۔ ان کی رحلت جمعہ سیوم رمضان المبارک ۱۱۷۱ھ میں ہوئی
مزار بلگرام میں ہے۔

میر عبد الواحد بلگرامی قدس سرہ نے برہان العاشقین کی ایک مختصر مگر نہایت واضح شرح لکھی ہے۔ اس کے دو نسخے مجھے ملے۔ ایک علامہ سید عبد الجلیل بلگرامی کے والد سید احمد بن سید عبد اللہ کے قلم کا ۱۰۹۴ھ کا نہایت خوشخط لکھا ہوا۔ دوسرے پر کتابت کی تاریخ درج نہیں ہے مگر ۱۱۰۰ھ کے کچھ ہی بعد کا معلوم ہوتا ہے۔ ان دونوں کے مقابلہ سے تصحیح کی گئی۔

شرح پنجم برہان العاشقین از حضرت میر سید محمد کالپوی رحمۃ اللہ علیہ

میر غلام علی آزاد مآثر الکرام میں لکھتے ہیں "اصل ایشان از سادات ترمذ است" ان کے اجداد میں ایک بزرگ ترمذ سے آکر جالندھر میں سکونت پذیر ہوئے اور حضرت سید محمد کے والد جالندھر سے کالپی چلے آئے۔ حضرت قدس سرہ نے پہلے شیخ یونس محدث سے تلمذ کیا۔ میر غلام علی آزاد لکھتے ہیں "شیخ یونس در حفظ شریعت غرا بسیاری کوشیدند۔ تشرع استاد در مزاج وہاج تاثیر تمام کرد و نور متابعت نبوی سر تا پائے ایشان را فرا گرفت" شیخ یونس کی رحلت کے بعد کچھ دنوں مولانا عمر جاجموی سے تلمذ کیا اوس کے بعد حضرت شیخ جمال اولیا قدس اللہ سرہ کے حلقۂ درس میں داخل ہوئے تحصیل علم سے فراغت حاصل کرنیکے بعد پیر نے سلاسل چشتیہ اور قادریہ اور سہروردیہ اور مداریہ میں خلافت دیکر ان کو رخصت کیا۔ کالپی واپس آئے اور بیا در ب الارباب و تلقین اصحاب مشغول شدند" بعد چندے جالندھر تشریف لے گئے واپسی میں آگرہ میں حضرت امیر ابو العلا اکبر آبادی قدس سرہ سے ملے اور طریقہ نقشبندیہ ابو العلایہ میں خلافت حاصل کی۔ حضرت سید محمد کالپوی رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان کے اولیائے کبار میں بہت بلند مرتبہ رکھتے ہیں میر

غلام علی آزاد بلگرامی مآثر الکرام میں لکھتے ہیں "حضرت سید دلاور اواخر عمر عیسوی الشہد بودہ اند و در مقام قطبیت کبری متمکن۔ و عیسوی الشہد بودن عبارت ازین است کہ چنانچہ احیائے اموات از عیسیٰ علیہ السلام واقع شد احیائے قلوب ازیں شخص واقع میشود" حضرت سید محمد کالپوی کا فیض ابھی تک جاری ہے۔ میر سید عبد الواحد بلگرامی کے پوتے حضرت سید برکت اللہ مارہروی قدس اللہ سرہٗ کو سلاسل چشتیہ قادریہ چشتیہ سہروردیہ مداریہ ابو العلائیہ میں خلافت سید فضل اللہ بن سید احمد بن سید محمد کالپوی قدس سرہم سے ملی تھی۔ اون کے ذریعہ سے ان پانچوں سلاسل کا فیض ہندوستان میں پھیلا حضرت شاہ برکت اللہ قدس سرہ کے خاندان میں سجادگی ابھی تک آرہی ہے اور اس خاندان میں بہت بلند مرتبہ اولیا ہوتے آئے ہیں۔

حضرت سید محمد کالپوی کا وصال بست و ششم شعبان ۱۰۷۱ھ کو ہوا مزار مبارک کالپی میں ہے۔

حضرت سید محمد کالپوی صاحب تصنیف بھی تھے اون کی تصانیف میں برہان العاشقین کی شرح بھی ایک ہے۔ اس کے دو نسخے مجھے ملے۔ ایک نسخہ کانپور میں مولانا محمد عادل قدس سرہٗ کے فرزند مولانا ابو القاسم حبیب الرحمن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے مجھے ملا۔ غدر کے زمانہ میں مولانا محمد عادل صاحب اپنے استاد حضرت شاہ سلامت اللہ صاحب کے ہمراہ کالپی چلے گئے تھے وہاں حضرت سید محمد کالپوی کے آستانہ میں اون کی تصنیفیں دستیاب ہوئیں اور مولانا نے اون کو نقل کرلیا اون میں یہ شرح بھی تھی۔ دوسرا نسخہ مجھ کو ایک تاجر کتب سے حیدرآباد میں ملا۔ ان دونوں کے مقابلہ سے تصحیح کی گئی۔

برہان العاشقین کی جتنی شرحیں لکھی گئیں اون میں سب سے بہتر اور سب سے واضح تر شرح حضرت سید محمد کالپوی کی ہے جسے بلند مرتبہ بزرگ نے خود کیے

ویسی ہی اون کی شرح بھی ہے۔ اس کے دیباچہ میں وہ تحریر فرماتے ہیں کہ ایک دن وہ تنہا تشریف رکھتے تھے کہ دو بزرگ اون کے پاس آئے اور برہان العاشقین کا ایک نسخہ لائے اور کہا کہ یہ معما چونکہ نہایت غامض اور فہم سے باہر ہے اس لئے اس کو وہ "علماء اور فضلا" کے پاس لے گئے اون لوگوں نے دیکھ کر کہا کہ "این کلمات مہمانہ نتیجہ خیالات بے فائدہ ہست معانی ندارد کلام سید محمد گیسو دراز بجواہد بود" اس کے بعد وہ اوس کو "فقرائے صاحب ارشاد و مشائخ پاک اعتقاد" کے پاس لے گئے ان بزرگوں نے دیکھ کر فرمایا "ایں عبارت اسرار عاشقان حق و متان جام معرفت مطلق است وغیر از ایشان کسے را دسترس بر ادراک مقاصد آن نیست" صوفیوں کے سمجھ میں نہیں آیا اونہوں نے اپنے قصور فہم کا صاف صاف اقرار کر دیا۔ مولویوں کے سمجھ میں نہیں آیا بمقتضائے جہل مرکب ان لوگوں نے بلا تکلف اوس کو لغو بے معنی اور مہمل کہہ دیا۔ صوفی اور ظاہر پرست مولوی میں ایک فرق یہ ہے۔ وہ فقرا جب اس معما کو حضرت سید محمد کالپوی کے پاس لے گئے اونہوں نے اوس کو لے لیا اور یہ شرح لکھ دی۔ فرماتے ہیں "پس قلم برگرفتہ و توفیق از حق خواستم و بہ ابتدا در رسیدم فتوح آن بزرگوار (سید محمد حسینی گیسو دراز) شرح کلمات مذکور باین نوع آوردہ است"

شرح ششم برہان العاشقین از مولانا محمد رفیع الدین محدث دہلوی

حضرت مولانا محمد رفیع الدین صاحب حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے فرزند اور حضرت مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے چھوٹے بھائی اور شاگرد تھے قدس اللہ ارواحہم ان کا تمام خاندان بصداق ؎

این خانہ تمام آفتاب است

علم و فضل اور درویشی کا مخزن اور سرچشمہ رہا ہے۔ اس خاندان کا ہر فرد صاحب کمال ہوا۔ حدیث کا علم ہندوستان میں جس قدر پھیلا سب اسی خاندان

وابستہ ہے۔ حضرت مولانا رفیع الدین صاحب بڑے محدث اور مفسر تھے ان کا ترجمہ قرآن مشہور ہے تمام عمر درس و تدریس اور عبادت الٰہی میں بسر کی رحلت ۱۲۳۳ھ میں ہوئی۔ قبر شریف دہلی میں اوس احاطہ میں ہے جہاں اون کے والد اور جد امجد مولانا عبدالرحیم قدس سرہ اور ان کے بھائی اور دوسرے اہل خاندان مدفون ہیں۔

بعض شاگردوں اور دوستوں کی فرمائش پر اونہوں نے برہان العاشقین کی شرح لکھی اور جیسا کہ آخر میں خود تحریر فرمایا ہے اوس کو ۱۳ جمادی الثانی ۱۲۳۰ھ کو ختم کیا۔ نہایت واضح اور مفصل اور عالمانہ شرح ہے۔ چالیس سال سے زیادہ زمانہ گذرا مولانا قدس سرہ کے دوسرے چھوٹے چھوٹے آٹھ رسالوں کے ساتھ یہ شرح بھی مطبع احمدی دہلی میں چھپی تھی اوس سے نقل لی گئی اور اس مجموعہ میں شریک کی گئی

شرح ہفتم برہان العاشقین از مولانا حکیم مرزا قاسم علیبیگ صاحب حیدرآبادی دام فیضہم

مولانا حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب حیدرآباد کے باشندہ ہیں بیگم بازار میں اون کی سکونت ہے۔ سررشتہ مالگذاری میں ملازم تھے چند سال ہوئے کہ وظیفہ لے لیا اور اب خانہ نشین ہیں۔ وہ عالم متبحر ہیں۔ فلسفہ اور حکمت اشراق اور طب میں بہت بلند درجہ رکھتے ہیں۔ قدیم علم کیمیا میں بھی اون کی نظر نہایت وسیع ہے۔ ان سب کے علاوہ فارسی زبان کے بہت بڑے ادیب اور بے مثل نثار ہیں علم و فضل سے چونکہ اون میں بدرجہ کمال استغنائیت پیدا کردی ہے اس لئے وہ نام و نمود سے بہت نفور رہا کرتے ہیں اور اپنا تمام وقت گوشہ تنہائی میں علمی مشاغل اور یاد الٰہی میں مصروف رکھتے ہیں۔ نظم و نثر میں چند مثنویاں رسالے اور مضامین لکھے ہیں چونکہ نام و نمود سے اونہیں نفرت ہے اس لئے ان کو طبع کرانے اور شائع کرنے کا خیال تک نہیں کرتے۔ کاش یہ مثنویاں اور رسالے اور مضامین شائع ہوجاتے تو معلوم ہوتا کہ ہمارے ملک میں باقیات الصالحات اب بھی ایسے ایسے باکمال افراد

موجود ہیں۔ برہان العاشقین کی اون کی یہ شرح غالباً اون کی پہلی تحریر ہے جو اس مجموعہ میں شریک ہوکر شائع ہو رہی ہے۔

اس مجموعہ کے اکثر رسالے بھی مجھے انہیں بزرگوار کے کتب خانہ سے ملے وہ چاہتے تھے کہ یہ سب ایک مجموعہ کے طور پر طبع ہو جائیں۔ وقت جب مساعد ہوا اور اون کی طباعت شروع ہوئی اور انہیں معلوم ہوا کہ میں نے اوس کی چھ شرحیں جمع کر لی ہیں اور ابھی ایک کی تلاش باقی ہے تاکہ سات کے عدد پورے ہو جائیں اونہوں نے خود ایک شرح لکھ کر مجھے دینے پر آمادگی ظاہر کی اور لکھ کر دیدی۔ یہ شرح اونہوں نے فلسفہ اور حکمت اشراق کے اصول پر لکھی ہے۔ صوفیانہ مشرب بھی ان اصول کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ اور کوئی شک نہیں کہ اس طرز میں یہ شرح لاجواب ہے۔ برہان العاشقین کے ہر جملہ کی پوری طرح وضاحت کی گئی ہے۔ ناظرین کرام اس شرح سے اون کے علم و فضل اور فارسی نثر نگاری اور نظم گوئی کے بلند پایگی کا اندازہ کر سکیں گے۔ حق سبحانہ تعالیٰ صحت و عافیت کے ساتھ اون کی عمر میں بہت برکت دے۔

قوم کو ہمارے نہایت محترم عنایت فرما **نواب غوث یار جنگ بہادر** دام اقبالہم کا ممنون ہونا چاہیئے کہ اون کی توجہ اور حسن انتظام کے بدولت یہ **مجموعہ رسایل** طبع ہوئے اور اہل ذوق کے لئے شائع کئے جا رہے ہیں۔ نواب صاحب ممدوح صوبہ گلبرگہ شریف کے صوبہ دار ہیں اور دونوں روضوں کا انتظام بھی اونہیں کے سپرد ہے۔ علاوہ بہت سے دوسرے مفید کاموں کے جن کی صراحت کا یہاں موقع نہیں ہے ایک کام یہ بھی انہوں نے کیا ہے کہ روضتین سے متعلق ایک کتب خانہ قائم کر دیا ہے اور جس قدر ممکن ہو سکا یہ انتظام بھی کر دیا ہے کہ اس کتبخانہ کی کتابیں ناجائز تصرف اور دست برد زمانہ سے محفوظ رہیں۔ اون کی کوشش یہ بھی ہے کہ حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز اور اون کے فرزندوں کی تصنیف کردہ کتابیں

جلد جلد طبع اور شائع کر دی جائیں چنانچہ دو کتابیں **ترجمہ آداب المریدین** اور **حظائر القدس** طبع اور شائع ہو چکی ہیں اور اب ان کے حسن انتظام اور توجہ سے **مجموعہ رسایل** طبع ہو کر شائع ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے اور ان کی عمر و اقبال میں بہت برکت دے۔

کتب خانہ روضتین کے مہتمم اعزازی اور اس کی کمیٹی رکن اور سکرٹری ہمارے نہایت فاضل اور برگزیدہ صفات کرم فرما مولانا حافظ قاری **محمد حامد صاحب صدیقی** ہیں وہ بھی شکریہ کے مستحق ہیں کہ ان کی تحریک پر کمیٹی نے اس مجموعہ کے طباعت کی منظوری دی اور جناب نواب غوث یار جنگ بہادر نے طباعت کے رقم کا انتظام فرمایا۔

ان رسالوں کو میں نے بہت تلاش اور جستجو سے حاصل کیا تھا جناب نواب غوث یار جنگ بہادر اور مولانا حافظ محمد حامد صدیقی صاحب نے اس کی طباعت میرے متعلق کی اور خداوند تبارک و تعالیٰ عز اسمہ نے اس سعادت سے مجھے مشرف فرمایا۔ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

الفقیر المذنب
سید عطا حسین

نگم پلی۔ حیدرآباد دکن
۲۰ ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ

تفسیر سورهٔ فاتحه شریف

از تصنیفات

حضرت قطب الاقطاب کاشف غوامض الٰہی عارف معارف نامتناہی

سید محمد حسینی گیسو دراز

قدس اللہ سرہ العزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ بنام حضرت حقیقت الحقائق کہ مستحق عبادت وجامع جمیع قابلیات وکمالات اسمائی وصفاتی اوست بیان بکنیم اسرار قرآنی ولطائف فرقانی راکہ قوام عالم وعالمیان بدوست **الرحمن الرحیم** آنکہ فیضان وجود ومظہریت وبقائے آن بامداد تجلیات ازانعام اوست۔

الحمد جمیع ثنا وستایش کہ ازازل تا ابد بہمہ موجودات وجملہ کائنات منسوب شدہ ومیشود وخواہد شد للہ مرذاتے راست کہ مستجمع جمیع صفات وسمیٰ است بجمیع اسما زیراکہ ہمہ موجودات چون مظاہر اسمائے الٰہی باشند پس ہر ثنائے کہ بہ اینہا نسبت یابد ہمہ آن بحقیقت بغیر تاویل مرخدائے رابا شد کہ غیر او در وجود نیست وسوائے او در نمود نہ **رب العالمین** ظاہر کنندۂ خود را بلباس تمثلات وتعینات کہ عالم اعیان وعالم اجسام کنایت ازواست ومحبوب ومحب اشارت بدواست پس اوست کہ اوست وجز او نکوست **ومن یدع مع اللہ الٰہا آخر لا برہان لہ** باین ہمہ [illegible]

شئٍ علیہٗ بیت

عشق است وبس کہ در دو جہاں جلوہ میکند
گاہ از لباس شاہ گہ از کسوت گدا

اَلرَّحْمٰنِ بخشندۂ وجود بار دیگر بہ تجلی شہودی ملکوتی کہ متضمن بقا باللہ است بعد از فنائے وجود متوہم چنانچہ حضرت حق سبحانہ ازیں تجلی خبر داد بقولہ الکریم وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ اَلرَّحِيمِ بخشایندۂ فیض دیگر بمشاہدۂ انوار معانی وکشف حقایق ربانی بدیدۂ باطن بتجلی جبروتی کہ اذا تم الفقر فہو اللہ رمزے از واست وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْأَرْضِ اشارت بدو است واین مشاہدۂ ایست کہ در تنزل وقت او دوام شہود است وریب وشک در اینجا مفقود است وغیر وغیریت پیش دیدۂ سالک نہ وجود است بخلاف تجلی اول کہ ہر چند در آن وقت مشاہدۂ جمال ذی الجلال شامل حال است اما بعد غروب آفتاب شہود وقتے نوعے از تیرگی ریب و شک از افق دل سالک ظاہر میگردد مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ متعرف در روز جزا و جزا عبارت است از وقت فنائے سالک وبیخودی او از عالم کثرت یعنی در وقتے کہ سالک را بفنائے اول فانی گرداند بمقتضائے يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وجود کونی او را جلوہ گاہ خود سازد ہستی او را بہ تیغ وَبَسَطْتَ فِي اللّٰهِ بِهٖ وَازْدَرَاكَ سراپردۂ عزت ندائے لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ در دہد پس سالک کہ شربت اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ باطل چشیدہ وقتے جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ در پیش

اَلْقَهَّارُ۔ یا متصرف در روز جزا یعنی در وقت فنا گاہے بقا با اللہ عطا فرماید کہ
لی مع اللہ وقت ازاں عبارت است دگاہ در تنزل آوردہ بفنا سے دوام
شہود مستغنی گرداند۔ یا متصرف در روز جزا باین معنی کہ آن مشاہدہ وقتی را بر بعضے
بتجلی موہبت فرماید و بعضے را زیادہ بر آن تا آنکہ فرقہ را بتواصل و توالی این
وقت در جذبہ بدارد و مسلوب العقل گرداند کہ الا ان اولیاء اللہ لا یموتون
ازاں مشعر است۔ یا جزا دہندہ در روز جزا یعنی در وقت فنا بعضے را بقاے
ملکوتی عنایت کند آن ہم بحسب تفاوت درجات سالک است کہ گاہے
جلوہ وحدت بر اشیا بیند تا گوید ما رایت شیئا الا رایت اللہ قبلہ وگاہے
تجلی بر تعین دے واقع شود تا قایل انا اللہ و انا الحق گردد و غیر ہما و بعضے را در
آن وقت بقاے جبروتی عطا شود و آن نیز بطریق مختلفہ متحقق میگردد تا وقتے
سالک بجائے رسد کہ گوید من عرف نفسہ فقد عرف ربہ وگاہے
مقامے طے نماید کہ گوید عرفت ربی بربی الی غیر ہما و بعضے را بقاے لاہوتی موہبت
کند و در مقام حیرت بدارد گوید رب زدنی تحیرا و چون سالک خلعت
بقا باللہ و لباس معشوقی در بر کرد و غیر جنی از پیش دیدۂ دے برفت و دوری
او بحضوری مبدل گشت از حضیض غیبت بذروۂ خطاب بر آمد و گفت۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ ترا می پرستیم و بس یعنی ہر خدمتے و عبادتے کہ از
ما در وجود آید ہر چند کہ ظاہرا بدیگرے منسوب بود اما فی الحقیقت مر ترا است
کہ غیر ترا وجود نیست چنانچہ شیخ عراقی فرماید ہر کرا دوست داری ارادت
دشتہ باشی و بہر چہ روے آرزو بینی یاد آورد باشی اگرچہ ہوائی باشد

[illegible]

جز ترا چون دوست نتوان داشتن دوستی دیگران بر روے تست

وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وخاص از تو یاری میخواہیم ما در اثبات یگانگی تو کہ دران شائبہ شرک جلی وخفی بنا شد۔ شرک جلی آن بود کہ نام غیر بر زبان رانیم وعالم را ماسوائے وے خوانیم وخفی آنکہ خطرۂ غیر در دل گذاریم وتاثیرات را از اشیاء دانیم واز موثر حقیقی غافل مانیم۔ مناسب این معنی منقول است کہ چون مرغ روح سلطان العارفین شیخ بایزید بسطامی از قفس عالم فانی طیران نمودہ در ریاض قدس جا گرفت ندا آمد کہ بایزید ما را چہ تحفہ آوردی جواب داد کہ خداوندا تحفۂ سزاوار درگاہ تو نیاوردہ ام اما شرک نیاوردہ ام خطاب آمد لا لیلۃ اللبن نہ چنین است کہ تو میگوئی یاد کن آن شب را کہ شیر خوردہ بودی وشکمت درد گرفتہ بود وآن درد را نسبت بہ شیر کردی۔ ہیہات ہیہات چہ توان کرد۔ بیت

از درِ خویش مرا بر درِ غیر مبر باز گوئی کہ چرا بر درِ غیرے گذری
کجا غیر کو غیر کو نقش غیر سوی اللہ واللہ ما فی الوجود

بزرگے فرماید التصوف شرک لانہ صیانت القلب عن الغیر ولا غیر وانچہ تو او را غیر خوانی وغیر دانی ظہور او ونور او است۔ محققے گوید۔ بیت

یک عین متفق کہ جز او ذرہ نبود چون گشت ظاہر این ہمہ اغیار آمد

اللہم انی اعوذ بک منک پناہ میطلبم بتو از تو ہوش دار کہ جہان غیر نما است غیر است جز این حرف دیگر چیز نیست۔ بیت

رہنمایم باش و دیوانم بشوے واز درِ عالم تخیلم جانم بشوے

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ بنمائے ما را راہ راست راہنما راہ راست کدام است اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ یعنی جملہ مثابرت دلی وجملہ مظہر ہموار است واو است کہ باسم ہادی وفضل ناصر او متصرف حقیقی است

درجمیع مظاہر پس بنمائے ما راکہ فاعل حقیقی یکے بیش نیست غیر او ہیچ یکدیگرے
در فعل نہ وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ بیان ایں مراست۔ بیت

ہیچ جا نیست کہ عکس رخ او پیدا نیست جرم آئینہ بود گر نبود عکس پذیر

استغفر اللہ استغفر اللہ واتوب الیہ امنت باللہ ایمان آوردم بتحقیقے مطلق
وبذاتے منزہ از لوث کثرت کہ باوجود تعینات وتقیدات الان کما کان برصرافت
اطلاق بحال خود است کہ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ صفت او است و
بملئکتہ وکتبہ ورسلہ ونیز ایمان آوردم کہ تعینات وتکثرات صور ومظاہر
او است واوست کہ باین لباس متلبس شدہ وتجلی فرمودہ وغیر او عدم محض
است وجودے ونمودے ندارد ھو ھو لیس سواہ تو نیکو دریاب۔ بیت

اندر آئینۂ جہاں بنگر تا ببینی ہمیں زمان روشن
کہ ہمہ اوست ہر چہ ہست یقین جان وجانان ودلبر ودل دیں

یا بنمائے ما راہ راست کہ آن استقامت برجادۂ شریعت است
باوجود طوفان دوام مشاہدہ زہے حیرت وحیرانی ابروے تو قبلۂ من بود من گشتہ
سجدہ کجا کنم پس چون در مظاہر جلالیہ وجمالیہ بغیر از وحدت منظور نظر سالک نباشد
رعایت شریعت وحفظ مرتبہ در غایت صعوبت است ونہایت پہلوانی چہ قبل
ازیں شہود سالک را اشیا حجاب حق بود وبعد ایں وقت حق حجاب اشیا شدہ
است ہیہات ہیہات چہ توان کرد۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْہِمْ راہ آنانکہ انعام کردہ
[illegible] رعایت شریعت در جمیع احوال باشریف وارادت
[illegible]

لاواحراالله واجتنابا لنواهیه رعایت جمیع احکام شریعت از فرائض و واجبات
وآداب علی وجه الکمال می نمایند ومغلوب الحال نمیگردند ونخواسته کلموا
الناس علی قدر عقولهم همواره خلق را رهنمونی میکنند چه ایشان کسانند
ندار وایشان را اصحا گویند وهذا هو کمال التمکین ورتبت النبوت۔
غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ نه راه آنکسان که بدوام تجلی جلالی که هر
آئینه زایل کنندهٔ عقل وخارق هستی ایشان است مجذوب داشته واز خطوظ
تمکین وفوائد آن محروم ساخته چه این سالک هرچند غنی است اما از دواے
زکوة که ایصال منافع است بطالبان منتفی است۔ **وَلَا الضَّالِّينَ**
ونه راه گمراهان که غنای وقتی دامن گیر ایشان شده از طلب ترقی باز داشته
است ومتکلم به این بیت ساخته۔ **بیت**

نه انتظار لقایش بود چنین مهجور ... که در مقابل چشم همیشه صورت اوست

هیهات هیهات منازل طریق الوصول لاتنقطع ابدا
الابدین۔ **بیت**

چشم آخر بین دارد نه سعدی راسخن پایان ... بمیرد تشنه مستسقی ودریا همچنان باقی

شعر

شربت الحب کاسا بعد کاس ... فبانفد الشراب وما رویت

بیت

هزار ساغر دریا اگر بیاد کشم ... هنوز همت والا طلب کند باقی

اهیان چنین بادیه بحرمت الله

کتاب مستطاب

مت استقا الشریعت بطریق تحقیق

تصنیف

حضرت سلطان العارفین امام الواصلین

سید محمد حسینی گیسو دراز خواجہ بندہ نواز

قدس اللہ سرہ العزیز

بسم الله الرحمن الرحيم

من الله العنایت وبه نستعین

الحمد الله المتجلی علی المطیع والعاصی القریب من الدانی والقاصی الواحد لابحساب الثالث والثانی الظاهر علی الثانی والباطن علی الدانی لیس ظهوره خلاف بطونه ولا بطونه ضد ظهوره حضوره غیبه غیبه حضوره ظهوره بطونه بطونه ظهوره وجوده شهوده کونه وجوده اللهم انت انت لست انت الا انت والمدح بالاطراء والصلوة والثناء بالربا والنما علی محمد المصطفی المختص المجتبی بالقرب والدنی الذی ربه تعالی عنده حتی فکان قاب قوسین او ادنی وعلی اله اهل الزهد والتقی وصحبه منازلة الظلام ومصابیح الدجی وعترته الذین طهرهم الله تطهیرا۔

بعد دریں زمانہ کہ تاریخ ہجرت بہ مقصد نود و دو رسیدہ اندیشہ کرد کہ

بمقصد ترتیب نصر عرشہ آیات دسمن و بیانات دفتن و مصائب و ترانی فی الیاد

[illegible]

کذب مالامال نیابی دست موزہ مقالت اہل تحقیق ساختہ درگمراہی قدمے
ثابت واستوار پیمودہ نعوذ باللہ من شرور زماننا واہل زماننا نعوذ باللہ من شرور
انفسنا ومن سیئات اعمالنا ہرچہ بیشتر نظارہ شود دیدہ آید کم جانے است
کہ درکمین نیست وکم دلیست کہ درغمین نیست گفتن سلوک راحیا منع کند کدام
طالب داد شریعت دادتا تو سخن از زہاد وعباد یا رمزے از اہل حب وداد
درتمہید بیان اری وچیزے برائے اثبات واسناد آن اشارتے کنی ذہب
العلم واھلہ تحفہ دیگر کہ نطفۂ وجود انسان درصلب پدر ہنوز برنبستہ است و
رحمش ہنوز نیافریدہ اند تا کہ جمع شود وتا کہ ضم گردد وتا کہ میل برخروج کند ورحم تا کہ
خلقت وقابلیت او ان جذب نطفہ باید الی ان یبلغ المرء حد الاربعین
ازین جہان تحمل شعورے نقد وقت او گردد حکایتہائے صرف شنیدۂ ودرکتب
اہل تحقیق دیدۂ یعلم اللہ شنیدۂ فہم نکردۂ ودیدۂ ندانستہ بیانے درمعارف وحقائق
کہ ازجملہ بیانہا باریک تر ونازک تر است زبان دراز کردۂ اللہ اللہ تو بہتر دانی
جزا باحت والحاد وبقبقہ وزندقہ نیست خواستم سخنے چند دراتصاف صفات وتعزز ذات
اشارتے کنم بتحمل خلان وفا واخوان صفا را وہم صدقے گمان حقے درمقال
آن ملاحدہ زدودہ احتمال این حضرت کہ بنزاہت شہرت دارد کدورت بدعت
واغبرار انحراف ہوا را احتمال کند این حکایت را برشرح اثبات کنم اینہا
اقتدا بدان کنند چہ گفتہ اند ابدع سنی دین خلیلہ وہمران رہبر است برہ
وطریق بلوغ بمنزل نمودن از شروط موافقت ہست وقت شمند ونیز حمیت دین
این اقتضا کرد کہ روا نباشد آنچہ حق است فراموش نمودہ وہیچ اہل
وہیچ اہلے را روا ندارم کہ بضلال وغوایت شہرت [illegible]
کہ مردان حقند وحقیقت کار تحقیق ارند وظلم این را [illegible]

بطریق الحقیقت باشد تا اسم با مسمی برابر ایستد و باللہ التوفیق۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ومنہ استعانتہ قال اللہ تعالیٰ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للہ تعالیٰ تسعۃ وتسعین اسمًا مائۃ غیر واحدۃ بعضی گفتہ اند اسم عین مسمی است ونزدیک بعضی غیر مسمی فریقین طرف اعتباری را متعلق اند مثلاً زید کہ نام شخصے است اگر کوئی زید عین آن شخص نیست درست باشد اگر گوئی زید آمد و زید رفت ہمان عین مراد باشد پس زید عین آن شخص آید و نشاید ہر اسمے صفتے بود او تعالیٰ کہ بصفت الہیت است نام اللہ شد رحمت صفت است رحمٰن نام کردند وقس علیہ الصفات الباقیات و صفات را بعضی گویند عین ذات ونفی صفات کنند یعنی ظہور رحمت از آن ذات شد رحیم خواندند قہر ظہر گشت قہار گفتند این قائل صفات را اضافی گوید اثبات نفی صفت حیات ونفی علم بروے وشوار آید الا بتکلفے وتحلے کند و قومے غیر ذات گویند حیات ووجود را غیر گفتن مشکل تر باشد و نیز قدیمات ثابت شود و دیگران نہ عین و نہ غیر گویند و قومے گویند کہ بعضے صفات عین ذات است چنانچہ وجود حیات وبقا وبعضے غیر ذات چنانچہ خلق ورزق واحیا وامثالہا باختلاف المحل بطریق فیہ وہو الحق الحق والتشبث وانطباق آیات صفات بعضی ہفت گویند وبعضی چہار حیات ووجود وعلم وقدرت یا کلمن شرق کہ شیخ متکلمان است بود وجود واستوا را نیز اثبات کند چنانچہ حقیقی دیدہ بمعنی قدرت وکذلک الوجہ بمعنی ذات والاستواء بمعنی استیلا [illegible]

نہ آن چنان باشد لیکن ہمچنان نماید جبرئیلؑ در حضرت مصطفی علیہما السلام بصورت وحیہ کلبی آمدے نہ آنست کہ وحیہ کلبی صورت جبرئیلؑ داشت یا جبرئیل بصورت وحیہ شد اما آنچنان نمودے واگر ذات را گویند کہ دست دارد ہمچو دستے مجوے مجوے کہ او را عصبے وعظمے واورا لحمے ودمے وامنویہ وبسطے وقبضے بود صد ہزار انکار ما ہمہ استعاذت واستکبار کنیم وآنکہ گوید کہ قاضی عین القضاۃ ہمدانی لمس و شم وذوق را نیز اثبات کردہ است گوئیم اگر مرادش اینست کہ طعامے شیرین بخوری ومضغ وکسر وبلع لذتے حلاوتے کام را احساس شود فاللہ الکبیر المتعال عن ہذہ المقال واگر از معیت وقربت اشارتے کند وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنتُمْ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ وَلَكِنْ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ گوید ہر ذرہ کہ از ذرات وجود است او تعالیٰ بآن ذرہ است واگر گوئی کہ بعلم وقدرت است علم وقدرت صفات ذات است وصفات ذات غیر ذات نیست عود ہو بر ذات باشد سخن وی از نفس متکلم کند وجز این ہر معنی کہ گوئی تاویلے وتحیلے انگیزی۔

چوں این دانستی اکنون بدانکہ جزوے کہ حاستہ لمس است یا ذوق یا شم او تعالیٰ یا آن جزو است اگر او بان جزو نباشد آن جزو نباشد ولذتے ملائم ومولم کہ آن جزو احساس میکند نکند چہ حیات وقیام آن جزو بدوست بحانہ پس آن اجزاء را تجزیہ کن الی الاجزاء الغیر المتجزیۃ آن جزو لایتجزی کہ احساس ملذوذ ومشموم وملموس ومذوق میکند بدوست فعلی ہذا این آید کہ این لمس واین ذوق و این احساس آن جزو نکردہ بلکہ ہمان کہ این جزو بدو قایم است حی ومتحرک ودر وجود است آن یا نعمت بہ بین تقدیر وبیان نعمت لمس ونعمت شم وذوق ودراک شدہ بواسطہ وترجمان واگر ضجہ نے دردی وجانے حصہ ت لمی دواہا حت رانش

بند دو گوید کہ چون واجد لذ و ذ و ملموس و مشموم او باشد چہ حلال و چہ حرام ہمہ را قیام در یک سلک نظام شود گوئیم نعوذ باللہ من شر الشیطان و من شر ہذا الطان اشکالے کہ در قضا و قدر روے نمودہ بود ہمان وجہ این طرف روشن تر دیدہ شد قدری و سنی و اشعری و جبری گوید وَإِنَّ اللہَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ خود تقدیر کرد و قضا راند بلکہ افعال و حرکات را خود آفرید و آنگاہ بران عذاب کند جواب این سوال و حل این اشکال بر نفوس رجال بر مثال جبال ثقال افتاد بلکہ در محل محال ایستاد ہر چند مجال مقال طویل الطول و عریض العرض است لکن فیما نحن بصدادہ آدمی دہان بستہ و زبانش خشک تر ماندہ بلکہ بنعت خرس و کلال ناطق است تا آنکہ صاحب شرع گوید اذا ذکر القدر فامسکتوا یعنی باین ہمہ کہ خود آفریدہ و خود کردہ بران عذاب کند ظلم نباشد و شما برین سر واقف نہ اید ہر آئینہ یا بر جبر اعتقاد کنید یا قدر و ہر دو وبال بر و بال و نکال بر نکال است **محمد یوسف** حسینی کہ کمترین مسترشدان و واپسترین متلمذان شیخ الاسلام نصیر الدین محمود اودہی است رحمۃ اللہ علیہ این مستورہ را از حجرہ استتار در صحن اظہار کردہ حجاب قناع از سر عروس سر بر آورد و ہر چند کہ فحول علماے باللہ را ہر معنی بکر در تحت بیان و تصرف عیان ایشان است اما ازین سر افراز خود کامہ جگر ہا خون گشت دستبردے میسر نشد و البتہ بر آن قادر نگشتند اگر مردی بگوش دل اصغا کن و ہم تا ہمہ جان و ہمہ بصر و ہمہ فواد نباشی بدین مخدرہ نتوانی برد و این سخن نا نتوانی شنید و جمال این جمیلہ ذی العز و الحیا را نتوانی دید۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و باللہ التوفیق خداوند جل و علی عناصر اربعہ را از کتم عدم بشہر وجود آورد لاعن مادۃ و مثال حکماء فلاسفہ کہ ما ایشان را ابالسہ نامیم ہیولی را قدیم و صورت را حادث میگویند اگر این چنین نباشد تعددے و اثنیتے

روے نماید۔ دَورے و تسلسلے پیش آید محققان گویند اللہ مصدر الموجودات ای
مبدأ و مرجعہا لامشاحۃ فی الالفاظ برائے دفع استحالت اور اگویند ہمیں ہیولی انکار
فحسب میگو اذا اراد اللہ شیئاً أن یقول لہ کن فیکون کن را ہیولی
تصور کن و تقدیم دان فیکون را صورت تصور کن و حادث بشناس الغرض چہار
طبیعت را ضد یکدیگر گردانید باز جنبہا بنسبتے خاص خود پیدا آورد و تا میان ایشان
ازدواج و امتزاج طبعی حاصل آید و خود امتزاج و ازدواج دادآتش را گرم خشک کرد خاک
را سرد خشک بہ نسبت خشکی خاک را با آتش بنسبتے شد آب سرد تر است بہ نسبت
سردی آب را با خاک مناسبتے پدید آمد آب را سرد تر ساخت ہوا را گرم تر
ساخت بہ نسبت تری ہوا بہ آب نسبت یافت و بہ نسبت گرمی بہ آتش چون
میان ایشان ازدواج و التیام خواست نتائج ظاہر کرد مردم عناصر را امہات نام
کردند و نتائج را موالید و یکے از ان مولودات آدم است علیہ السلام مرکب
از صفرا کہ نسبت بہ آتش دارد و سودا کہ نسبت بخاک بردو بلغم مناسبت آبست
و خون ہمچو ہوا است۔ آدمی را بردو صفت ساخت موحد و مشرک مشرک را
بیافرید و شرک مشرک را بیافرید و بودن او در شرک آفرید و ثبوت مشرک را
بر شرک الی ان یتم امرہ علیہ اجزاء مائی و ارضی و ناری و ہوائی کہ با او بودہ است
تفرقہ شد میل بکل خویش بردباز آن اجزاء متعلقہ متشخصہ در آن نفس معین کہ صفت
تعین گرفتہ بود باز جمع آورد چہ در ترکب صفتے گرفتہ بود غیر آن کہ من قبلہ بود باز گشت
او بکل خود میسر نباشد کہ بہ نسبتے غیر او گشت جز از طرفے کہ رفتہ بود باز گشتے دیگر نماند
کہ او را ہم با او نسبت است پس بعث کردہم با آن شرک و این خلقتے دیگر است
با آن شرک کما تعیشون تموتون و کما تموتون تبعثون دوزخ را او
آفرید و آنچہ مولمات و موذیات است او آفرید آتش را آفریدہ و صفت

بفراغ دل زمانے نظرے بخوبروئے ✤ بہ ازاں کہ چتر شاہی ہمہ عمر ہا بموئے

ترا با صحبت مردماں چہ کار ترا با تعلم چہ نسبت انچہ لابدی دین است وضو و نمازے و بدانچہ ہر نفسے مردم بداں محتاج است بکفایت رسیدہ باقی وقت غرق بیاد خدا باش آں روزے کہ بر تو کسے نیاید و تو روئے کسے نہ بینی و کسے روئے تو نہ بیند بدانکہ ترا معراجست کہ ہم نشیناں حضرت و مقرباں صمدیت ازاں مسرتہا برند۔ رباعی

دل در تگ پو نشد نکوشد کہ نشد ✤ چیز بر تو فرو نشد نکوشد کہ نشد
گفتی کہ بر نج از نکوشد کارت ✤ دیدی کہ نکو نشد نکوشد کہ نشد

ن بر نجم

مردماں بر نقش حمام بامید وصال خیال بازی سیکنند ہرگز بتوالد و تناسل نرسند و در شورستاں کشت می سازند ہرگز برنخواہند خورد و بر آب روان تمنا

می نویسند ہرگز بر معنی مراد آشنا نخواہند گشت تا بد کار عشق می بازند و وفا را چشم داشتہ اند لحظہ ازاں روے نخواہند دید۔ ہیہات ہیہات فہیہات۔ **نظم**

برگذر زیں سرائے غر و فریب ❊ درشکن زیں رباط مردم خوار
کلبۂ کاندرو نخواہی ماند ❊ سال عمرت چہ دہ چہ صد چہ ہزار
لن خرابہ رخت بردار ازیں سرائے گہت ❊ بام سوراخ و بار طوفاں بار
ہر کہ از چوب مرکبے سازد ❊ مرکب آسودہ واں و ماندہ سوار
رہ رہا کردۂ ازانی گم ❊ عزندانستۂ ازانی خوار
دولت آں را مداں کہ دانذت ❊ پیش ابنائے جنس استظہار
تا ترا دولت است یارۂ ❊ در جہان خدائے دولت یار
چوں ترا از تو یاک لبتاند ❊ دولت آں دولتست کار آں کار

آں ساعتے کہ خطرۂ غیر از خدا در دل تو بود خود را مشرک و بت پرست دانی۔

ملک تاج سلیمان خاں زادہ را سلام و دعاے من برسانی و بگوئی شنیدہ ام بعد ہفتہ رو بے چپیدہ در مسجدی آئی و ہجوم مردم و نبال تو مبارکت باد۔

بیت

نہ یک فسوس کہ ہر دم ہزار بار فسوس ❊ نہ یک دریغ کہ ہر دم ہزار بار دریغ

والدۂ خود را دعاے من برسانی و بگوئی بداں چہ فرمودہ ایم ملازمت بکن و پسر خویش را دعا کن الٰہی فرزند ما را بخود مستغرق دارد و دل او را از خطرۂ غیر حق باز آرد۔ مولانا بدر الدین سلیمان دعاے محمد یوسف حسینی مطالعہ کند و اشراق و چاشت تہجد و اوابین و فی زوال ملازمت کند و امید فضل من اللہ باشد۔

والسلام

مکتوب بست پنجم

بجانب قاضی برہان الدین ساوی ایرجی و سید حسن و امیر سلیمان

تقدیم تسلیم۔ از رسوم تعظیم احرار است۔ برادر دینی مولانا برہان الدین ساوی دعاے محمد یوسف حسینی بشرط محبت و اعتقاد مطالعہ کند کلمۂ چند کہ از لمحۂ ذوق عاطل نباشد و نکاتے چند کہ پیرایہ تحقیق عاری نہ زبان وقت املا کرد بضرورت در صحبت اے کتابت افتاد و ہر چند کہ پے شکستہ دوم بریدہ است از جولانی و محالی خالی نیست بحقیقت تواں دانست کہ محبت بر سہ قسمت منقسم می شود محبت عامہ کہ علماے تفسیر و احادیث و استادان فقہ بریں متفق اند کہ محبت با خدا عبارت از امتثال امور باشد آرے عقل ہمیں فرماید و نفس ہمیں فہم بر و بریں استشہاد قول رابعۂ عدویہ و انشاد شعر انست وارد۔ ؎ شعر

تعصی الہ و انت تظہر حبہ ÷ ہذا لعمری فی الفعال بدیع
لو کان حبک صادقا لاطعتہ ÷ ان المحب لمن یحب مطیع

و محبت خاصہ این نیز بر سہ حصہ نصیبہ می شود محبت افعال و محبت صفات و محبت ذات محبت افعال نظارۂ ضایع شود کہ چہ اعجوبہ است وحدوثات است و چہ حسان و ملاح است کہ مصنوعات اند و مفید ہر آئینۂ صانع نباشد مگر چنیں و چنیں کسے بدیں درستی و راستی نشود تا وحدہ لا شریک لہ نعت لازمی او نبود بضرورت میل بشری و طبع انسانی بمحبت او مبتلاے او گردد۔ بیت

ہمہ اظہار و انوار آفریدند ÷ نمودار رخ یار آفریدند

و دیگر محبت صفات کل جمیل من جمال اللہ ان اللہ جمیل یحب الجمال اللہ نور السموات و الارض مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح رہنماے این محبت

کرده است ورہ بری رہ رواں نمودہ است بسیار مجانین عقلا دریں سلسلہ گرفتار
ماندہ اند وازیں قید خلاص ایشاں نشدہ آنکہ ورائے ایں حجب و استار می باز دو
ن کوئی در پردہ خالقی و مخلوقی می نماید چہ گفتنی تمثل و تشکل کردہ است بانعت لطف و جمال
وصفت رحمت و کرم بدیں صورت نمودہ است۔ اللھم الھمنا رشدنا
واھدنا الی سواء السبیل پس کبار رادریں بادیہ رہ افتادہ است بسیار
روندگاں رادریں رہ بلا ناپیدا کردہ اند اباحت و الحاد زندقہ و انحراف یکے از شعب
این طریق است ازیں بلا جز بنایت پیر نجاتے نباشد الکلام طویل والطبیعۃ
عنہ ملول غرض را باشیم۔ سوم محبت اخص خواص است آں محبت ذات مطہر
و مقدس عن کل عیب و نقص باشد این در گفتار و کردار مردم ابرار و اخیار نیست
دربیان مقفل زبان عقل مسلسل و مخلل است لا احصی ثناءً علیک انت کما اثنیت
علی نفسک اشارتے ازیں جملہ نمودہ است العجز عن المعرفۃ معرفۃ رمزے
ہم ازیں حکایت ست ھذا باب۔ مصرع

ترا حکمن چنیں دولت تو از بے دولتی غافل

ہیچ میدانی کہ بچہ می رود ہیہات نیہات پے روئی خدعۂ غول مکن کہ در تیہ
ضلال افتی در شورستان کشت مساز کہ برخوردار نگردی بر روے آب روان
معما منویس کہ وجہ صواب نہ بینی بر نقش حمام بامید توالد و تناسل عشق مباز کہ ہرگز بکعبۂ
وصال نرسی۔ وہم و خیال وطن اصلے مشمر کہ بجسابے بحقیقت راہ نیابی بر رہ گذر سیل
غرقہ برمساز کہ نظارہ بر میل عیوق نشود جام صبوح را در غرقاب نوح میفداز کہ جز
آذر کلہ الغرق مشاہدہ نباشد الغرض کہ مسیرت ہست کہ یک نفسے بر سر ہوسے
رسی زہے کہ توئی ورنہ۔ رباعی

ورچہ کاریدہ و درچہ مصلحتید ✻ ای فرومانگاں نہ مقدار

درجہاں شاہدے و مافارغ ٭ درقدح جرعۂ و ماہشیار

آہ دریغ باشد کہ ازیں جہاں ہدرشوی و نقدے درذیل خفتہ تو برستہ نبود۔ بلکہ صد ہزار دریغ۔ بآں ماند کہ یکے راسودائے تجارت درسر افتاد سرمایہ گم کرد۔ غم درنج میخور دزہے مرد عزیز حمیٰ عاقل ہوشمند کہ اوست۔ غزل

برگذر زیں سرائے غرو فریب ٭ درشکن زیں رباط مردم خوار
کلبۂ کاندرو نخواہی ماند ٭ سال عمرت چہ دہ چہ صد چہ ہزار
رخت برداز ازیں سرائے کہ ہست ٭ بام سوراخ ابر طوفاں بار
رہ رہا کردۂ ازانی گم ٭ عزندانستۂ ازانی خوار
ہرکہ ازچوب مرکبے سازد ٭ مرکب آسودہ واں و ماندہ سوار
دولت آں را مداں کہ دانندت ٭ پیش ازابنائے جنس استظہار
تا ترا دولت ست یار نۂ ٭ درجہانِ خدائے دولت بار
چوں ترا از تو پاک بستانند ٭ دولت آں دولتست کاراں کار

باللہ وابیم اللہ ترا روزگارے درپیش افتد کہ ازہمہ کارہا و کردارہائے خویش پشیماں باشی زینہار ہزار زینہار غافل مباش بے غم منشیں یعنے ترا با خدا چون چہ زیاں باشد اگر درسلوک این راہ ترا زیانے نماید فردا چنگ تو در دامن من زند بامی چہ بگونیں می شود مغرور ٭ ہردو عالم بدو مبادلہ کن
صورت خوب تو نسخۂ اوست ٭ باز خوان و ببیں مقابلہ کن

عجب ترا این سود از یانے کرد کہ شیئے مائی وہمی خیالی رفتنی زائلے وفانی بدہی با خدائے باشی مقابلہ آں خدائے ترا باشد آہ صد ہزار دریغ۔ بیت

نہ یک دریغ کہ ہر دم ہزار بار دریغ
نہ یک فسوس کہ ہر دم ہزار بار فسوس

بیا بیا در آور آہنوز وقت باقی است ترسم کہ روزے پیش افتد ترا کہ
البتہ از پنجۂ ہستی پس آئی و رہا زاست درباں بیکار است ملک معزول است
رہ گذرے عام کردہ اند مسکین تو محروم ماندۂ ارچو کہ مسلمانان البتہ رہ خود گیرند
ن خیورہ واہر مقصود باز نمانند۔ حدیث۔ سید حسن اللہ امورہ وحسن اللہ خورہ ولملک سلیمان
واصحاب دیگر کہ سکنۂ آں ولایت اند از ما تسلیمات وتحیات بسبب اتفاق
واعتقاد مطالبت کنند چند سخن بر مولانا برہان الدین مبرہن ومحقق شدہ است
اگرچہ مخاطب مولانا است اما مقصود ما بر عامۂ مومناں بسیار است کہ بزرگے
را مخاطب سازند وہر کہ ہم سنگ وہم رنگ اوست بدلالت کلام او نیز
داخل باشد وآں کہ خود را بذیل آں بزرگاں بر بندد او نیز نصیبۂ از قسمت
ایشاں بگیرد۔ واللہ اعلم

مکتوب بست وششم

بجانب خواجہ ابراہیم بہروچی

خواجہ ابراہیم سلام مدعائے محمد یوسف حسینی استماع کند ہر کہ تنہا
باشد وتقلیل اکل ومشارب کند بخاصیت این عمل نورے ونارے وصفائے
پیش آید ہر چہ خواب بیند درست باشد وہر چہ در خطرۂ او بگذرد موافق
تقدیر بود این عمل موجب آنست کہ مردم ہر جنس محب ومعتقد گردند این
نوع در طریقت اہل طلب عزتے ندارد ومقصود در اعراض کل وراء است وآں
را جز بصحبت پیر ومرشد نتواں دانست وبجز ارشاد پیر مشفق نتواں بداں جا
رسید اگر آں عزیز را مقصدے کہ اعظم المقاصد است وہمتش بر آں آوردہ کہ
نوعے بداں تواں رسید جز بملازمت صحبت واطاعت وانقیاد شیخ میسر نیاید

ہاں وہاں بیت

دریاب اگر تو عاقلی بشتاب اگر صاحبدلی
باشد کہ نتواں یافتن دیگر چنین ایام را

الوقت عزیز والعمر قصیر والخصلۃ من الجنون ہیچ معلومت ہست کہ از چہ چیز فارغ و غافلی و نمیدانی۔ بیت

در جہاں شاہدے و ما غافل ❊ در قدح جرعۂ و ما ہشیار

باشد کہ آخر العمر ہم ایں دولت ترا دست دہد۔ بیت

بعد ازیں دست ما و دامن یار ❊ پس ازیں گوش ما و حلقۂ یار

زیادہ چہ نویسم خود گفتہ اند اگر دانا کس است یک حرف بس است طاقیہ کہ ملبوس ایں ضعیف است بسبب التماس آں عزیز بدست آرندۂ صحیفہ ارسال شدہ تجدید وضو کند طاقیہ را پیش دارد دست بر طاقیہ نہد و در دل خویش ایں نقش منقش کند کہ پیر حاضر است و من دست بدست پیر نہادہ بیعت میکنم و عہد کردم با خدائے خویش و با پیر و با پیر پیر و با مشائخ طبقات رضوان اللہ علیہم اجمعین کہ چشم نگہدارم و زبان نگہدارم بر جادۂ شرع باشم ہمچنین قبول کردم و طاقیہ بپوشد بعد ازاں برخیزد و دوگانہ بگذارد و بگوید نویت ان اصلی للہ تعالے رکعتین و راعی عما سوی اللہ نیت کند و چوں دوگانہ گذاردہ باشد باید ہا نجا کہ طاقیہ پوشیدہ بود سر بر زمین آرد و بر نیکہ پیر آنجا حاضر است و خوردہ ہا پیش دارد و ہر فقیرے کہ آں خوردہ دہد بسیار رسیدہ باشد این خیال بازی کہ گفتم اگر صفائے تقاضائے بدا حاصل شدہ باشد پیر را بمشاہدہ بیند بعینہ و عینہ تفاوتے نبود و مصلائے کہ بر آں نماز گذارہ ام بر آں عزیز ارسال شدہ است باید کہ فرائض و نوافل تو ہم بر آں ادا شود و اما ایں قدر بدال و ایں بیت ورد حال خود ساز۔ بیت

تا ورنہ زنی بہر چہ داری آتش ؎ ہرگز نشود حقیقت عیش تو خوش

و باید کہ اشراق و چاشت و تہجد و اوابین و ذکر زوال و تمام اوراد شیخ در عمل باشد این خود وظیفۂ ہمہ اطفال است کہ ہنوز دراں مرتبہ نرسیدہ امد کہ ایشاں را طعام بچشانند ہزار بار درود و ہزار بار اخلاص ہر شب بعد از نماز خفتن و سیپارۂ کلام اللہ ہر روز داخل اوراد و وظیفہ است و پنج سورۃ بعد ہر پنج فرایض یگاں سورۃ والسلام۔

مکتوب بست و ہفتم

بجانب شیخ خوجن دولت آبادی

برادر دینی مولانا خوجن دعاے محمد حسینی مطالعہ کند حکایتے از اختیار الدین شامی بذکر شنیدہ ام جوانے را با کنیزک تاجر دل بستگی شد تاجر بحکم غیرت از اختلاط ہیزنی جس کرد جوان مبتلا کہ تیر عشق شگاف دلش را دوخت بود صاحب فراش شد مادر و پدر او ہر دو ستنے کہ از ان اوست تجسس و تفحص حال او مبالغتے کردند طبیب از محل او دلیل مادۂ مرضے از معدہ او نکرد و حکیم از تفرس خویش اشکشافے ندید و مردمے کہ از تسخیر جنے و دیوے و شیطانے ادعاے کند دیوانہ وش استقامت بر حالتے نکردند ہمہ باتفاق گفتند کہ در ظاہر و باطن او موجبے برائے این حالت نیست و این حالت او جز این معلوم نمی شود سینہ گرمے آہے سردے رنجے زردے لبے خشکے چشمے ترے گفتند امرے خارجی را تفحص باید کرد مادرش بدلداری نشستہ او را دلداری دادن لا ورکرد سخناں نرم و تر باو گفت کہ تو ناؤہ منی از کودکی تر ابر آوردہ ام داشتہ ام شستہ ام چناں کہ مادراں با فرزندان کنند ہر خراشے کہ در سینۂ تست با من بگوے تا تدبیر و مرہم آں ریش کنم جواں دل یافت

حدیث حادثۂ دل خویش و قصۂ غصۂ جان برما در فروخواند ما درش گفت سہل کاریست
ایں خود کارش تا جراست بہائیش زیادت تر بہم او ابتو رسانم بپیام اشتر اکر دند بہر
بہائے کہ او راضی شود و المبتہ غیرت دامن گیر او شد از مبایعت ممتنع شد آں
کنیزک نیز بمرض دق افتاد و الغرض بعد چند روز راضی بہ بیع شد خلق و اقارب جوان
بنظارہ جمع آمدند امروز آں کنیزک می آید ایں جوان با او چہ معاملہ کند گرد تخت آں
جواں نکبت مجتمع شدند فجاءۃ بغتۃً یکے گفت آں فلانہ آمد جوان چشم باز کشاد و ن مجتمع
بہر دو دست اشارت کرد بحضار مجلس بدور باش اشارت کرد کہ از اں اشارت این
عبارت تواں کرد کہ خلوا السبیل و طریقی حتی اری جمال وجہ حبیبی بمجردے کہ
نظرش بر طلعت آں کوکب دری افتاد ہر دو دست را بر سم اعتناق کشادہ داشت
ہر کس او را گرفتند بر سینہ اش داشتند او ہر دو دست گرد آورد و بر سینہ کشید
سینہ بسینہ سود ساعتے گذشت معشوقہ را از سینہ اش بر گرفتند آں جواں مبتلا
جاں بجاناں سپردہ بود اکنوں ہیچ اندیشہ می آید آں کہ در سرش طلب تجلی خالق
کل جمیل و ہی باشد کمترین ازیں بود سہیات فہیات۔ بیت

داری سر ما و گر نہ دور از برما ❊ ما دست بشیم تو ندارد سر ما

ما کہ دست علی العموم بیدہم این در حساب کار ما نیست ما مبعوث برائے
ارشاد طلابیم صیاد دام بر اے صید مرغ زیرک فرازیدہ است و ریں میاں
عصفورے و صعوۂ و اشال ایشاں در دام او می افتند او را در ریا نے نیست بلکہ
از نفع ہائے خالی نیست اما مقصود او ہماں مرغ زیرک است۔ بیت

چہ بچونین ہا شوی خرسند ❊ ہر دو عالم بدو مبادلہ کن

آں کہ جاہ مانع تست آں جاہ را در چاہ افگن آں اعتبار را من گیر تست
اعتبار بغبار سپار۔ بیت

دریاب اگر تو عاقلی بشتاب اگر صاحبدلی
باشد کہ نتواں یافتن دیگر چنین ایام را

اے عاقل غافل عقیلہ از قدم وقیقہ بگسل چگویم ترا مگر حرماں زماں تو شدہ است یا ہجراں نصیب جاں تو آمدہ است آخر الزماں است اگر در مشرق ومغرب وجنوب وشمال مرشد را جویاں باشی نیابی درہا بستہ اند شرزک درے کشادہ ماندہ است اگر توانی بجہد جہید اکید بداں در آو اگر نہ روزے باشد دست آویزے وپاگریزے نیابی بر در گرداب لابد منہ ولا سبیل الیہ غرقہ مانی انچہ حق کردار بود اصدار یافت والبانی امالک وعلیک السلام دستارچۂ کہ دست مال مابود وگاہ گاہے تنشیف آب وضو ہم کردہ شدہ برائے آں عزیز ارسال افتاد فرزندم مولانا عبد الرحیم سلام ودعا خواند برائے او طاقیہ ملبوس فرستادہ شد او شرایط پوشیدن طاقیہ میداند ہمچناں بپوشد۔ والسلام

مکتوب بست و ہشتم

بجانب مولانا قطب بدر و یاران دیگر ساکنان گجرات

فرزند دینی قطب بدر و عاے محمد یوسف حسینی مطالعہ کند مصرع

عاقل نہ رہ ستہ الھی بلاہی

ہر چہ جز کار خدا ے ویاد خدا ے باشد ہمہ ملاہی بود بلکہ مناہی چہ گمان می بری ہر چہ ترا از خدا ے باز دارد مناہی باشد یا نہ۔ بیت

چہ بکونین می شوی مغرور ❊ ہر دو عالم بدو مبادلہ کن

ہیہات فہیہات در آب روان معماے منویس کہ معنی روے صواب ترا رخ ننماید پیروی حنظل غول مکن کہ بقیہ ضلال ہلاک شوی در شورستان کشت مساز

فوائد حضرت بندہ نواز

ماخوذ

از

مکتوبات حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اردو

مرتبہ

محمد معشوق حسین خاں سلطانی

فرخندہ بہ نواب معشوق یار جنگ بہادر

زیر برکات عہد عثمانی من جانب کمیٹی کتب خانہ زردختین منورتین

و کمیٹی اشاعت تصانیف عالیہ حضرت خواجہ بندہ نواز ج گلبرگہ شریف

مطبوعہ انتظامی پریس حیدرآباد دکن

إِنَّ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ

فوائد حضرت بندہ نواز

ماخوذ

از

مکتوبات حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اردو

مرتبۂ

محمد معشوق حسین خاں سلطانی

(فرخندہ بہ نواب معشوق یار جنگ بہادر)

از برکاتِ عہد عثمانی منجانب کمیٹی کتب خانہ روضتین منورتین و کمیٹی اشاعت تصانیف عالیہ حضرت خواجہ بندہ نواز روضتین گلبرگہ شریف

مطبوعہ

انتظامی پریس حیدرآباد دکن

عرض مترجم

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز سید محمد حسینی دہلوی ثم گلبرگوی قدس سرہ العزیز کے مکتوبات جو کمیٹی نشر و اشاعت تصنیفات حضرت خواجہ صاحبؒ کے حسن سعی سے ۱۳۹۲ھ میں جناب صوبہ دار صاحب صوبہ گلبرگہ شریف کی سرپرستی میں طبع ہوئے تھے ان کا یہ خلاصہ ہے جو مترجم نے اردو زبان میں پیش کیا ہے اسے خلاصہ اس لئے کہا ہے کہ مکتوبات میں جس قدر تعلیم کا جزو تھا صرف وہی لیا ہے اور دوسری خانگی باتیں ترک کر دی ہیں اور جو تشریح اوراد و وظائف وبیعت غائبانہ اور حضرت کے تبرکات مثلاً طاقیہ و ملبوس مبارک کے پہننے کے آداب وغیرہ ہیں وہ صرف ایک بار درج کی ہیں اور تکرار جو متعدد مکتوبات میں متعدد بار آئی ہے اسے چھوڑ دیا ہے اور بجائے لفظی ترجمے کے مکتوب کے مفہوم کو قابل فہم اردو زبان میں حتی المقدور صحیح ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی ناظرین کرام اس میں کوئی غلطی پائیں تو اصل سے مقابلہ کر کے درست کر لیں اور اس کا ذمہ دار مترجم یا مطبع کو سمجھ کر عفو سے کام لیں ؎

برگ سبز است تحفہ درویش　　چہ کند بے نوا ہمیں دارد

معشوق یار جنگ

ذیقعدہ ۱۳۶۴ھ

تہدیہ

یہ کتاب حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز قدس سرہٗ العزیز کے مزار مبارک کی زیارت کرنے والوں کی خدمت میں ہدیۃً پیش ہے تاکہ پڑھیں اور حضرت خواجہ قدس سرہ العزیز کے فوائد سے فیض حاصل کر کے اس نعمت بے غایت میں سے اپنا حصہ لیں۔

معشوق یار جنگ

ذیقعدہ ۱۳۶۴ھ

عرض حال

منجانب کتب خانۂ غثیین گلبرگہ شریف (درگاہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز سید محمد حسینی قدس سرہٗ)

یہ کتاب "فوائد" نامی خلاصہ ترجمہ ہے حضرت سیدنا قطب الاقطاب خواجہ بندہ نواز گیسو دراز سید محمد حسینی چشتی دہلوی ثم گلبرگوی قدس سرہٗ کے مکتوبات مبارکہ کا۔

حضرات اکابر کے ملفوظات گرامی کو جو اہمیت حاصل ہے اُن سے زیادہ اہمیت مکتوبات کو حاصل ہے۔ اس لئے کہ مکتوبات میں تمام تعلیمات کا لب لباب اور خلاصہ منظم طریقہ سے تحریر کیا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ کتاب حضرت خواجہ بندہ نواز قدس سرہٗ العزیز کی یادگاروں کو تازہ کرنے اور آپ کی تعلیمات مقدسہ کو زندہ کرنے کے لئے ایک نہایت ہی مفید ترین کتاب ہے۔

یہ ترجمہ اور خلاصہ مکتوبات اس قدر بہترین طریقہ سے جناب مترجم نے ترتیب دیا ہے کہ گویا یہ ایک مستقل تصنیف کی ہی حیثیت رکھتا ہے اور نہایت شگفتہ زبان میں گویا کہ اردو کی ایک بے نظیر تصنیف کا اضافہ ہے جس کے لئے ہم لوگ جس قدر بھی مسرت کا اظہار کریں وہ کم ہے۔ ہمارے محترم اور فاضل مترجم عالیجناب نواب معشوق یار جنگ بہادر مدظلہم العالی کی ہستی نہ صرف حیدرآباد دکن بلکہ ہندوستان کی ادبی و علمی دنیا میں کوئی غیر معروف ہستی نہیں ہے۔ آپ نے ہی الرحیق المختوم جیسی بے نظیر کتاب کا نہایت سلیس ترجمہ فرمایا ہے اور آپ نے ہی تمام بزرگان دین کے حالات کو جمع کرکے منصۂ شہود پر پیش کیا ہے۔ ہم موصوف کی اس علمی و مذہبی خدمت پر دلی جذبات تشکر گزاری پیش کرتے ہوئے مقبولیت اور جزائے خیر کی دل سے دعا کرتے ہیں۔

نواب صاحب موصوف کا مدعا یہ تھا کہ یہ کتاب اگر طبع ہو تو کتب خانۂ

روضتین کے موازنہ پر اس کا بار نہ پڑے۔ چنانچہ نواب صاحب موصوف کی نیک نیتی اور حسن توجہ ہی کی بنا پر عالیجناب نواب سر صدر اعظم بہادر با لقابہ نے اپنی اقتداری رقم میں سے ازراہ علم دوستی واشاعت تصانیف عالیہ مبلغ دو ہزار روپیہ کی رقم کثیر کتب خانہ روضتین کو مرحمت فرمائی اور چنانچہ اسی عطیہ گرامی کے ہی ایک حصہ سے کمیٹی کتب خانہ روضتین گلبرگہ شریف کے مشورہ اور عالیجناب نواب سید حبیب محمد صاحب صوبہ دار صوبہ گلبرگہ شریف وصدر نشین مجلس کتب خانہ روضتین کی دلچسپی کے تحت یہ کتاب سراپا فوائد ہی فوائد شائع کرنے کی عزت حاصل کی جارہی ہے۔

اللہ پاک اپنے حبیب پاک کے صدقہ سے اس حکومت ابد مدت کو زیر سایۂ عطوفت پناہ فلک دستگاہ اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی ہمیشہ قائم ودائم رکھے اور اس کو فیوض علمی کو زیادہ سے زیادہ مفید ونافع بنائے۔ آمین۔ اور ہمارے نواب سر صدر اعظم بہادر با لقابہ کو بھی جزائے خیر عطا فرمائے کہ صاحب معزنے ایک نہایت ہی بہترین منفعت بخش سلسلہ کے احیا میں حصہ لے کر ارکان کمیٹی کو ممنونیت کا موقعہ مرحمت فرمایا ہے اس طرح ان جمیع معاونین کرام کا بھی شکر گذار ہوں جو اس کار خیر میں کسی نہ کسی حیثیت سے حصہ لے کر اس بارگاہ معلّٰی کے ادارہ جات علمیہ سے تعاون فرمارہے ہیں فقط ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۶۵ھ

فجزاھم اللہ عنھم احسن الجزاء

محمد حامد صدیقی چشتی قادری

معتمد اعزازی دار العلوم وکتب خانہ

روضتین گلبرگہ شریف

فہرست مضامین

فائدہ	مضمون	صفحہ
۱	حسن خاتمہ کے بیان میں	۱
۲	غم عاقبت و دیدار الٰہی کے بیان میں	۶
۳ و ۴	انوار غلبہ طلب و محبت الٰہی کے بیان میں	۹
۵	غفلت سے بچنے کے بیان میں	۱۶
۶	عقل و عشق و اتباع شریعت و سنت نبوی صلعم کے بیان میں	۱۷
۷	ذکر و معائنہ و مشاہدہ کے بیان میں	۲۴
۸	چند روزہ زندگی کو غنیمت سمجھنے اور بیت نمائیانہ کے بیان میں	۲۶
۹	یاد محبوب اور وقت کی معموری کے بیان میں	۲۹
۱۰	مجاہدہ و ریاضت و تعمیل حکم پیر کے بیان میں	۳۲
۱۱	عشق و وصل و ذکر و قرب کے بیان میں	۳۳
۱۲	معرفت الٰہی کے بیان میں	۳۷
۱۳	محبت الٰہی و حضوری دل و رضا بقضاء کے بیان میں	۳۹
۱۴	فراغت دل سے یاد الٰہی کرنے کے بیان میں	۴۱
۱۵	محبت الٰہی کے بیان میں	۴۲
۱۶	ضرورت صحبت و ارشاد پیر و محبت الٰہی کے بیان میں	۴۴
۱۷	ترک ماسوائے اللہ اور حصول قرب الٰہی کے بیان میں	۴۶
۱۸	محبت الٰہی کے بیان میں	۴۸

۱۹	معرفت ومحبت خدائے عزوجل اور دنیا کی قدر	۵۱
۲۰	ترک سوائے نفس میں	۵۵
۲۱	سلوک و توجہ پیر و تخلیہ و تجلیہ کے بیان میں	۵۵
۲۲	صراط مستقیم پر چلنے اور فراغ دل سے یاد الٰہی کرنے کے بیانمیں	۶۲
۲۳	عمل کرنے اور مشغول بخدا رہنے کے بیان میں	۶۴
۲۴	مواہب الٰہی اور مشغولی اوقات کے بیان میں	۶۶
۲۵	محبت پیر و عشق و محبت کے بیان میں	۶۸
۲۶	دربیان سلوک و خدمت سلطان و متعلقان	۷۱
۲۷	قضائے الٰہی و رضا بقضا کے بیانمیں	۷۲
۲۸	تحریص بر محبت الٰہی و مشاغل مردان و زنان	۷۳
۲۹	محبت الٰہی و قدر وقت و اشتغال بہ اوراد کے بیان میں .	۷۵
۳۰	اتباع سنت نبوی و پیروی پیر و طلب ورد کے بیان میں . .	۷۸
۳۱	محبت الٰہی و اتباع نبوی (صلعم) کے بیان میں	۸۱
۳۲	تزکیہ و مخالفت نفس و توجہ تام کے بیان میں . . .	۸۶
۳۳	نبوت و ولایت کے بیان میں	۸۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فائدہ (۱)

حُسن خاتمہ کے بیان میں

حُسن عاقبت و خاتمہ بالخیر ہونا تمام مہموں میں اہم تر مہم اور تمام مرادوں میں عزیز ترین مراد ہے۔ جس شخص کا جو حال و مقام ہوتا ہے اسی اعتبار سے اس کے خاتمہ کا اچھا ہونا مقصود ہوتا ہے۔ مثلاً عام علماء اگر شرک سے محفوظ اور کفر جلی کے دائرہ سے باہر رہیں اور اسی حال پر ان کا آخری سانس ٹوٹے تو کہا جائے گا کہ ان کا خاتمہ بالخیر ہوا اور جنت کی امید بندھ گئی الحمد للہ الذی اذھب عنا الحزن ان کا ورد ہوگا۔ الٰہی بحق حضرت خاتم الانبیاء و اہل بیت اصفیاء ہمارے ہر کام کا انجام بخیر کر۔

مگر اہل طلب و ارادت کا بہترین حال یہ ہے کہ ہر روز اور ہر رات دریائے شوق و جیں مارتا رہے اور ورد طلب بڑھتا رہے اور ہر سانس عشق و محبت کے سوز و اندوہ میں نکلے جیسی کہ ان کی طلب ہے اگر محبوب پہلو میں آ بلاتوقف نصیب، اور اگر یہ دولت نصیب نہ ہوئی اور دریا ہی پر عمر گذر گئی تو بھی زہے

آخوذ از مکتوب نمبر (۱) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بعض مریدوں اور معتقدوں کے نام تحریر فرمایا گیا تھا۔

دولت۔ لیکن اگر نہ یہ نصیب ہوا اور نہ وہ تو معاذ اللہ ایسی بلائے عظیم کو آسمان و زمین بھی نہیں اُٹھا سکتے۔ ان اہل طلب کے درد دل میں ذری سی کمی بھی ہو جاتی ہے تو اپنے تئیں کافر اور جہنمی سمجھنے لگتے ہیں۔ مثلاً ایک بندۂ خدا ہے عمر دراز ملی۔ ہمت بلند عطا ہوئی۔ سوائے خدائے عزوجل کے جو اس کا مطلوب حقیقی ہے نہ کسی شئے کی خواہش رکھتا اور نہ کسی غیر کی طرف متوجہ ہوتا ہے لیکن عالم قرب و قدس کا دروازہ اس کے لئے ذرا سا بھی نہ کھلا اور فتح باب کی صورت ہی نہ دکھی۔ بایں ہمہ ہزاران نیاز و سرافگندی سے یار کی چوکھٹ پر سر رکھے ہوئے ہے اور نہیں اٹھاتا۔ نہ قبول کی طرف التفات کرتا ہے اور نہ وصول کی طرف۔ یہ شخص سید الفقرا اور جوانمردوں کا جوانمرد ہے اپنے سوز و ذوق میں اُسے وہ لذت آرہی ہے کہ نہ معلوم واجد و اصل کو بھی نصیب ہے یا نہیں۔ اے عزیز یہ شئے ایسی نہیں ہے جس کی طلب میں کوئی نقصان یا خسارہ ہو۔ نقصان و خسارہ کا تو سامان ہی اٹھ گیا اور نفع ہی نفع باقی رہ گیا ہے۔ ایسی تجارت میں جتنا زیاں بیشتر ہے اسی قدر فائدہ بڑھ چڑھ کر ہے ؎ با دل گفتم مرا میبر بہ دیدار او ہ کو مختشم است و من ندارم سر او دل گفت کہ ایں حدیث بیہودہ مگو ؎ یا در بر او کشند یا بر دار او ؎ ایسے حال کے مقام میں وصل وہم و خیال ہے اور درد انتظار و فراق نقد حال۔ ایسے شخص کا خاتمہ بالخیر ہونا یہ ہے کہ اس وقت دم ٹوٹے جب کہ دریائے شوق و شورش جوش و شور میں ہو اور اپنے بارگاہ قدس و وصال کے دروازے ہی پر عشق کے اس موج در موج سمندر میں اسے غوطہ دیں اور اسی حالت میں ہاتھ پاؤں مارتا ہوا وہ اس جہاں سے رخصت ہو جائے۔ یہ ہوا تو بس اس کا خاتمہ بالخیر ہوا۔ اللھم اھدنا الصراط المستقیم

صراط الذین انعمت علیھم۔ اے اللہ ہمیں سیدھا راستہ دکھا یعنی ان لوگوں کا راستہ جن کو تو نے نعمتیں عطا فرمائیں۔

اہل تحقیق کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں۔ ان میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جنہیں نہ دنیا و آخرت اور نہ دوزخ و بہشت۔ نہ کشف و کرامت۔ نہ زیادتی و نقصان اور نہ رد و قبول کسی کی خبر نہیں ہوتی ؎ آنجا کہ منم نہ لاست نے جائے نعم و زیرا کہ ہمہ یکے است افزونست نہ کم ۔ ایسا شخص فانی فی اللہ اور باقی باللہ ہے اور ازل و ابد دونوں جگہ اللہ جل شانہ کے امان میں ہے لا تبقی ولا تذر اس کی صفت قرار پاتی ہے پھر ان اہل تحقیق میں ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں جو تجلیات قہر و جلال اور تجلیات لطف و جمال میں کروٹیں بدلتے رہتے ہیں۔ تجلی جلال یہ ہے کہ بندہ مالک حقیقی کے عزت و عظمت، ہیبت و کبریائی کی آنچ میں تپتا رہے۔ تجلیات قہر وہ ہیں جنہیں اگر صورت دی جائے تو مکروہات شرعی ستور و خر۔ مار و گزدم۔ شیر و گرگ کی صورت میں نظر آئیں انہیں نعت قہر کہتے ہیں۔ تجلی جمال ان سب اشیاء میں پائی جاتی ہے جو ملیح و خوبصورت ہوں ناز و کرشمے۔ غنج و دلال ان کی رگ رگ میں ہوں اور تجلیات لطف لقائے یار و ایصال راحت اور اثبات کرامت میں پرتو افگن ہوتی ہیں۔ لیکن درحقیقت قہر و جلال بھائی بھائی اور لطف و جمال بہنیں ہیں جلال جمال میں مندرج ہے اور جمال جلال میں مندمج ہے ایسے خدا پرست کا حسن خاتمہ اس میں ہے کہ تجلی جمال پر سانس ٹوٹے۔ ان تجلیات کو اختیاری نہ سمجھنا حضرت امیر المومنین امام حسن علیہ السلام کا جب آخر وقت آیا تو روتے تھے اور کہتے تھے کہ ایسے مالک کے روبرو جا رہا ہوں جسے کبھی نہیں دیکھا۔ اس بارگاہ معلیٰ سے ہر وقت نئی تجلی ہوتی رہتی

ہے اور بہت ڈر لگتا ہے کہ نہ معلوم بندہ کے آخری وقت وہ کس صفت پر متجلی ہوا اور اس کی علم نفسی میں کیا ہے کسی کو معلوم نہیں۔ ان تجلیات کی نہ نہایت ہے نہ تکرار اور نہ دو شخصوں پر ایک سی تجلّی ہوتی ہے ؎ نہ دانم چیز گردد آخر ایں کار ؎ مرا دل والہ و معشوقہ خود کام ؎

تیسرا بیچارہ و مسکین وہ ہے جسے کبھی ایک جھلک سی دکھا دیتے ہیں اور کبھی مدہوش کر دیتے ہیں۔ کبھی پردہ اٹھا دیتے ہیں اور کبھی پردہ گرا دیتے ہیں۔ کبھی سامنے بلا لیتے ہیں اور کبھی پیچھے ہٹا دیتے ہیں۔ کبھی باریابی عطا فرماتے ہیں اور کبھی دور باش کہتے ہیں۔ کبھی نوازتے ہیں اور کبھی گداز تے ہیں۔ یہ مسکین سوختہ افروختہ۔ ریختہ بختہ۔ دردمند۔ مستمند عاجز و مسکین بیچارہ درماندہ خوف و ہیبت سے لرزتا رہتا ہے۔ ڈرتا رہتا ہے کہ دروازہ بند کا بند رہے اور کہیں غیرت میں آکر محبوب دور باش نہ کہہ دے شب و روز اسی خوف میں رہتا اور آہ و بکا کرتا رہتا ہے ؎

"چہ خواہد کرد بر من دور گیتی زین دگا دستا و در گردنم یا خون من در گردنش

ایسے بزرگوار کی حسن عاقبت اس میں ہے کہ آخری دم تجلی ذات وعیاں وصفات پر نکلے ربنا اتمم لنا نورنا واغفر لنا انک علی کل شئ قدیر۔

ان کے علاوہ ایک اور شخص ہے جو اپنے آپ سے بیزار جان و تن سے سیر ہے۔ بس ایک اللہ جل شانہٗ سے لو لگائے بیٹھا ہے کہ جس صفت پر چاہیں اسے رکھیں نہ کسی طرف نگاہ ڈالتا ہے اور نہ رُخ کرتا ہے اس کے لئے دوزخ کے دو رُخ ہیں۔ ایک ظاہر جس کے اندر رحمت ہے اور ایک باطن ہے جس کے سامنے عذاب ہے۔ ہشت بہشت اس کے سامنے نیست

ہیں نہ دوزخ کے پھیر میں وہ ہے اور نہ جنّت کے۔ ایسے شخص کا حسن خاتمہ اس میں ہے کہ اسی ایقان پہ وہ آخر دم تک جمار ہے۔

اب آپ فرمائیے کہ آپ کون ہیں؟ کیا شئے ہیں؟ کس صفت سے تعلق رکھتے ہیں اور کس قماش کے ہیں؟ اور کس جماعت میں آپ کا شمار ہے؟ آپ کا کیا انجام ہونے والا ہے۔ ایسی بیغم بیٹھے ہوئے ہیں کہ گویا فکر کی کوئی بات ہی نہیں ہے ؎

نہ یک نفس کہ ہر دم ہزار بار فسوس　　نہ یک دریغ کہ ہر دم ہزار بار دریغ

ان تمام حالات و مقامات کو سننے اور سمجھنے کے بعد یہ سوال کیوں نہیں کرتے کہ آخر کونسا عمل کیا جائے۔ جو حُسن عاقبت کی امید ہو۔ یاد رکھو کہ بس ایک عمل ہی جو گو نازک ترین اعمال ہے مگر بہت آسانی سے اکتساب کیا جا سکتا ہے یعنی خطرات کو دفع کرو اور یہاں تک توجہ میں استغراق حاصل کرو کہ سوائے خدائے عزّوجل اور اس کے حضور و شہود کے تمہارے دل میں غیر کے لئے گنجائش نہ رہے اور نفس کو یا وہ گردی سے پاک و صاف کرو۔ مختصر یہ کہ ایک نفس پاک اور دل متوجہ پیدا کرو۔ جس کسی کو یہ نعمت نصیب ہوگی اسی بیس میں سے انیس درجہ حُسن عاقبت کی امید رکھنا چاہیئے اور ایک درجہ جو چھوڑ دیا گیا وہ تقدیر ازلی کی رعایت سے چھوڑ دیا گیا ہے ورنہ جب کہ تمہارا منھ سب طرف سے ہٹ کر خالق حیات و ممات کی طرف ہو گیا ہے اور اس کی منزل امن و اماں میں تم نے اپنا رخت وجود رکھ دیا ہے تو پھر بس امید ہی امید رکھنا چاہیئے نا امیدی کی کوئی وجہ نہیں۔

فائدہ (۲)[1]

غم عاقبت و دیدار الٰہی کے بیان میں

اللہ جل شانہ جس طرح اپنے بندوں کی ذات کا خالق ہے۔ اسی طرح ان کی افعال کا بھی خالق ہے اور یہ جو حدیث شریف میں ہے کہ السعید من سعد فی بطن امہ والشقی من شقی فی بطن امہ یعنی سعید اور شقی دونو ماں کے پیٹ ہی سے سعید و شقی پیدا ہوتے ہیں تو یہ اللہ جل شانہ کے علم نفسی کے طرف اشارہ کرتا ہے رہا واقعہ نفس الامری وہ یہ ہے کہ جو سعید ہے وہ غم عاقبت رکھتا ہے اور اس سے حسنات و مبرات ہی ظاہر ہوتے ہیں اور جو شقی ہے وہ انجام سے غافل ہے اور اس سے منہیات و سیئات سرزد ہوتے ہیں۔ پس ذرا گریبان میں منہ ڈالکر اپنے تئیں دیکھو اور اپنے افعال پر نظر کرو کہ وہ کس طرف اشارہ کرتے ہیں۔ نبی اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے دوزخ و بہشت اور اہل دوزخ و اہل بہشت سب کی توضیح فرمادی اور تم بے غم و خرم بیٹھے ہو۔ یاد رکھو کہ عذاب کے چند قسمیں ہیں ایک عذاب حسی ہے جسے سب کوئی جانتے ہیں مگر ایک عذاب تنہائی و قلق و اضطراب ہے۔ دوسرا شہود جمال رحمٰن سے محروم رہنے کا عذاب ہے اسی طرح نعیم بہشت ہیں۔ وہاں آرام و قرار ہے وہاں رب جل و علیٰ کے جمال جہاں آرا کا ہر ساعت ایک نیا شہود بھی ہے یہ توضیح سنکر تمہیں رغبت طلب تو ہوتی ہے مگر حصول مقصد کے اسباب کہاں ہیں۔ اضطراب کہاں چشم نمناک کہاں۔

---

[1] ماخوذ از مکتوب نمبر (۲) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب مولانا محمد سلم و بعضے یاران دیگر گجرات۔

آہ سرد کہاں! ہائے۔ اس کلام میں دردمندی اور سوز و ساز کے طرف ایما فرمایا گیا ہے مگر ایسا شخص چاہیے جو کار افتادہ اور گرفتار بلا ہو تاکہ اُس کلام سے کچھ ریزہ چینی کر سکے۔

ہمیشہ اپنے احوال کا تجسّس و تفحص کرتے رہو اور اپنے مزید نفع و نقصان سے غافل نہ رہو اگر مقصود سے دامن خالی ہے تو خیر ورد طلب ہی سے دامن پُر کر لو اگر جوانمردوں کی طرح معرکہ میں حملہ آور نہیں ہو سکتے تو خیر مردوں کی طرح نعرہ ہی مارو۔ اگر گریہ نہیں آتا ہے تو خیر رونے والوں کی سی صورت ہی بناؤ۔ گر یار نمی کند قبولت ؎ خود را بہ ستم بہ زلف او بند۔ اگر کار برعکس ہے تو بھی ہمت نہ ہارو اُسی کے دروازے پر ڈھئی دے کر بیٹھ جاؤ۔ بت پرست کو نہیں دیکھتے کہ بیچارے کا محبوب گم ہو گیا ہے مگر ایک پتھر سے صورتِ محبوب تراش کر اپنی وہم میں محبوب ہی کو حاضر و شاہد تصور کر رہا ہے تم بھی کیوں نہیں ایک وجدان پیدا کرتے اور اپنے محبوب کو حاضر و ناظر جانتے جس طرح سے بُت پرست پتھر کی مورت سے فیضیاب ہو رہا ہے تم بھی ضرور بالضرور اپنے تصورِ یار سے مستفید ہو گے۔ درحقیقت اس تصوّر سے بھی ایک فیض پہنچتا ہے جو عالم حقیقت ہی سے نازل ہوتا ہے۔ حسین منصورؒ نے انا الحق کہا اور بایزید بسطامیؒ نے سبحانی ما اعظم شانی کہا۔ نہ وہ حق تعالیٰ تھے اور نہ ذات سبحانی لیکن آفتاب و ماہتاب حقیقت اور شمع انوار الوہیت کا ایک پرتو پڑا تھا جو ایسے کلمات بولنے لگے۔ اسی طرح کا ایک پرتو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بھی پڑا تھا جب کہ کوہ طور پر تجلّی ہوئی اور حضرت موسیٰ کی نظر اس پر پڑی آپ بے ہوش ہو کر گر پڑے فخر موسی صعقا۔ جب ہوش میں آئے تو کہنے لگے تبت

الیک گوا سے دیکھا نہیں اور عکس ہی عکس کے مشاہدہ پر ہوش میں نہ رہے مگر رجوع اسی طرف کیا اور ہر شئے کو دل سے دور کر کے اسی کے ہو رہے

یاد رکھو کہ اگر تم اُسے نہیں دیکھتے تو کیا ہوا وہ تو تمہیں دیکھتا ہے ان لم تکن تراہ فانہ یراک، اگر تمہارا بھی وہم دوری دور ہو جائے اور قرب حقیقی کا تصور جم جائے تو عجب نہیں کہ تم بھی اپنے دل کو ماسوی سے خالی کر کے اوسی کے ہو رہو اور تبت الیک کے مصداق بن جاؤ۔ کسب یہی ہے اور راہ وصول یہی ہے۔ یہی سنت اللہ ہے جو عام راستہ ہے اگرچہ اس کے علاوہ ایک موہبت کا بھی راستہ ہے۔ مثلاً تم نے کسی بھوکے کو کھانا کھلایا، پیاسے کو پانی پلایا۔ تمہارا یہ عمل قبول فرما لیا گیا اور بارگاہ وہاب العطایا سے بلا کسب ایک نعمت نصیب ہو گئی تو بھی یہی تصور و تخیل دل میں مستحضر و متمکن کیا جائے گا اور اس سے فیض پہنچیگا۔

قیامت میں جب اہل جنت داخل جنت ہو چکیں گے تو ان سے پوچھا جائے گا کہ اور بھی کوئی آرزو ہے۔ وہ کہیں گے جس قدر ہم چاہتے تھے اس سے بہت زیادہ مل گیا۔ اللہ جل شانہ فرمائے گا کہ نہیں ابھی ایک تمام نعمتوں کی نعمت باقی ہے یعنی میرا دیدار۔ یاد رکھو کہ معشوق خود عاشق کا خواہاں ہوتا ہے۔ مگر اس کی غیرت یہ چاہتی ہے طلب عاشق ہی کے طرف سے ہو۔

یہ مسلمہ ہے کہ بندہ اللہ جل شانہ کو خواب میں دیکھ سکتا ہے۔ رویۃ اللہ فی المنام جائزۃ سب علماء پڑھتے اور جائز سمجھتے ہیں حیرت تو یہ ہے کہ مسائل جنس نفاس کی تحقیقات میں وہ اپنا بڑا وقت صرف کرتے ہیں اور ایمان لاتے ہیں مگر رویت محبوب کا ارادہ

کبھی انہیں بے قرار نہیں کرتا اور اس آرزو میں سوتے وقت کبھی آنکھ نہیں ہوتے نہ آہ سرد ان کے منہ سے نکلتی ہے اور نہ ایک آنسو ان کی آنکھ سے ٹپکتا ہے انا للہ و انا الیہ راجعون ۔

فائدہ (۳ و ۴)

انوار غیبی طلب و محبت الٰہی کے بیان میں

جب آئینۂ دل طبیعت کے زنگ اور بشریت کی ظلمت سے پاک و صاف ہو جاتا ہے تو اس میں انوار غیبی کے قبول کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے ۔ شروع شروع میں یہ انوار تجلّی کی چمک کی طرح آتے جاتے ہیں پھر جتنی جتنی قلب میں صفائی بڑھتی جاتی ہے ان میں قوت آتی جاتی ہے[1] اس کے بعد چراغ شمع اور آگ کے شعلوں کی طرح یہ چمک نظر آتی ہے ۔ یہ سب ارضی انوار ہوتے ہیں جن کے بعد ستاروں چاند اور سورج کی چمک کی طرح کچھ انوار نظر آتے ہیں ۔ یہ علوی انوار ہوتے ہیں ۔ ان میں کبھی کبھی ایسی روشنی ہوتی ہے کہ ہزاروں چاند اور سورجوں کی روشنی ان کے آگے ماند ہوتی ہے ۔

جو نور کہ بجلی کی چمک کی طرح ہوتا ہے وہ اکثر و بیشتر وضو اور نماز کی برکت سے ظاہر ہوتا ہے اور جو چراغ و مشعل کے نور کے مانند ہوتا ہے ۔ وہ یا تو ولایت، شیخ یا نبوت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے رونما ہوتا ہے ۔ قندیل یا مشکوٰۃ کی طرح جو نظر آئے تو وہ بھی یہی نور ہے لیکن

---

[1] ماخوذ از مکتوبات (۳ دوم) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ جو قاضی علم الدین بہروچی کے نام لکھا

جو نور کہ ستاروں اور آفتاب و ماہتاب کے طرح ہوتا ہے وہ روحانیت کا نور ہے جس قدر دل میں صفائی ہوتی ہے اسی قدر اس نور میں تابش ہوتی ہے۔ اگر ماہ تمام نظر آئے تو سمجھنا کہ آئینہ دل صاف ہو گیا۔ جتنی چاند میں کمی ہوگی اسی قدر صفائی قلب میں کمی ہوگی اور اگر سورج نظر آئے تو سمجھنا کہ یہ روح کے نور کا عکس ہے اور اگر دونوں ایک ساتھ نظر آئیں تو گویا قلب و روح دونوں منور ہیں لیکن نور روح ابھی تک حجاب میں ہے۔ صورت خورشیدی ایک حجاب کی دلیل ہے ورنہ نور روح بے شکل و بے صورت ہے۔

کبھی کبھی صفاتِ خداوندی کے انوار بھی ان حجابات روحانی اور قلبی کے آڑ میں لمحہ افگن ہوتے ہیں۔ یہ انوار خود بتاتے ہیں کہ کس عالم کے ہیں۔ جان میں ایک ذوق پیدا ہو جاتا ہے اور یہی ذوق ان کی معرفت کے طرف رہنمائی کرتا ہے۔ الفاظ میں یہ شئے ادا نہیں ہو سکتی صرف اس قدر کہہ سکتے ہیں کہ صفاتِ جمالی کے انوار منور کر دیتے ہیں اور صفات جلالی کے انوار میں سوزش ہوتی ہے یہ محرق ہوتے ہیں نہ کہ مشرق اگر تمہیں یہ انوار کچھ نظر نہ آئیں تو بھی روا ہے مزے کرو۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جب دل پورے طور پر مصفا ہو جاتا ہے تو بمقتضائے سنریھم ایاتنا فی الافاق وفی انفسھم اگر آدمی خود اپنے اندر نظر ڈالتا ہے تو اسے سب حق ہی حق نظر آتا ہے اور اگر باہر نظر ڈالتا ہے تو بھی سب حق ہی حق نظر آتا ہے۔ حق تعالیٰ جل شانہٗ کا نور مبارک روح کے نور پر عکس افگن ہوتا ہے اور مشاہدہ بھی ذوق کے ساتھ ہوتا ہے لیکن جب بغیر حجابِ قلبی و حجاب کے نور حق تعالیٰ مشہود ہوتا ہے تو بے رنگی و بے کیفیتی۔ بے حدی۔ بے مثلی۔ بے ضدی نمایاں ہوتی ہے۔ تمسک و

تمکین کا لوازمہ ساتھ ہوتا ہے۔ یہاں طلوع ہے نہ غروب نہ یمین و نہ یسار نہ فوق و نہ تحت۔ نہ مکان نہ زماں نہ قرب و نہ بُعد۔ نہ شب و نہ روز نہ عرش و نہ فرش اور نہ دنیا و نہ آخرت۔ یہاں پہنچکر قلم ٹوٹ جاتا ہے۔ زبان گنگ ہو جاتی ہے۔ عقل خبط اور فہم و علم گم ہو جاتے ہیں۔ دیکھو عُجب و خود بینی سے بھاگتے رہنا۔ مقام بُعد میں رہ کر حسرت نا یافت میں گھلنا بہتر ہے مگر مقام قُرب میں پہنچکر عُجب یافت میں مبتلا ہونا بہتر نہیں۔ اس لئے کہ عُجب مقدسہ زوال ہے خبردار اس مقام کی دوری اور ہونا کی سے خاطر میں کوئی فتور و نفور پیدا نہ ہونے پائے کہ تم چھوڑ چھاڑ کر راہ فرار اختیار کرو۔ یہ خوف صرف لکھنے اور کہنے میں آتا ہے درحقیقت مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔

نومیدی کسی حال میں جائز نہیں۔ یہاں کار بے علّت ہے۔ بہت سے ایسے ہوئے ہیں جنہیں بت کے سامنے سے اُٹھا کر طرفۃ العین میں حتیٰ کہ بت کے سامنے سجدہ گاہ ابھی گرم ہی تھی کہ تمام ملک و فلک سے انہیں اتنا آگے پہنچا دیا ہے کہ جن و انس و ملک انہیں لوٹانا چاہیں تو کچھ نہ کر سکیں اور حیران رہ جائیں اور کہیں ان کا نشان بھی نہ پائیں اور کہیں کہ یہ کیا تھا اور کیا ہو گیا۔ اس کا جواب یہ ملتا ہے کہ کارساز حقیقی فعال لما یرید ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے کوئی اس کا ہاتھ پکڑنے والا نہیں۔ کوئی اس سے جواب طلب کرنے والا نہیں۔ اس بارگاہ میں نہ چوں و چرا کی گنجایش ہے اور نہ سبب و علّت کو دخل ہے۔

اے برادر حق تعالیٰ تمہیں اپنا طلبگار بنائے۔ وہی صاحب دولتوں کی منتہا اور مرجع ہے شروع ہی میں الست بربکم کا تم سے عہد لے کر اس ہی نے تمہاری طینت و روحانیت اور ذرہ انسانیت پر اپنے نور

کی بارش فرمائی اور جرعہ جام الست پلا کر تمہیں ایسا مزہ چکھا دیا کہ وہ کبھی زائل نہیں ہو سکتا۔ اسی مزے میں تمہاری حیات ہے۔ وہ نور مبارک ہمیشہ اپنے مرکز اور معدن کے طرف رجوع ہوا کرتا ہے اور اس عالم سے الفت نہیں رکھتا ہے

عشاق تو از ازل چو مست آمدہ اند　　سرمست زبادہ الست آمدہ اند

پروانہ صفت عشاق بڑے جانباز ہوا کرتے ہیں۔ روز الست ہی ان کی گردن میں جذبہ الوہیت کی کمند ڈالدی گئی ہے اور اب تو پر و بال لاکر سراد قات جمال اور شمع جلال کے گرد اگرد اتنی پرواز کرتے نظر آتے ہیں کہ اس کے سوا کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ من تقرب الی شبراً تقربت الیہ ذرعاً ایک جذبۂ حق نے جس کی شان یہ ہے کہ جذبۃ من جذبات الحق توازی عمل الثقلین انہیں کنار وصل تک پہنچا دیا ہے اور یہ آواز آرہی ہے کہ تو کب تک ہماری ہوائی ہویت میں ان پر و بال سے طیرانی کرتا رہے گا۔ اب آشیانہ والذین جاھدوا فینا میں قرار لے تاکہ سنت لنھدینھم سبلنا کے مطابق اپنے انوار کے شعاع سے ہم ایسے پر و بال کرامت فرمائیں کہ سرّ یھدی اللہ لنورہ من یشاء تجھ پر کھل جائے۔

اے بردار زینہار بد دل نہ ہونا کیونکہ ہوائے لطف چل رہی ہے اور وہ افتادہ لوگوں ہی کے تلاش میں رہتی ہے۔ تم نے کیا یہ نہیں سنا کہ سات سو ہزار برس ملکت سجادہ و اطاعت کے سالکوں اور خانقاہ عصمت و صلاحیت کے تکیہ نشینوں نے شکستہ غربت سے کمر کو سہارا دیکر یہ کہنا شروع کیا تھا کہ "کارما داریم" ہم نے خدمت کی ہے کہ "[illegible] لطف

چلنے لگی اور آب وخاک کے ڈھیر کو جو قدموں تلے پڑا ہوا تھا اٹھا کر کھڑا کر دیا اور ندا دی کہ انی جاعل فی الارض خلیفہ ملائکہ نے عرض کیا ہمیں اس کے فتنہ وفساد جھیلنے کی طاقت نہیں ارشاد ہوا لیس فی الحب مشاورۃ ہمیں اس سے الفت ومحبت ہے اور الفت ومحبت میں کسی مشورہ کی ضرورت نہیں ع با تو چہ گویم کہ تو مجنوں نۂ ۔تمہارے دروازے پر بھیجیں تو تم رد کر دینا ہمارے ہاتھ فروخت کریں تو تم مت خریدنا ۔

اے جان برادر طلب میں محکم ومستقل رہو ۔اس راہ میں اپنے گناہوں پر نظر ڈالنا اور مایوس ہونا نہایت بُرا کام ہے مگر ان میں مبتلا ہونا بھی سخت شنیع ہے جس کسی سے عداوت ہوئی ہے تر دامنی سی ہوئی ہے ۔یہ بھی سمجھ لو کہ دستار خواجگی سر پر رکھ کر یہ کام کسی سے نہیں ہو سکتا خود اپنے باپ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھو چلہ کی ابھی صبح ہی ہوئی تھی کہ آنکھ کھلتے ہی اور جمال عشق پر نظر پڑتی ہے ۔یہ نگاہ عشق جنت میں بھی انہیں آرام لینے نہیں دیتی ۔کہتے ہیں کہ ہمارا یہ قدم جو مسافرانہ اور سالکانہ ہے پیشی میں رہ کر گرفتار بندش نہیں رہ سکتا اور عشق ومحبت کا یہ سرپُرخمار جو ہمیں ملا ہے وہ تاج کا بار نہیں اُٹھا سکتا ۔ہمیں الف کے مانند قد عطا ہوا ہے اسی طرح ہمیں آزاد رہنا چاہیئے ۔علل واسباب اور حشم وخدم کو آگ میں جھونک دینا چاہیئے ۔یہ کہکر ایک عاشقانہ نعرہ مارتے ہیں اور لبیک کہہ کر بہشت کو وداع کرتے ہیں جب تک جنت میں رہے تاج برسر وخلعت دربر مقربان بارگاہ کی طرح رہے ۔جب وہاں سے نکل کر عشق ومعاشقی کے راہ اختیار کی تو ستر حورت کے لئے بھی درخت کے پتوں کے سوا کچھ نہ ملا مگر آدم کے ذرہ ذرہ سے یہ نعرۂ عشق بلند تھا ۔

اے قبلۂ حقیقی بنائے رُخ کہ مارا بگرفت دل بگلی زیں قبلہ مجازی

ہاں بہشت کے درختوں کے زیرِ سایہ عشق کے سبق کے تکرار نہیں کی جا سکتی اس کے لئے شارستان ابتلا میں گھر بنانا چاہیے اور دبیرستان بلا میں عمر بسر کرنی چاہیے۔ محبت میں بلا ایسی ہی ہے جیسے کہ دیگ میں نمک۔ بغیر اس کے مزہ ہی نہیں معلوم ہوتا۔

جو صاحب جمال کہ اپنے عشق پہ ناز کرتا ہے وہ داد جمال نہیں دیتا داد جمال دینا تو یہ ہے کہ کل جب یہ خطاب آئے کہ ہماری طرف نظر کرو تو یہ کہے کہ ایسے جمال مبارک پر مجھ جیسے کا نظر ڈالنا یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ کہاں میری نظر کہاں یہ جمال جہاں آرا!!

اے برادر جس روز کہ بساط محبت بچھائے اسی روز تمام مرادوں کو آگ لگا دے۔ سالک اول حضرت آدم صفی صلوات علیہ نے سو برس خون جگر منہ پر ملا۔ حضرت نوح جیسے برگزیدہ بارگاہ کے جگر پہ یہ تیر لگا کہ انہ لیس من اھلک خلیل اللہ جیسے پیغمبر پر جسے خلعت خلت عطا ہوا تھا نمرود طاغی کو مسلط فرمایا گیا۔ یوسف علیہ السلام کو مصر کے بازاروں میں چار سو پھرا کر غلاموں کے صف میں کھڑا کر کے چند کھوٹے درہموں پر بیچ ڈالا۔ زکریا کو آرہ سے دو پارہ کیا۔ ایوب کو سالہا مرض سرطان میں مبتلا رکھا۔ حضرت موسیٰ جیسے کلیم اللہ کو لن ترانی کا چرکا لگایا۔ یہ سب کچھ عشق و عاشقی میں سزاوار ہے اور ہوا کرتا ہے ؎

حسن را قاعدہ جور است بتا می دانم باکہ کردی کہ بہ مسعود وفا خواہی کرد

اے برادر یہی مقصود ہونا چاہیے۔ مرد کو چاہیے کہ یہ کہے یا جان جائے یا مقصود ہاتھ آئے ؎

یا بدست آریم سرے یا در اندازیم سر یا بکام دشمناں گردیم یا سلطاں شویم

یہ مقصود گوہر شب چراغ ہے اور اس کی قیمت اسی لئے زیادہ ہے کہ
دریائے خونخوار کے موجوں میں یہ موتی ملتا ہے۔ اس گوہر نایاب کے
لاکھوں طالب ہوتے ہیں جو اس کے لئے جان فدا کرتے اور قعر دریا میں سر
کے بل جاتے ہیں کہ اس کی کہیں سے مہک اور خوشبو ہی مل جائے۔ یہ نہیں
ہو سکتا کہ کوئی شخص غافل وار یہاں قدم رکھے۔ صدہزار بحر جلال کی مچھلیاں
منہ کھولے منتظر ہیں کہ اگر کوئی غفلت و نردامنی کرے تو اسے نگل لیں تاکہ
اس کے آنے جانے کا کسی کو پتہ ہی نہ لگے۔ کوئی غافل جب اس سمندر میں
نردامن رہ کر قدم رکھتا ہے تو وہ لعین نہنگ قعر دریائے جلال جو اس
بارگاہ کا دربان ہے سامنے آکھڑا ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ نہیں ہو سکتا
تو مجھے شاید نہیں جانتا۔ میں وہ ہوں کہ آسمان اول کے سکان مجھ سے تسبیح
کے ادب سیکھتے تھے اور آسمان دوم کے سکان تہلیل کے آداب مجھ سے
حاصل کرتے تھے۔ اسی طرح تمام دیگر آسمانوں والے میرے لئے مسند
درس تدریس بچھاتے تھے لیکن ان سب دولتوں پر میں نے لات ماری
اور لعنت کا قشقہ پیشانی پر کھینچکر شرع محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی گلی میں
آبیٹھا کہ کسی نردامن کو یہاں دھنسنے نہ دوں اب تو اگر جانا چاہتا ہے تو
اخلاص کا تاج سر پر رکھ اور چلا جا ورنہ میرے شکار بند میں تیری جگہ ہے
اے برادر یہ لعین کسی اپنے غیر سے کم ہمت کمینہ خصلت کے لئے
اپنی جگہ سے جنبش بھی نہیں کرتا۔ بڑا غرور اور ٹھسّے والا ہے۔ جب تک کہ
کوئی صدیق اس مملکت میں قدم نہیں رکھتا اور کوئی کھرا پاکباز ادھر نہیں
آتا یہ لعین اپنی جگہ سے حرکت بھی نہیں کرتا۔

فائدہ (۵)

غفلت سے بچنے کے بیان میں

ایک گلخن تاب بادشاہ کے جمال جہاں آرا پر عاشق تھا۔ بادشاہ کو بھی اس کا علم تھا۔ ایک روز اس کی طرف سے بادشاہ کا گزر ہوا۔ عشق کی خلش اندر چھیڑ کر رہی تھی۔ بادشاہ نے باوصف علم دولت و سلطنت گلخن تاب کو دیکھنے کے لئے اس کے مکان پر نظر ڈالی مگر وہ حاضر نہ تھا۔ بہ نظر جب خالی گئی تو بادشاہ خجالت سے عرق عرق ہو گیا۔ پس اے غافل دعوئ عشق مت کر یا تو اُسی کا ہو رہ۔ حاضر باش بن اور ایک لمحہ کے لئے بھی اس سے غافل مت ہو یا پھر لاف زنی نہ کر۔ مرد حازم بن اور احتیاط برت تو نہیں جانتا کہ ایک صیاد ایک تالاب پر سے گزر رہا تھا۔ وہاں اسے کچھ مچھلیاں نظر آئیں۔ اس نے کہا آؤ انکا شکار کریں۔ کچھ مچھلیاں جو محتاط تھیں تاڑ گئیں اور پہلے ہی سے بھاگ گئیں جو غافل تھیں وہ جال میں پھنس گئیں۔ حزم سے اُنہیں کو فائدہ ہوا جنہوں نے غفلت نہیں کی تھی۔ پس بندہ کو بھی چاہیئے کہ غفلت کو راہ نہ دے ورنہ دشمن کے پھندے میں پھنس جائے گا اور ہلاک ہو گا۔ یاد رکھو مخبر صادق علیہ السلام نے خبر دی ہے کہ قیامت آنے والی ہے اور کھوٹا کھرا۔ غافل و حازم سب ظاہر ہو جائیں گے لیکن قبل اس کے کہ وہ آئے خدائے عزوجل نے دنیا کو دار الامتحان بنایا ہے۔ یہ دنیا عروس ہو فا

تا خوذ از مکتوب نمبر (۵) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ جو بعض مریدوں کے نام =

اور فریبندہ لابقا ہے۔ مرد عاقل و حازم کا شیوہ یہ ہے کہ اس طرف منہمک نہ ہو اور حق الحقیقۃ ہی کی طرف نظر رکھے اور زہد اختیار کرے۔ زہد ہی یار باوفا اور ہمنشیں باصفا ہے پس اگر بندہ حزم و زہد اختیار کرے گا اور اپنے خالق سے ایک لمحہ کے لئے بھی غافل نہ ہوگا تو بس کامیاب ہوگا۔ فقد فاز فوزاً عظیما اور اگر اس کے برعکس ہے تو پھر اس کی ہلاکی و گرفتاری لازمی ہے اعاذنا اللہ منہا

فائدہ (۶)

عقل و عشق و اتباع شریعت و سنت و نبوی صلعم کے بیان میں

عقل مردوں کے لئے ایک بیش قدر چیز ہے مگر عشق وہ شئے ہے جو بڑے بڑے قلعے اور پہاڑوں کی اونچی اونچی چوٹیاں آناً فاناً میں فتح کر دیتی ہے۔ عقل کہا کرتی ہے کہ خطرہ میں مت پڑو مگر عشق کہتا ہے کہ تم پرواہی نہ کرو۔

یہ عشق ہے اور یہ عقل۔ جن کی صفتیں حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز بیان فرما رہے ہیں اور بڑے بڑے لوگوں کا بھی یہی قول رہا ہے عشق ایک سہ حرفی لفظ ہے جس میں کوئی حرف علت نہیں۔ پس عشق جیسا ظاہر لفظ میں ہے ویسا ہی باطنی معنی میں علت سے خالی ہے۔ عشق کو علت سے کیا تعلق جیسے کہ دیوانہ کو اس کی دیوانی حرکتوں سے پہچانتے ہیں اور شاعر کو اس کی ترکیبوں اور اشعاروں سے اسی طرح عاشق کو اس کے احوال سے

ناظر ذاکر کتوب بنام خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ عنہ جو چھٹے مرید ہوں کے نام ہے ۱۲

شناخت کرتے ہیں۔ مجنوں سے کسی نے کہدیا کہ لیلیٰ مرگئی۔ بوجہ جنسیت عشق اس کے دل پہ ایک تیر تو لگا مگر وہ لیلیٰ کے دروازہ پر آکر لیٹ گیا گویا کہ قبلولہ کررہا ہے۔ اس کی لیلیٰ نہیں مری تھی اس کے فکر اور اندیشہ میں وہ اسی کے پاس موجود تھی۔ اسی طرح تم بھی فکر و اندیشہ کو ہاتھ سے نہ جانے دو درحقیقت تمہیں بھی ایسا ہی نظارہ نصیب ہوگا۔ تا چند دلا بہ این و آں آویزی انگاہ کہ مرد شوی نہ ہنجا خیزی۔ یعنی اے دل تو کب تک این و آن میں مبتلا رہے گا جب اس سے دست بردار ہو کر صرف اسی کے واسطے الگ کھڑا ہوجائے گا تو اس وقت تو مرد ہوگا۔ قیامت میں جب حشر کا میدان ہوگا تو عشاق مستانہ وار خوش خوش نظر آئیں گے عقل کا اس وقت کہیں ٹھکانہ نہ ہوگا۔ جمال ازلی کا طالب اپنے محبوب کے طلب میں ادھر اُدھر تلاش میں ہوگا کہ ناگاہ حق تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے تجلی جمال فرمائے گا۔ اس گرفتار و مبتلائے عشق پر جس خیال میں کہ وہ ہوگا اسی کے مطابق جمال کے تجلی ہوگی پھر اس کی حالت ہوجائے گی جو ہوجائے گی۔ میں نے ایک طالب عاشق کو اپنے کانوں یہ نالہ و زاری کرتے سنا ہے کہ الٰہی اوس ذات مقدس کو جو کہ عزت و کبریائی کے پردوں میں مستتر ہے اپنے لطف و کرم سے مجھے ایک نظر دکھا دے پھر اس کے بعد دوزخ کے ساتوں طبقوں کو مجھ پر جھونک دینا کچھ پروا نہیں۔ میں نے اپنے حضرت[1] پیر و مرشد کو یہ رباعی بار بار پڑھتے سنا ہے ؎ صوفی شوم و خرقہ کنم فیروزہ ؛ وردے سازم زدرد تو ہر روزہ

زنہیل بدست دل دیوانہ دہم ؛ تا از در تو در دکند دریوزہ

یعنی ماسوائے اللہ سے دل کو پاک و صاف کرکے اور ایک فیروزی رنگ کا خرقہ پہن کر فقیروں کی صورت بنا کر روز تیری عشق و محبت کا راگ گاتا رہوں

[1] حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلی قدس سرہ العزیز

اور اس دیوانے دل کے ہاتھ میں ایک جھولی دیدوں کہ تیرے دروازے پر دُہائی دے کر عشق و محبت کی بھیک مانگتا رہے۔

اب عقل کی شگوفہ کاری دیکھو۔ حزم و احتیاط اس کا جزو ہے۔ اس حزم نے مچھلیوں کو جو حازم نہیں کیا فائدہ پہنچایا۔ ماہی گیر اپنا جال ٹھیک کر رہا تھا کہ حازم مچھلیاں تاڑ گئیں اور مردہ صفت بن گئیں۔ صیاد نے گندہ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ پس تدبیر کو جو تقدیر کے ساتھ ہم رشتہ ہے ہاتھ سے جانے نہ دینا چاہیئے رہا اگر کوئی شخص بے خود ہوا اور ایک طرح کا نشہ اس پہ سوار ہو تو اس پر کوئی جواب دہی نہیں۔ حتیٰ کہ ایک مثال ہے کہ ایک شخص تھا جو مویز کی شراب تیار کر کے بہت سی پی گیا۔ جب نشہ غالب ہوا تو اسی ترنگ میں ایک مردہ عورت کو سمجھا کہ اس کی عروس ہے۔ یہ سب مستی و بے خودی کی کیفیتیں ہیں مگر وہ دیوانہ جو اپنے سے بے گانہ اور محبوب سے یگانہ ہے اس کی شان اور ہے ؎ ہاں اے دل دیوانہ بخرام کہ بمیخانہ ؛ کاندر خم و پیمانہ تہا ہمہ دیدم کہا جائے گا کہ یہ سب حکایتیں بے اصل اور موضوع ہیں ہاں ہوں گے مگر جو معنی ان میں ہیں انہیں دیکھنا چاہیئے اور یاد رکھنا چاہیئے کہ کوئی فرد بھی اس عالم میں جناب باری تعالیٰ کے فیض احدیت سے خارج نہیں۔ ہر مخلوق اپنے نفع اور ضرر پہنچانے والے کو جانتے پہچانتے ہی اور سب اس آیت پاک کی تفسیر معلوم ہوتی ہے۔ **اعطی کل شی خلقه ثم هدی** ایک حکایت ہے کہ چوہوں میں ایک بادشاہ ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ موٹا تازہ تمام چوہے دور دور جا کر چرتے ہیں لیکن یہ ایک معزز مقام پر رہتا ہے اور سب اس کے سامنے دانہ چارہ پیش کرتے ہیں اور جب یہ بڈھا بیکار ہو جاتا ہے تو مار ڈالتے ہیں۔ یہ ایک نظام ہے۔ آخر یہ کہاں سے آیا؟ یہ

اسی فیض احدیت کا نتیجہ ہے یعنی اعطی کل شئی خلقہ ثم ھدی
اسی طرح کہا جاتا ہے کہ ایک سانپ ہوتا ہے اندھا۔ آبادی سے بہت
دور رہتا ہے۔ جنگل سے بستی کے اندر بعض باغوں میں آتا ہے اور وہاں
کی بعض اشیاء پھول پتی سے آنکھیں ملتا ہے اس سے اس کی آنکھیں روشن
ہو جاتی ہیں۔ یہ کس نے اسے سکھلایا کہ تیرے لئے یہ شئے نافع ہے۔ یہ سب
اسی فیض باری تسمہ کے شگوفہ کاریاں ہے۔ ان مچھلیوں نے جو حازم نہ تھیں
ماہی گیر کو دیکھ کر ادھر اُدھر بھاگنا شروع کیا اور ماہی گیر نے جب جال ڈالا
تو اسمیں آگئیں اور پھنسکر ہلاک ہوئیں۔ انہوں نے بھی اپنے ضرر کو دیکھ لیا
تھا مگر چونکہ عقل سے کام نہ لیا اور حزم نہ رہا اس لئے ہلاک ہوئیں۔ یہ تدبیر
کو تقدیر سے ہم رشتہ نہ کرنے کا نتیجہ تھا۔ ان کہانیوں سے سبق حاصل کرنا چاہیئے
اے دوستو اے بھائیو وقت کے یکایک آجانے اور تقدیر کے دفعتہ
ظاہر ہو جانے سے غافل نہ رہو ایاکم عن فجاءۃ الاجل وبغتۃ
التقدیر میں نے بہت دیکھا ہے کہ لوگ غفلت میں سوتے کے سوتے
رہ گئے ہیں اور تقدیر کا لکھا یکایک ان کے سامنے آگیا ہے۔ اب ایک
حکایت اور سنو۔ طیفور شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نور حضور اور اللہ جل
شانہ کے شان بندہ نوازی اور تربیت شکر گذاری سے کافی حصہ ملا تھا
ایک بار اُن پر فیض قدسی کا دروازہ کھلا تو التماس کیا اللھما رحمنی
واغفرلی۔ الٰہی مجھ پر رحم کر اور بخش دے۔ حضرت عزت تقدس و تعالیٰ
سے ندائے بے صوت آئی کہ اذھب فقد غفرت لک جا ہم نے
تجھے بخش دیا۔ طیفور کے لئے یہ فرحت و انبساط کا وقت تھا اور اُدھر در
فیض و بخشش وا تھا دعا کی الٰہی سب کو بخش دے۔ ارشاد ہوا "بخش دیا"

اب بے باکی دکھلاتے ہیں اور عبودیت کے مقام سے قدم اٹھا کر مقام فضول ہیں قدم رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ابلیس کو بھی بخش دے۔ اس پر ڈانٹ پڑی کہ وہ آتشی ہے۔ آتش کی تاب لا سکتا ہے تو خاکی ہے۔ اپنا غم کھا دیکھو فضولیات میں پڑنے کا یہ نتیجہ ہوتا ہے تم اس سے بچتے رہو۔ میں نے چند سالکان عارف اور فنا فی اللہ کو دیکھا ہے کہ ان کے بعض کلمات سے اسلام کو نقصان پہنچا ہے۔ مثلاً مولانا فرید الدین عطارؒ۔ مولانا جلال الدین رومیؒ اور شیخ محی الدین ابن العربی وغیرہ ان سے بعض مسائل میں ایسے کلمات قلم سے نکل گئے ہیں جن سے اسلام کو نقصان پہنچتا ہے یعنی عوام ان کی حقیقت کو نہیں سمجھ سکتے اور بہک جاتے ہیں۔ اے عزیز اب سچے طالب نظر نہیں آتے اور مجاہدہ و ریاضت اور مواجب دینداری باقی نہ رہی۔ زمانہ خراب ہے حقیقت کو جاننے والے نہیں رہے۔ اتحاد جس کا صوفی ذکر کیا کرتے ہیں یہ نہیں ہے کہ دو وجود ایک ہو جائیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ یا یہ کہ سالک ہلاک و فنا ہو جاتا ہے۔ بمصداق کل شی ھالك الا وجھہ۔ محمد حسینی بھی اسی خیال میں تھا مگر جب حقیقت ظاہر ہوئی تو پردہ اٹھ گیا شریعت غرا کو جسے صاحب شریعت نے علیہ الصلوۃ والسلام اتنی محنت و مشقت سے رائج کیا تھا ایسے کلمات سے خلل نہ کرنا چاہیئے یہ مناسب نہیں اللّٰھم اھدنا رشدنا وارزقنا اتباع حبیبك ونبیك وصفیك برحمتك یا ارحم الرحمین اتباع شریعت ہی میں سلامتی ہے ہاں مگر عشق یہ ایک دوسری ہی شئے ہے ؎ عشق آمد وخانہ کرد تاراج؛ انیز نہیم دل بہ تاراج۔ مجنوں ہر نماز عصر کے وقت مستانہ و والہانہ جو عاشقوں کی رفتار ہے کوئی لیلیٰ میں آتا اور جہاں لیلیٰ رہتی تھی اس کی کھڑکی کے

نیچے جاکر ایک پتھر پر لیٹ رہتا۔ لیلیٰ کی بھی نظر اس پر پڑتی۔ رقیبوں کو
بُرا معلوم ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مار پیٹ سے یہ شخص نہ مانے گا آؤ پتھر کے
نیچے آگ جلائیں اور اُسے خوب گرم کریں جب مجنوں لیٹے گا تو اُسے حال
معلوم ہوگا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اُدھر وہ دیوانہ فرزانہ۔ از خویش بیگانہ
اپنے وقت پر آیا۔ پتھر پر جو ہم تن آگ ہو گیا تھا بیٹھا اور لیٹا اور جل بھن
گیا اور بدن سے دھواں نکلنے لگا۔ رقیب دوڑے کہ ارے دیوانے تو
جل گیا۔ اس نے کہا تن جل گیا تو کیا ہوا دل عرصہ ہوا کہ جل بھن چکا ہے
اس سرو قد لالہ رُخ۔ پستہ لب سے اس کے سوا اور کیا حاصل ؎

حاصل عشقش سہ سخن بیش نیست　　سوختم و سوختم و سوختم

ایک دفعہ حضرت داؤد علیہ السلام سے اللہ جل شانہ نے اپنے دوستوں
کی تعریف کی کہ ہم نے بارہا ان کے دل پر بلائیں نازل فرمائیں مگر وہ ان
سب کو اس طرح پی گئے جیسے مصری کے گھونٹ اور ان بلاؤں پر فخر و
ابتہاج کرتے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے دل میں بھی ایک جوش
آیا اور عرض کیا کہ ایک بلا مجھ پر بھی نازل فرما۔ بارگاہ عزت کے پردے
سے ندا آئی کہ تمہیں اس کی طاقت نہیں کہ ہمارے بیکان کے زخم کو سہ سکو
مگر حضرت داؤد علیہ السلام نے استدعا کی چنانچہ درخواست قبول ہوئی
اور ایک امتحان میں ڈالے گئے۔ قصہ یہ ہے کہ ایک روز وہ بیت المقدس
میں بیٹھے زبور کی تلاوت فرما رہے تھے کہ ایک چڑیا جس کا جسم زر خالص
کا اور چونچ مروارید کی تھی پاس نظر آئی آپ نے جلدی سے اس کی طرف
ہاتھ بڑھایا کہ بچوں کے کھیلنے کے لئے ایک کھلونا ہاتھ آئے گا۔ مگر چڑیا
اُچک کر آگے گئی۔ آپ نے ہاتھ بڑھایا تو وہ زینہ پر پہنچ گئی حضرت داؤد

اٹھے اور اس کی طرف چلے وہ اور اُچکتی ہوئی بالاخانہ پر پہنچی۔ آپ بھی پیچھے پیچھے گئے وہاں کوٹھے پر ایک مکان کا منظر نظر آیا کہ صحن بام پر ایک عورت ماہ پیکر۔ سرو قد۔ پستہ لب۔ بادام چشم نہا رہی ہے۔ غیر مرد کو دیکھ کر اس نے سر کو جنبش دی اور بالوں کا جوڑا کھلکر سارے جسم پر آگیا اور لمبے لمبے گھنے بالوں سے تمام بدن چھپ گیا۔ حضرت داؤدؑ کے دل پر عشق کا ایک تیر لگا اور آہ سرد کھینچکر بیٹھ گئے۔ یہ زن اوریا تھی جسے آپ نے جہاد پر بھیجا چنانچہ میدان جنگ میں وہ مارا گیا اور آپ نے اس عورت سے شادی کرلی اسی قصّہ کو اللہ جل شانہ نے قرآن پاک میں اس طرح بیان فرمایا ہے کہ حضرت داؤد کے پاس دو شخص جھگڑتے ہوئے آئے ایک کہتا تھا کہ اس کے پاس ننیانوے بھیڑیں ہیں اور میرے پاس صرف ایک بھیڑ ہے پھر بھی اس نے میری ایک بھیڑ چھین لی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو اس سے تنبیہ ہوئی اور بارگاہ الٰہی میں توبہ کے لئے سجدہ میں گر پڑے۔ فَخَرَّ سَاجِدًا وَّ اَنَابَ۔

یہ ہیں عشق کے کارستانیاں ؎

عشق آمد و خانہ کرد خالی　　برداشتہ تیغ لا و بالی

کسی کا شعر ہے ؎

من از عشق تو خون خوردن گرفتم　　تو دیری زی کہ من مردن گرفتم

یعنی تیرے عشق میں خون جگر کھانے لگا ہوں خدا تیری عمر دراز کرے میں نے اب جان ہی دیدینے کا قصد کر لیا ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ یہ شعر لکھکر فرماتے ہیں کہ اے احمق یہ کہاں کی شکایت و حکایت نکالی۔ مرنا چاہتا ہے تو مرجا۔ ابدی عمر نصیب ہوگی۔ قیس عامری کی یہ دعا یاد کر۔

یارب تو مرا بردے لبا، ہر لحظہ بدہ زیادہ مسلی = اللھم زد فزد

فائدہ (۷)

ذکر و معائنہ و مشاہدہ کے بیان میں

زبان سے ذکر کرو تو وہ تعلقہ کہلاتا ہے۔ اور دل سے ذکر کرو تو وہ سوے دل کے ذکر کو ذکر خفی کہتے ہیں۔ اس میں دل ہی دل میں ذکر کر کے دل پہ ضرب لگاتے ہیں۔ اس کے دو طریقے ہیں۔ ایک میں ظاہر کی رعایت کرتے ہیں یعنی گو ذکر دل ہی دل میں ہوتا ہے مگر ظاہر میں بھی جسم کو کچھ حرکت دی جاتی ہے اور دوسرے میں ظاہر کی بالکل رعایت نہیں کرتے یعنی ظاہر جسم کو کوئی حرکت نہیں دیتے صرف حس کے ساتھ دل پر ضرب لگائی جاتی ہے۔ اس میں بہت اثر ہے۔ پھر ایک ذکر روحی ہوتا ہے جسے مشاہدہ کہتے ہیں یعنی ذکر کرتے وقت ذاکر سمجھتا ہے وہ حضوری میں ہے اور سامنے بیٹھ کر ذکر کر رہا ہے۔ اسے ذکر روحی اس لئے کہتے ہیں کہ روح اسے دیکھتی ہے اور اس ذکر کے ساتھ خود بھی ذکر کرتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور ذکر ہے وہ ذکر سر کہلاتا ہے۔ جسے معائنہ کہتے ہیں معائنہ اور مشاہدہ میں فرق ہے۔ مثلاً ایک شئے کو صبح تڑکے دیکھو۔ پھر اسی کو دوپہر کو دیکھو۔ ان دونوں اوقات کے دیکھنے میں بہت فرق ہوگا۔ صبح کے وقت جھٹ پٹا سا ہوتا اور کچھ اندھیرا باقی رہتا ہے لیکن دوپہر کو سورج کی روشنی ایسی جگمگاتی رہتی ہے کہ کوئی شئے چھپی نہیں رہتی۔ مشاہدہ

(مکتوب نمبر ۱۰) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ عنہ جو بیعت مریدوں اور معتقدوں کے نام ہے ۱۲

بعض اوقات صاف نہیں ہوتا کبھی اس میں ہلکا سا حجاب ہوتا ہے اور کبھی واضح تر اور کشادہ تر مشاہدہ ہوتا ہے نیز ایسا بھی ہو سکتا ہے جیسے کہ آفتاب کا عکس پانی یا آئینہ میں۔ لیکن دوپہر کو جس طرح صاف ایک شئے نظر آتی ہے اسے معائنہ کہتے ہیں اس میں کوئی حجاب یا دھندلاپن نہیں ہوتا اسی کو کشف حقیقت کہتے ہیں امام ابو القاسم قشیریؒ فرماتے ہیں کہ اَنْوَارُ الْمُکَاشَفَہِ بِتَجَلِّیِ الصِّفَاتِ وَاَنْوَارُ الْمُشَاھَدَۃِ بِظُھُوْرِ الذَّاتِ یعنی مکاشفہ کے انوار کا خزانہ صفات ربانی کی تجلی ہے اور مشاہدہ کے انوار کا قیام ظہور ذات سے ہے تجلی اور ظہور میں بہت فرق ہے۔ مثلاً معشوقہ لب بام آتی ہے اور عاشق صحن خانہ یا کہیں گلی میں ہوتا ہے اور نظارہ کرتا ہے اسے مشاہدہ کہتے ہیں۔ لیکن ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ عاشق معشوقہ سے ہم زانو یا ہم بستر ہوتا ہے اور ایک دوسرے سے دل کے باتیں کرتے ہوتے ہیں یہ معائنہ ہے اور ظہور ذات۔

ذکر خفی میں مغائبت ہوتی ہے یعنی ذاکر مذکور میں گم ہو جاتا ہے مگر مذکور کی شان یہ ہے کہ کسی شئے کے واقع ہونے سے نہ اس کی ذات میں کوئی تغیر ہوتا ہے اور نہ صفات میں۔ پس اوس سے اور گم ہونے سے کیا تعلق۔ ہاں ذاکر جو وجود و صفات دونوں اعتبار سے فانی ہے وہ بیشک باقی نہیں رہتا اور گم ہو جاتا ہے اور انوار صمدیت اسے گھیر لیتے ہیں اس کے بعد نہ قرب رہتا ہے اور نہ بُعد اور نہ گم ہونا اور نہ ملنا اور نہ فصل و نہ وصل ؎

تو او نہ نشوی ولیکن ارجہد کنی　　جا ے برسی کز تو توئی برخیزد

کچھ معلوم ہے کہ وہ کیا فرماتا ہے لمن الملک الیوم آج کس کی حکومت ہے پھر خود ہی جواب دیتا ہے للہ الواحد القہار یعنی اللہ کی جو یکہ و تنہا اور ہر شئے پر غالب اور چھایا ہوا ہے لیکن یہ بھی معلوم ہے کہ میں کیا

کہتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ نور السمٰوٰت والارض یعنی وہ آسمان و زمین اور ہر شئے کا اجالا اور ہر شئے پر محیط ہے۔ پھر جب وہی سب پر چھا گیا تو کونین کا وجود کہاں رہا کونین اس میں فنا اور گم ہو گئے مگر شکر کا نام اور صفات سننا اور بات ہے اور شکر کھانا اور بات ہے پھر شکر کی حقیقت اور اس کے مبدا اور معاد پر آگاہ ہونا دوسری بات ہے اور پھر خود شکر ہو جانا کچھ اور ہی بات ہے خدائے پاک ہمیں تمہیں سیدھے راستے پر رکھے اور جن باتوں کو وہ پسند نہیں کرتا ان سے بچائے اور کجروی اور لغزش اور خطا سے اپنی پناہ میں رکھے۔

فائدہ (۸)

چند روزہ زندگی کو غنیمت سمجھنے اور بیعتِ غائبانہ کے بیان میں

حدیث شریف میں ہے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ مَعَالِیَ الْھِمَمِ وَیَکْرَہُ سَفْسَافَھَا یعنی اللہ جل شانہ بلند ہمتوں اور اونچے ارادوں کو پسند فرماتا ہے اور حقیر اور پست ہمتوں اور رذیل ارادوں کو پسند نہیں کرتا دنیا کے جاہ و دولت اور مال و ملک اک بجلی کی چمک اور بادل کے چلتے پھرتے سایہ کی طرح ہے۔ بجلی کبھی چمکی کبھی ڈوبی۔ کبھی آئی۔ کبھی گئی اس کا کوئی اعتبار نہیں۔ ایسی وہمی چیز سے کیا دل لگایا جائے کھاری مٹی میں کیا بویا جائے۔ پانی پر کیا نقش جمایا جائے اس میں نہ بھلائی کی امید ہے اور نہ کامیابی کی ایک سوکھی لکڑی کا گھوڑا

ماخوذ از مکتوب نمبر (۸) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب مولانا نظام الدین محقق رح

عہ رسائل الوصول مصنفہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی میں یہ حدیث موجود ہے مگر یحب الہمم کی جگہ اللہ موزہ ہے

بنانا ہے جس کا نہ قدم اٹھ سکتا ہے اور نہ اس سے منزل طے ہو سکتی ہے۔ آخر کار عاجز ہو کر بے دست و پا بیٹھ جانا پڑتا ہے مگر اس عاجزی اور منزل طے نہ کرنے کا احساس نہیں ہوتا۔ افسوس صد افسوس بھلے آدمی ؎

رخت بردار ازیں سرائے کہ ہست　　بام سوراخ و ابر طوفاں بار

بادل گہرا چھایا ہوا ہے اور مکان کے چھت میں سوراخ پڑے ہوئے ہیں اس گھر سے جلد اپنا بوریہ بدھنا سنبھالو۔ مقصود یہ ہے کہ اس زندگی کو چند روزہ مگر بہت غنیمت سمجھو اور جو سانس چل رہی ہے اسے بڑی نعمت جانو اور خدائے عزوجل کے جو طاعت و عبادت کر سکتے ہو کرو اور اس کی یاد سے ہر وقت اپنے دل و جان کو مالا مال رکھو اور اس کے سوائے اور کسی طرف دل نہ لگاؤ اور اس جہاں کے کام کو اُس جہاں کے سپرد کر دو۔ پس اگر ایک ایسا نفس جو نامرضیات سے پاک و صاف ہے اور ہر وقت حق تعالیٰ کی طرف متوجہ رہتا ہے تمام شرطوں کے ساتھ جیسا کہ حق ہے تمہیں نصیب ہو جائے تو شکر کرو۔ پھر گو تم دنیا میں رہو گے مگر سارے کام ٹھیک ہوتے رہیں گے جب دل میں خدائے عزوجل کی لو لگ گئی اور نفس میں پاکی آ گئی تو ضرور بالضرور درجات میں ترقی اور مرفہ الحالی شروع ہو جائے گی خبردار خبردار ایک سانس بھی غفلت میں نہ نکلے۔ ؎

نصیحت ہمین است جان برادر　　کہ اوقات ضائع مکن تا توانی

اے بھائی جہاں تک ہو اوقات ضائع نہ کرو جو کچھ کرو خدا کے لئے اور خدا کے دیدار کے لئے کرو خدا داں ہو جاؤ گے۔

اس فرزند شاشتہ کے لئے جس کی درخواست حصول بیعت تم نے بھیجی تھی اپنی پہنی ہوئی ایک ٹوپی بھیجتا ہوں۔ خدا داد سے دل خدا شناس اور نفس حق پرست دے۔ تمہیں اپنی طرف سے وکیل کرتا ہوں اس سے

کہنا کہ مولانا نظام الدین کے ہاتھ کو ہمارا ہاتھ سمجھے اور ان کی زبان کو ہماری زبان اور جو تلقین کہ لکھتا ہوں اسے سمجھے گویا کہ میری زبان سے سُنی ہے اس سے کہنا کہ مولانا کو صدر میں بٹھانا اور ان کی طرف منھ کرکے تین جگہ زمین پر سر رکھنا اور سمجھنا کہ تمہارا منھ ہماری طرف ہے ان کے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا اور سمجھنا کہ ہمارا ہاتھ ہے اور ان کی زبان کو ہماری زبان سمجھنا اور ان کی اس بول کو منا کہ تم نے عہد کیا اس ضعیف سے۔ اس ضعیف کے پیر سے اور پیر کے پیر سے اور تمام مشائخ طبقات رضوان اللہ علیہم اجمعین سے آنکھ کی اور زبان کی نگہبانی کرنا اور جادہ شریعت پر رہنا اور جب مولانا پوچھیں کہ تم نے قبول کیا تو کہنا ہاں قبول کیا۔ پھر وہ کہیں گے الحمد للہ اور قینچی لے کر سر کے دونوں طرف سے تھوڑے تھوڑے بال کاٹ دیں گے اور تکبیر کہتے جائیں گے اور اپنے ہاتھ سے میرے نائب بن کر جو ٹوپی میں نے بھیجی ہے تمہارے سر سر پہ رکھ دیں گے اور اس وقت بھی تکبیر کہتے جائیں گے پھر دو رکعت نماز پڑھنے کے لئے ہدایت کریں گے۔ جب نماز پڑھ چکنا تو ان کے سامنے اس طرح آنا جس طرح پیر کے سامنے آتے ہیں اور کچھ نذر پیش کرنا جو اگر ہو سکے تو ہمارے پاس بھیجدینا ورنہ وہیں راہ خدا میں خرچ کر دینا۔ جب مولانا نظام الدین یہ کہیں کہ تم نے اس ضعیف سے عہد کیا تو ضعیف سے یہ سمجھنا کہ وہ خود "ہم" ہیں۔ اسی طرح ہر قول کو سمجھنا۔ پھر ہمارے اس ارشاد کو جو وہ نیابتاً اپنی زبان سے کہیں گے ہمارا سمجھنا۔ یعنی پانچ وقت نماز باجماعت گذارنا۔ جمعہ کی نماز اور غسل کو ناغہ نہ کرنا۔ ہاں اگر کوئی شرعی عذر مانع ہو تو مضائقہ نہیں۔ ہر روز مغرب کی نماز کے بعد تین سلام سے چھ رکعت نماز پڑھنا اور ہر رکعت میں تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھنا۔ اس نماز کے بعد

دو رکعت اور سلامتی ایمان کے لئے پڑھنا اور اسے ہمیشہ اس طرح پڑھتے رہنا کہ ہر رکعت میں سات سات بار سورۂ اخلاص اور ایک ایک بار قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس۔ دونوں سورتیں پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد سجدہ کریں اور تین مرتبہ یہ دعا مانگیں یاحی یاقیوم ثبتنی علی الایمان یعنے اے وہ ذات جو زندہ و پائندہ ہے ہمارے قدم ایمان پر جمائے رکھ پھر عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت اور پڑھیں جس کے ہر رکعت میں دس دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا ہوگا اور سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ یا وہاب کہنا ہوگا۔ اس طرح پر کہ "ھ" جس پر تشدید ہے سینے کے اندر سے نکل رہی ہے اور ہر ماہ میں چاند کی تیرہ۔ چودہ۔ پندرہ کو جو ایام بیض کہلاتے ہیں روزہ رکھنا ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو اسی ماہ میں پھر رکھ کر پورا کر لیں اور سفر و حضر کسی حالت میں نہ چھوڑیں۔

فائدہ (۹)

یاد محبوب اور وقت کی معمولی کیسے بیان میں

اللہ جل شانہ فرماتا ہے انی جاعلک للناس اماماً میں تمہیں (دیبوں) کا پیشوا بناؤں گا۔ اے فرزند یہ کار عظیم تمہیں دیا گیا ہے اس کے حق کی ادائی ضروری ہے انبیاء بھی اس کے بوجھ تلے دبے جاتے تھے شرط کار یہ ہے کہ خلق خدا کی خیر خواہی اور نصیحت ہر وقت پیش نظر رہے اس کی جفا اور قفا پر صبر کرے اور کسی ملامت کرنے والے کے ملامت کی

ماخوذ از مکتوبات ذیل از خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب مولانا علاء الدین گولیاری ثم کالپوری۔ مطبوعہ مکتوبات (۱۱-۱۲-۱۳-۱۴-۱۵-۱۶)

پروانہ کرے۔ شکستگی اور بیچارگی کو اوڑھنا بچھونا بنائے بلکہ اور بڑھاتا رہے اور جس شئے میں نقصان وزیاں کا رتبہ اس سے دور بھاگے۔ جن و انس کو پیدا کرنے سے مقصود صرف عبادت اور بندگی ہے۔ محبت کی بات ہو یا معاشرت کی۔ دوستی کی بات ہو یا معاملہ کی اگر وہ خدائے عزوجل کے لئے ہے تو کیا کہنا۔ یہ کام جو تم نے اپنے سر لیا ہے اس میں لازمی شرط یہ ہے کہ بندہ بذل و ایثار سے کام لے۔ اللہ جل شانہٗ کی راہ میں خرچ کرے اور دوسرے لوگوں کی حاجتوں کو اپنی حاجتوں پر ترجیح دے اور اگر کل کے لئے کچھ نہ بچے تو کوئی اندیشہ نہ کرے۔ پھر ظاہر کے ساتھ اتنا نہیں بلکہ معانی کے ساتھ بہت زیادہ دل کو مشغول رکھے۔ دنیا کی وجاہت اور خلق خدا کے آمد و شد کے لئے صورت بنانا کہ لوگ اسے دیکھیں اور ہجوم کریں اپنے تئیں ہلاکت میں ڈالنا ہے بالکل اس طرف خیال نہ کرے اور جو کچھ پیش آئے آئے صرف اپنے کام میں یکطرفہ ہو کر مشغول رہے ؎ فارغ چہ بود ز خود گذشتیم ؛ مارا نہ غمے نہ غمگسارے ۔

بہر حال جو سامنے آئے آئے تم اس طرف متوجہ بالکل نہ ہو نہ دائیں طرف دیکھو اور نہ بائیں طرف۔ سیدھے منہ اٹھائے صراط مستقیم پر چلے جاؤ ؎ در ہر دو جہاں ہر چہ شود گو شو گو ؛ وز دو رزاں ہر چہ شود گو شو گو مشغول بحق باش و بہر از دو کون ؛ وز سود و زیاں ہر چہ شود گو شو گو

اے فرزند ہم نے جو بتایا ہے اسی پر قائم رہنا اور قدم پیچھے نہ ہٹانا اگرچہ تم ہم سے بہت دور ہو اور گو صحبت اور نور حضور سے بہت سی برائیاں اور خرابیاں دور اور دفع ہوتی رہتی ہیں تاہم لابد ایک تدبیر ہے کہ جو کچھ ہم نے بتایا ہے اسے کرتے رہو اور تمام معاملات میں اسی تعلیم پر

پر عمل ہو۔ سرسری طور پر نہیں بلکہ توجہ دل کے ساتھ تو گو مشرق و مغرب کا فاصلہ درمیان میں کیوں نہ ہو۔ ہمارے ہم زانو کہے جاؤ گے یہ ایک کلیہ اور اصل اصول ہے اپنے اوقات کو اوراد و اذکار سے معمور رکھو اور تمام اعمال و اذکار میں اس کلیہ پر عامل رہو ؎

نصیحت ہمین است جان برادر کہ اوقات ضائع مکن تا توانی

من فات وقته فقد فات ربه جس نے اپنے وقت کو کھویا اس نے اپنے رب کو کھویا۔ دنیا کے اشغال ہر سالک راہ کے مزاحم ہوا کرتے ہیں لیکن طالب خدا کو چاہیئے کہ اگر پاؤں میں کانٹا بھی چبھ جائے تو بھی دوڑنے سے باز نہ رہے۔

یاد رکھو کہ ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہوا کرتا ہے لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ یہ ہادی مرشد ہے۔ مرشد کا جب دامن تھاما تو اس سے چپٹ جاؤ ذکر و مراقبہ تخلیہ و تجلیہ جو کچھ وہ بتائے اس پر عمل کرو لا الہ تخلیہ ہے اور الا اللہ تجلیہ ہے مراقبہ کی حالت ہو یا اجتماع کی دونوں صورتوں میں دل میں آنے جانے والی باتوں کو روکو اور نہ آنے دو اور جو خدشات اور توہمات ان باتوں سے پیدا ہوں ان سے انکار کرو اور دفع کرو اس سے تجلیہ و تخلیہ حاصل ہوگا اگر ایک ہادی کی پیروی تمہیں میسر ہو گئی تو یہ بڑی نعمت ہے اس کے بڑے اثر دیکھو گے۔ اس باغ سے جتنے معرفت کے پھل تمہیں نصیب ہوں گے اتنی ہی نعمت زیادہ ہوگی۔ کسی دین میں ان دو صفتوں کے بغیر سلوک طے نہیں ہو سکتا سوائے اس طلب کے جو عزم و ہمت کی شدت کے ساتھ ہو اور بجز اس تزکیہ نفس کے جو کمال حضوری کے ساتھ ہو اس معشوقہ تک لے جانے والا اور کوئی نہیں۔ اگر حضوری بکمال کو تم

تخلیہ و تجلیہ کا نام دو تو بھی جائز ہے۔ لوگوں سے صحبت کم رکھنا اور کم کھانا پینا لازمہ حال ہے۔ عاشقوں سے پوچھو کہ معشوق کے بغیر ان کا کیا حال ہوتا ہے محنت و بلا اور معشوقہ کی یاد عاشق کی غذا ہے اگر مواجہہ یار ہے تو تجلیات حسن کی بجلیوں سے اضطراب ہے اور اگر درمیان میں پردہ آگیا ہے تو عدم حضوری سے بیقراری ہے کھانا پینا کہاں۔ خواب و خور کہاں غیر یار سے صحبت کہاں ؎

با غم تو الفت و ہم خانگی　　از دگراں وحشت و بیگانگی

عاشق صادق نہ سوائے دوست کے اور کسی کو دیکھتا ہے اور نہ سوائے اسی کے ذکر کے اور کچھ پسند کرتا ہے۔ اس کے منہ سے جب نکلتا ہے تو دوست ہی کا نام نکلتا ہے اسی کے خیال میں مستغرق ہے اور کچھ گفت ہے اور نہ شنید۔ یہ منزل گم شدہ اور بیخود لوگوں کی ہے نہ کچھ اپنا خیال کرو اور نہ رشتہ داروں کا بلکہ ایک لحظہ کے لئے بھی خلق کے رد و قبول پر نظر مت ڈالو ورنہ دیدار دوست سے محروم ہو جاؤ گے نعوذ باللہ منہا اور اسے ضائع ہونے مت دینا اور نوافل و فرائض میں مشغول رہنا لِاَنَّ مَنْ فَاتَ وَقْتَهُ فَقَدْ فَاتَ رَبَّهُ اس لئے کہ جس نے اب وقت کو ہاتھ سے کھویا اس نے اپنے رب کو کھویا۔

فائدہ (۱۰)

مجاہدہ و ریاضت و تعمیل حکم پیر کے بیان میں

ہمارا یہی مطلوب و مقصود ہے کہ جو لوگ ہم سے تعلق پیدا کریں وہ

ماخوذ از مکتوبات ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ از خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب شیخ ابو الفتح علاء [illegible]

ماسوی اللہ سے منقطع ہوکر اپنا وقت تنہائی میں گذاریں اور مدام شغل میں بسر کریں۔ خواجہ نظام الدین احمد بدایونی نے اپنے پیر و مرشد سے ایک مرتبہ استدعا کی کہ حضور میں چاہتا ہوں کہ پھر جائی نہ بنوں۔ شیخؒ نے فرمایا ایسا ہی ہوگا مگر مجاہدہ شرط ہے۔ پس آپ نے بتقلید شیخ صوم دوام اختیار کیا۔ پس تم بھی مجاہدہ اور ریاضت کو آخر وقت تک لازم کرلو۔ سب سے کہدو کہ جو مرید کہ فاصلہ کے لحاظ سے پیر سے دور ہے مگر اس کے فرمان پر قائم۔ اور جو اسے حکم دیا گیا ہے اس پر عامل ہے اور رضائے پیر کا خواہاں اور ہر وقت یاد الٰہی کی طرف متوجہ ہے وہ دور نہیں بلکہ قریب ہے اور ہم زانوئے پیر ہے اور جو اپنے شیخ کے فرمان پر نہیں چلتا تو عیاذاً باللہ گو اس کا مکان بہت قریب ہو مگر وہ اتنا دور ہے جتنا مشرق سے مغرب۔

فائدہ (۱۱)

عشق و وصول و ذکر و قرب کے بیان میں

اس دنیا میں سب سے بہتر کام طلب خدائے عزوجل اور اس کا وجدان و عرفان ہے۔ گو کل موجودات کیا حجر کیا شجر کیا فرشتہ کیا جن کوئی اس کی معرفت سے خالی نہیں لیکن انسان کو ایک خاص عرفان و وجدان نصیب ہوا ہے جس سے بہت ہی کم مخلوق آگاہ ہے۔ یہ عرفان خاص انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ان کے پیروؤں کے ساتھ مخصوص ہے۔

ماخوذ از مکتوب نمبر (۲۰) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب قاضی اسحٰق و قاضی سلیمان

معرفت کے لئے یہ ضرور ہے کہ یہ خیال بطور دوام جگہ کرلے کہ وہ معشوق کی خدمت میں حاضر اور اس کی آنکھوں کے سامنے ہے۔ جب یہ توجہ بطور تام حاصل ہوجائے گی تو طالب یا تو اس کے دروازہ پر پڑا رہے گا یا اس کے کام میں رہے گا۔ اس کے لئے لازم ہے کہ ماسوا اللہ سے دل کو پاک وصاف کرکے اخلاق کی درستی اور تزکیہ کی کوشش کرے دل میں سوائے اس کے اور کسی کا خیال نہ آئے۔ تصور میں بس اسی کی صورت اور زبان پہ بس اسی کا ذکر رہے جب بات کرے تو اسی کے لطف و کرم کی اسی کے وفا و جفا کی۔ اُسی کے بخشش و عطا کی۔ اس میں کبھی یہ ہوگا کہ غلبہ حال میں معشوق کے ناز و کرشمہ و لب و رخسار کی باتیں بھی منہ سے نکلنے لگیں گی مگر یہ سب پرکار محبت کی گردشیں ہونگی۔ معشوق کے کوچہ میں جس بہانہ سے ہو آتا رہے۔ بلکہ مسکین و عاجز و خستہ وار اس کی گلی میں ایک تنکہ کی طرح پڑا رہے طرح طرح کی تدبیریں کرے طرح طرح کی ٹوٹے ٹوٹکے کرے کہ کسی طرح حصول مقصد نصیب ہو۔ کوئی ایک دروازہ کھل جائے۔ اسی کوشش میں اُس کے دروازے اور درگاہ کے بیٹھنے والوں اور اس بارگاہ کے رہنے والوں سے ملاقات اور دوستی پیدا کرے تاکہ معشوق تک رسائی کا سامان ہو بلکہ یہاں تک کوشش کرے کہ آشنائی خاص حاصل ہوجائے اس کوشش میں خواہ جان صرف کرنی پڑے خواہ مال۔ خواہ جاہ کام آئے خواہ عزت و جلال۔ اس درگاہ کے کمترین بندوں کا کمترین غلام بن جائے انہیں لوگوں سے کام نکلا کرتا ہے اس لئے انہیں سے موافقت پیدا کرنا ضرور ہوتا ہے۔

طالب کو چاہیے کہ ہمیشہ ذکر و مراقبہ اور فکر و تلاوت میں مشغول رہے

جس حال میں رہے اسی کی مناسبت سے فکر و ذکر کرے اور امید و بیم میں رہے یعنے یہ امید رکھے کہ ایک دن مقصود ضرور حاصل ہوگا اور معشوق و مطلوب کے حضور تک پہنچ جائے گا۔ لیکن ڈرتا بھی رہے کہ محبوب مرتبہ والا ہے ایسا نہ ہو کہ کسی بے ادبی سے دھتکار دیا جائے اور آغوش سے ہٹا کر دروازہ کے باہر اور در سے ہٹا کر یا وہ گرد نہ کر دیا جائے۔ کبھی اس کے بہاؤ جمال میں وارفتہ اور کبھی اس کے کمال و جمال میں مضطرب و آشفتہ رہے۔ طالب یا تو مسجد یا گورستان میں یا جنگل و ویرانے میں رہتا ہے یا ان مشائخ اہل ارشاد اور عارفان امجاد کی خدمت میں رہتا ہے جن کی ملازمت کے بغیر کام نہیں چل سکتا یعنی جب تک کوئی اس کی رہبری نہ کریگا وہ ہرگز مراد کو نہ پہنچے گا۔ پس اے بھائی جو کچھ پاس ہے سب ان پر سے تصدق کر دو اور جو عزت و شرف حاصل ہے سب ان پر نثار کر دو اس لئے کہ سب سے اہم کام اخلاق کی زینت و آراستگی ہے **تخلقوا باخلاق اللہ وتصفوا بصفاتہ** اللہ جل شانہ کی سی اخلاق سیکھو اور اسی کی سی صفت اختیار کرو جب تک کہ اس کی صفتوں سے متصف نہ ہوگے اس کی ذات کا مشاہدہ نہیں نصیب ہوسکتا۔ افسوس کہ یاروں نے نفس ذلیل سے انس پیدا کر لیا ہے اور اللہ کی طرف سے فارغ و بے غم ہیں ؎

درچہ کاری و درچہ مصلحت اندیشی ۔۔۔ اے فرومانگان بے مقدار
درجہاں شاہدے و ما فارغ ۔۔۔ در قدح جرعۂ و ما ہشیار

اے جوانمرد یہ آگ کیوں تیرے سینے سے نہیں بھڑکتی اور تیرے دل میں کیوں نہیں جگہ کرتی ہائے یہ کیا ہوگیا ہے۔ اے یار عزیز و برادر شفیق طلب کرو طلب اور اس راہ میں جما کر قدم رکھو لیکن جب تک کوئی

رہبر نہ ہوگا اور اس کی پیروی نہ کروگے راہ مقصود دکھائی نہ دے گی اور
منزل کا نشان نہ ملے گا۔ میرے خواجہ[1] فرمایا کرتے تھے کہ جو کوئی بغیر پیر کے
جلدی سلوک طے کرنا چاہے گا اس کی مثال اس رسی بٹنے والے کی طرح
ہے جو جس قدر آگے بٹے گا اسی قدر پیچھے کھلتا جائیگا اور سب سے پیچھے
چلے گا۔ طالب کو لازم ہے کہ ہر وقت اوراد و وظائف میں مشغول رہے
اشراق و چاشت تہجد و اوابین کی نمازیں فی زوال (سایہ ڈھلنے کے وقت)
کی نماز اوقات مرجوہ (یعنے جب قبولیت کی امید ہے اس وقت) کی نماز شام
کے وقت ہو یا صبح کے وقت انہیں برابر پڑھتا رہے۔ یہی سب سہارے
ہاں کے ٹوٹے ٹوٹکے ہیں۔ ایک دروازہ سے نہیں بلکہ مختلف دروازوں سے
اندر داخل ہو۔ ہر دروازے کو کھٹکھٹاؤ پھر دیکھو کہ کس دروازہ سے فتوح
روح ہوتی اور عروس روح تجلی فرماتی ہے۔ تحقیق یہ ہے کہ جب تک
یہ سب کام نہ کرتے رہو گے کامیابی کا منہ نہ دیکھو گے اور یہ سب ظاہری
اسباب یا باطنی نعمتیں اس وقت تک نصیب نہ ہوں گی جب تک کہ طلب
میں شدت اور محبت میں غلبہ نہ ہو۔ یہ شئے سب پر مقدم ہے جس راہ
پر کہ میں بلا رہا ہوں اس میں ایسی تجارت ہے کہ جتنا زیادہ نقصان ہوگا
اتنا ہی فائدہ زیادہ ہوگا۔ وہ کون خوش نصیب جوانمرد اور کس بایاں
کا جایا ہے جو اس راہ میں نقصان برداشت کرنے اور نفع کمانے پر آمادہ
ہے۔ لوگ آب رواں پر نقش کا ڑھنا اور اس سے عشق بازی کرنا چاہتے
ہیں۔ سبحان اللہ اس طرح کبھی کعبہ وصال تک نہیں پہنچ سکتے۔ شور زمین
ہی کاشت کرتے اور فضا ہی دیکھا کرتے جب [illegible]
کوئی نقد شئے نمہار ــــ اتنا لگ گئی ہے تو زہے بخت ورنہ [illegible]

[1] حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی قدس سرہ العزیز۔

محرومی اُس بیچارے پر صد ہزار افسوس ہے جو محروم رہا۔ خبردار طلب کا دامن
مت چھوڑنا اور اِدھر اُدھر نظر مت ڈالنا۔ اس نعمت کے سوا جو کچھ ہے
وہ ہزل و ہذیان ہے جس طرح کیمیا گر پارے کو کھرل میں ڈالکر گھوٹتا ہے
تم بھی جب تک اس طرح گھونٹے اور رگڑے نہ جاؤ گے کام نہ بنے گا۔ پس
اس راہ میں بھسم ہو جاؤ واللہ جب تک کہ محبت کی چنگاری اور معرفت الٰہی
کے سرخ گندھک تمہیں نہ ملے گی تمہارے وجود کا تانبا کبھی سونا نہیں بن سکتا
نصیحت کرد بکتوسؔاں اگر آزادہ یستاں وگر گوئی کہ نستانم غلام نست بکتوساں

فائدہ (۱۲)

معرفت الٰہی کے بیان میں

وہ شئے جس کی طلب سب سے زیادہ کرنی چاہیئے۔ اور وہ مقصود
مراد جو سب سے زیادہ پیاری اور اہم شئے ہے وہ معرفت الٰہی ہے۔
نعمت اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ محبت نہ ہو۔ محبت
کی دو قسمیں ہیں ایک عام اور دوسری خاص۔ جب پہلی جلوہ گر ہوتی ہے
تو بندہ امتثال اوامر یعنے بجا آوری احکام کی طرف دل لگاتا ہے اور
دوسری یعنی خاص قسم جیسا کہ اس کا نام ہے ویسے ہی اس کی حقیقت
ہے یہ شئے لطف محض اور اللہ تعالیٰ کی [illegible]

۱؎ بکتوساں ایک نزکو شاعر کا نام ہے ۱۲

۲؎ یہ فائدہ مکتوب نمبر (۲) [illegible]

نہیں ہوسکتی - اس کی علامت تزکیہ نفس اور توجہ تام ہے جسے یہ دو نعمتیں نصیب ہوئیں تو سمجھو اُسے محبت کی نعمت بھی عطا ہوئی ۔

۱ تزکیہ نفس کم کھانے - کم سونے - کم بات چیت کرنے اور کم ملنے جلنے سے حاصل ہوتا ہے - استقامت شرطِ کار ہے مگر توجہ تام بغیر پیر و مرشد کی تلقین کے میسر نہیں ہوتی اگر پیر و مرشد اپنی صورت کے تصور اور حضوری کے لئے کہے تو اس میں مصلحتیں ہوتی ہیں - آدمی بن دیکھی چیز کا تصور مشکل سے کرسکتا ہے - شیخ کی صورت اس کی دیکھی بھالی ہوتی ہے - اس کا تصور ممکن ہے اور جلد یہ بات حاصل ہوجاتی ہے - اس طرح جب دل جمعی پیدا ہوئی تو مرید آسانی سے آگے ترقی کرسکتا ہے تصور حضور میں جو بات پیدا ہوتی ہے وہ گو مراقبہ کرنے پر بھی حاصل ہوتی ہے لیکن پیر و مرشد کی حضوری میں ہر وقت اپنے تئیں تصور کرنے میں ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ اتفاق سے کبھی کبھی دونوں کے قلب ایک دوسرے کے آمنے سامنے آجایا کرتے ہیں اور محاذات ٹھیک بیٹھ جاتا ہے پھر پیر کے قلب سے مرید کو براہ قلب فیض پہنچتا ہے وہ بھی ایسا فیض کہ جو کچھ پیر نے ستور یاضتوں میں حاصل کیا تھا وہ مرید [illegible] اس کے گو آگوں کسی کے بہ آسانی حاصل ہوجاتا ہے اس کی مثال یوں سمجھو کہ [illegible] کا عکس اُس پانی میں پڑ رہا ہے جو اس کے محاذی [illegible] اس پانی کے سامنے ایک دیوار ہے اس پر بھی یہ عکس پانی پر سے چمک کر پڑ رہا ہے جسے عکس کا عکس کہنا چاہیئے - یہی حال مرید کے قلب پر عکس پڑنے کا ہے جو کچھ پیر نے ساری عمر میں طرح طرح کی محنت و مشقت [illegible] کیا تھا طالب کو پہلے ہی قدم میں حاصل ہوجاتا ہے [illegible] سیان نہیں

ہوسکتی۔ طالب کو جب اس کا ادراک ہوتا ہے تو پہلے پہل اس کی سمجھ میں نہیں آتا مگر تلقین پیر جس قدر بالمشافہ مفید و موثر ہوتی ہے۔ غائبانہ طور پہ خط و کتابت سے اتنی مفید و موثر نہیں ہوتی۔ گو اس کا بھی کچھ اثر ہوتا ہے اور فائدہ سے خالی نہیں ہے۔ یہ کہنا کہ شہد ایسا ہوتا ہے اس کا مزہ ایسا ہوتا ہے اور بات ہے اور پیر کا اس کے چند قطرے منھ میں ڈال دینا اور بات ہے۔ پیر و مرشد کے حضور میں یہ کام بنتا ہے اور جو دولت اور اثر فیض ہوتا ہے وہ اور ہی بات ہے۔ دل کی آنکھ اگر بینا ہے تو بینا تر ہو جاتی ہے۔ اس کام میں مداومت کی بہت ضرورت ہے فتح باب کا انتظار کرنا اور امید رکھنا چاہیئے تا وقتیکہ بندہ خدا کے ساتھ ایک نہ ہو جائے یعنے جدہر دیکھے خدا ہی کو دیکھے۔ جانے پہچانے تو صرف اسی کو جانے پہچانے نہ اس کے سوا اور کوئی نظر آئے اور نہ سوائے اس کے کسی اور کی واقفیت و شناخت باقی رہے۔ اگر یہ بات نہیں ہے تو کچھ بھی نہیں۔ امید وار رحمت داتا بہت سخی ہے۔

فائدہ (۱۳)

محبتِ الٰہی و حضوری دل و رضا بالقضا کے بیان میں

نماز پڑھنا روزے رکھنا۔ خیر خیرات کرنا یہ کام تو بیوہ بڑھیا بھی کر لیا کرتی ہے۔ طالبان خدا کے کام اور ہیں جو بغیر پیر کی مدد کے نہیں ہو سکتے اس درخت کا پھل محبت الٰہی ہے۔ یہاں عقل گم اور دل رفتہ عدم ادراک حیرت و ہیجان میں ہے۔

یاد رکھو کہ بغیر حضوری قلب کوئی عبادت عبادت نہیں اور کوئی طاعت طاعت نہیں اور حضوری قلب صرف پیر کی توجہ سے حاصل ہو سکتی ہے اس کے لئے سامنے رہنے کی ضرورت ہے۔ غائبانہ خط و کتابت سے کام لینا کافی نہیں۔ ہاں اگر پیر کے حکم پر عمل کیا جائے تو حضوری دل بہ آسانی حاصل ہو سکتی ہے۔ لوگ اسے محال کہتے ہیں مگر یہ کوئی محال شئے نہیں۔ مشکل بے شک ہے۔ مگر عجب بات ہے کہ ایسی مشکل شئے پیر کے واسطے سے سہل بلکہ سہل ترین۔ ممکن اور قریب الحصول ہو جاتی ہے۔

یہ مردوں کے کام ہیں۔ اگر عورتیں بھی انہیں کریں تو وہ بھی مردوں میں شمار ہونگی اور اگر مرد پست ہمتی کریں اور عورتوں کے سے کام کریں اور ہوائے نفس کی غلامی میں گرفتار رہیں تو وہ مرد عورت ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر۔

زندگی ہمیشہ عبادت الٰہی میں گزارنا چاہیئے اور اگر دور و نزدیک کے عزیز رشتہ دار ہوں تو ان کا حق ادا کرنا اور جیسے کہ چاہیئے اچھی زندگی بسر کرنا اور اس جہاں سے صرف نیک عمل لے جانے کی کوشش کرنا چاہیئے۔

سن لو جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ وہ خالق خیر و شر ہے جیسا وہ کرے اس پر راضی رہو اور ہرگز ہرگز ناخوشی کا اظہار نہ کرو تمہارے غم و غصے سے سوائے نقصان کے کچھ فائدہ نہ ہوگا اور وہی ظاہر ہوگا جو اللہ شانہ کی مرضی ہے ارادہ اسی کا ارادہ ہے علم اسی کا علم ہے وہ قادر مطلق ہے۔ اگر کہے کہ ہم سر پر تلوار کا وار کرتے ہیں تو دم مت مارو سر جھکا دو اگر کہے کہ جگر کو پارہ پارہ کرتے ہیں تو خبردار آہ تک مت نکالو اگر وہ دل کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے تو پیشانی پر شکن تک مت لاؤ۔ مگر ہاں وہ غفور رحیم ہے

بڑا عفو فرمانے والا اور کرم کرنے والا ہے اس سے ہمیں مغفرت و رحمت عفو و کرم ہی کی توقع ہے بندہ کو سوائے اس کے آستانہ پر سر رکھ دینے کے اور کوئی چارہ نہیں ؎ چہ چارہ باشد بیچارگان و دردترا ؎ جز آں کہ بر سر خاک در تو خوں بارند = یہی مردوں کے کام ہیں

فائدہ (۱۴)

فراغت دل سے یاد الٰہی کرنے کے بیان میں

اس سے بڑھ کر کونسی دولت ہو سکتی ہے کہ تم فراغت کے ساتھ آنے جانے والوں دوست دشمن۔ آشنا و بیگانہ سب کی مزاحمت سے محفوظ اپنے خدا کی یاد میں مستغرق رہو ؎

بہ فراغ دل زمانے نظرے بہ خود روے بہ ازاں کہ چتر شاہی ہمہ عمرے دبوے

تمہیں لوگوں کی صحبت سے کیا کام۔ تعلیم و تعلم سے کیا نسبت۔ وضو و نماز اور جو کچھ لازمات دین ہیں انھیں کافی جانتے ہو اب خدائے عزوجل کی یاد میں مستغرق رہو جس روز کوئی تمہارے پاس نہ آئے نہ تم کسی کا منہ دیکھو اور نہ کوئی تمہارا منہ دیکھے۔ اس روز تمہارا گویا معراج ہے جو لوگ حمام کی تصویروں سے امید وصال اور کھاری مٹی سے کھیتی کاٹنے کی توقع رکھتے ہیں وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے [illegible] سے [illegible] کر کے امید وفا رکھنا [illegible] جس لمحہ تمہارے دل میں غیر خدا کا خطرہ آئے [illegible]

[illegible] از مکتوب نمبر (۲۴) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب [illegible]

وبت پرست کہو۔

فائدہ (۱۵)

محبتِ الٰہی کے بیان میں

محبت تین قسم کی ہے۔ ایک محبت عامہ ہے۔ تمام علمائے تفسیر و احادیث اور استادان فقہ متفق ہیں کہ خدائے عزوجل کی محبت سے مراد اس کے احکام کی فرمانبرداری ہے۔ عقل بھی یہی کہتی ہے۔ نفس بھی یہی جانتا اور سمجھتا ہے۔ چنانچہ رابعہ عدویہ کہتی ہیں ؎

تعصی الہ وانت تظہر حبہ　　ہذا العمری فی الفعال بدیع
لو کان حبک صادقا لاطعتہ　　ان المحب لمن یحب مطیع

یعنی اللہ جل شانہ کی نافرمانی کرتے ہو اور پھر یہ بھی کہتے ہو کہ مجھے اس سے محبت ہے یہ عجیب بات ہے۔ اگر تم اپنی محبت میں سچے ہوتے تو ضرور اس کی فرمانبرداری کرتے۔ اس لئے کہ محبت کرنے والا اپنے محبوب کی ہمیشہ اطاعت کیا کرتا ہے۔

دوسری قسم محبت خاصہ ہے۔ اس کی بھی تین حصے ہیں۔ محبت افعال محبت صفات اور محبت ذات۔ محبت افعال میں صانع کے مصنوعات کا نظارہ ہوتا ہے۔ اس میں اندیشہ یہ ہے کہ بتقاضائے بشریت ان مصنوعات ہی کی محبت میں بندہ مبتلا ہو کر نہ رہ جائے۔

دوسری محبت صفات ہے۔ جتنے حسین و جمیل ہیں وہ سب جمال

تا آخر از مکتوب نمبر (۲۵) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب قاضی برہان الدین سماوی ایرجی و سید حسین و امیر سلیمان رح

الٰہی ۔ سے اکتساب جمال کرتے ہیں۔ خود اللہ جل شانہ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے ۔ اللہ نور السموات والارض ۔ مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح الخ یعنی اللہ آسمانوں اور زمین کا اُجالا ہے ۔ اس کے نور کی مثال چراغ کی سی ہے (آخر آیت تک پڑھ جاؤ) یہ آیت ہے اور وہ حدیث و اقوال ہیں اور محبت صفات کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ اسی زنجیر میں بہت سے مجذوب و سالک گرفتار رہ گئے ہیں اور قید سے خلاصی نصیب نہ ہوئی ۔ ذات جو اس پردہ کے پیچھے ہے اس کی طرف نظر نہ گئی اور جس ذات نے نعت لطف و جمال اور صفت رحمت و کرم کی صورت میں جلوہ فرمایا ہے ادھر نگاہ نہ اٹھی ۔ بہت سے بڑے بڑے لوگوں کو اس میدان میں رہ جانا اور بہت سے راہ چلنے والوں کو یہیں گرفتار بلا ہونا پڑا ہے اور ملحد و زندیق ہو گئے ہیں۔ اس گھاٹی سے جان بچا لینا سوائے پیر کی عنایات کے ممکن نہیں۔ محبت ذات اسی کی عنایت و توجہ سے حاصل ہو سکتی ہے اور بس ۔

تیسری قسم محبت اخص الخواص ہے وہ ذات مقدس و مطہر کی محبت ہے ۔ ابرار و احرار کی زبان و فعل سے اس کا بیان نہیں ہو سکتا ۔ یہاں بیان کا دروازہ بند اور عقل کی زبان پر گرہ لگی ہوئی ہے اللھم لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک یعنی اے بار الٰہا تیری تعریف کا احصی ہم نہیں کر سکتے تو ویسا ہے جیسا کہ تو نے خود اپنی ثنا کر کے فرمایا ہے اسے ایک اشارہ سمجھو العجز عن المعرفۃ معرفۃ (یعنی معرفت الٰہی سے اپنی عاجزی اور بیچارگی کو جاننا بھی ایک معرفت ہے) جو ایک رمز ہے اس پر غور کرو۔ خبردار دھوکہ دینے والوں کے دھوکے میں مت آنا اور ان کی پیروی نہ کرنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے اور یہ نعمت نہیں نصیب ہو سکیگی ع

"تراممکن چنیں دولت تواز بے دولتی غافل" ۔ مگر ایک لمحہ کے لئے بھی ہوس نفس کے پھندہ میں نہ پڑنا کتنے افسوس کی بات ہے کہ اس جہاں سے چلے جاؤ اور اس دولت نقد میں سے کچھ بھی تمہارے حصہ میں نہ آئے ۔ ایک وقت ایسا آئیگا کہ اپنے تمام کئے پر پشیمان ہونا پڑے گا ۔ پس غافل اور بے غم مت بیٹھو ۔ آخر تمہیں خدا کے ساتھ رہنے میں کیا نقصان ہے اگر کسی بے حقیقت خیالی و فانی شے کو دے کر اس نعمت کو خرید لو اور ایک ذلیل شئے کے بدلے خدا تمہارے ہاتھ آئے تو کیا یہ کوئی نقصان و زیاں کی بات ہے ۔ چلے آؤ چلے آؤ ابھی وقت باقی ہے ۔ دروازہ کھلا ہوا ہے دربان مزاحم کا رنہیں اور راہ گذر عام ہے تم ہی کیوں محروم رہو امید ہے کہ سب مسلمان اپنے اپنے راستہ پر ہولیں گے اور مقصود سے محروم نہ رہیں گے ۔

فائدہ[1] (۱۶)

ضرورت صحبت و ارشاد پیر و محبت الٰہی کے بیان میں

جو کوئی تنہائی میں زندگی بسر کرے اور کھانے پینے میں کمی کرے اس میں نور اور صفائی قلب پیدا ہو جائیگی ۔ جو خواب دیکھے گا صحیح اترے گا جو بات اس کے دل میں آئے گی تقدیر کے موافق ہوگی ۔ اس عمل سے ہر قسم کے لوگ اس سے محبت کرنے لگیں گے اور معتقد ہو جائیں گے مگر اہل طریقت کے نزدیک یہ کوئی بڑی بات نہیں ۔ مقصود جو ہے اس سے بہت دور ہے

---

[1] ماخوذ از مکتوبات نمبر (۲۶ و ۲۷) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنام خواجہ ابراہیم رحمہ و جواب شیخ خوجن دولت آبادی

اور وہ بجز پیر کی صحبت کے حاصل نہیں ہو سکتا۔ ایک مشفق پیر کے ارشاد کی بہت ضرورت ہے اس کے بغیر اس مقصد تک جو سب سے زیادہ بڑا۔ سب سے زیادہ اہم ہے پہنچنا دشوار ہے پس پیر کی ملازمت صحبت و اطاعت اختیار کرو۔ وقت بہت قیمتی ہے اور عمر تھوڑی رہ گئی ہے اور غفلت جو طاری ہے ایک جنونی کیفیت رکھتی ہے۔ جانتے بھی ہو یہ غفلت کس چیز سے ہے۔

در جہاں شاہدے و با غافل در قدح جرعہ و با ہشیار

کوشش کرو۔ گو عمر اخیر ہے مگر ممکن ہے اب بھی یہ نعمت نصیب ہو جائے

ایک حکایت سنو! ایک سوداگر کے پاس ایک لونڈی تھی اس سے ایک نوجوان کو عشق ہو گیا۔ اس غم میں گھلتے گھلتے وہ بیمار پڑ گیا سب طرح کے دارو درمن، ٹوٹکے کئے گئے۔ کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ایک دن ماں نے پوچھا۔ پوت تو میرا گوشت و پوست میرے جگر کا ٹکڑا ہے بتا تو سہی کہ معاملہ کیا ہے۔ اس نے ماں کی شفقت دیکھ کر سب حال بیان کر دیا۔ ماں نے کہا یہ کونسی بڑی بات ہے۔ سوداگر کے یہاں پیام بھیجا کہ لونڈی کو ہمارے ہاتھ بیچ دو۔ اس نے انکار کیا۔ ادھر اس کنیزک کی حالت بھی خراب تھی اپنے آپ گھل رہی تھی۔ حتیٰ کہ اسے دق ہو گئی۔ سوداگر نے یہ دیکھ کر سودا کر لیا اور کنیزک اس گھر میں آئی۔ نوجوان کے اعزا سب آ گئے اور بتدریج اسے محبوبہ کے آنے کی خبر دینی شروع کی کہ کہیں شادی مرگ نہ ہو جائے غرض جب وہ سامنے آئی تو لڑکے نے سب کو ہٹا دیا کہ راستہ خالی کر دو تاکہ میں اس جمال جہاں آرا پر ایک نظر ڈال سکوں۔ جس وقت نوجوان کی نظر اس کوکب دری پر پڑی دونوں ہاتھ نچھاور ہونے کے لئے پھیلا دیئے لوگوں نے لڑکی کو سینہ پر ڈال دیا۔ دونوں کا سینہ سے سینہ ملا اور ٹھنڈا

جان بحق تسلیم ہوگیا - یہ عشق کی ایک کمترین تجلی تھی - پس اُس تجلّی اور نعمت کا کیا پوچھنا جو جمال وجمیل دونوں کی خالق کی تجلی ہو - جب اس بھید کے طلب سر پر سوار ہوگی تو کیا حال ہوگا - اب سنو کہ ہم جو ہر ایک کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں پکڑ لیتے اور مرید کر لیتے ہیں تو اس لئے کہ ہم اسی کام کے لئے بنائے گئے ہیں کہ اس بھید سے لوگوں کو آشنا کریں - ہماری مثال ایک شکاری کی سی ہے جس نے جال بچھا دیا ہے اور مرغ زیرک کا انتظار ہے اس اثنا میں چھوٹی موٹی چڑیاں بھی جال میں آجائیں تو کوئی مضائقہ نہیں -

اگر چاہ تمہارے لئے مانع ہے تو اسے کوئیں میں ڈالو اور اگر کوئی اور شئے دامن گیر ہے تو اس پر بھی مٹی ڈالو اور آؤ ادھر آؤ ؎

چہ یکونین می شوی مغرور ہر دو عالم بدو منبا دلہ کن

فائدہ (۱۷)

ترک ماسوی اللہ اور حصول قرب الٰہی کے بیان میں

خدا کی یاد اور اس کے کام کے سوا جو کچھ بھی ہے سب خرافات ہے لہو ولعب ہی نہیں بلکہ ممنوع ہے - کیا جو شئے خدائے عزوجل سے باز رکھے وہ ممنوع نہ کہی جائے گی ؟ ایسے باتوں میں خبردار مت پڑنا - کہیں آب رواں پر کوئی نقش بنایا جا سکتا ہے - شور زمین میں کھیتی کرنے سے کچھ فائدہ حاصل ہو سکتا ہے ؟ اندھیرے راستے میں آفتاب عالمتاب کا انتظار

۱؎ خوذ از مکتوبات نمبر (۲۸ و ۲۹) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب مولانا قطب الدین دیگر ساکنان گجرات و بعضے دیگر مریدین ۱۲

مت کر دیب کو دل سے دور رکھو اور صرف خدا کو اس میں جگہ دو ۔ پیر سے مدد لو اور این وآن میں دل مت اٹکاؤ ۔ اس میں شک نہیں کہ تدبیر معاش لابدی شئے ہے مگر اس میں اتنا انہماک نہ چاہیئے کہ بندہ خدا کو بھول جائے اور اس کی یاد میں غفلت کرنے لگے۔ استغفر اللہ۔

جو شئے کہ خدائے عزوجل سے باز رکھے وہ حرام ہے اس میں کبھی برکت نہیں ہوتی ۔ اس تھوڑے کو بہت سمجھنا خبردار یہ گمان نہ کرنا کہ کہاں میں اور کہاں یہ کام ۔ ہر شخص میں خدائے وہاب نے اس کی استعداد وقابلیت رکھی ہے۔ جو میں کہتا ہوں اور جو پیروں نے کہا ہے اس پر عمل کر کے دیکھو تو سہی ۔ ایسا جہاں نظر آئے گا کہ کبھی نہ آنکھ نے دیکھا اور نہ کبھی وہم کا ادھر سے گذر ہوا ہوگا ۔ ہماری بھی عجب حالت ہے ہر شخص سے چاہتے ہیں کہ ادھر آئے ۔ ہاتھوں میں شراب محبت الٰہی کا خم لئے کھڑے ہیں ۔ شراب جوش مار رہی ہے اور راہ گیروں کے لئے سبیل رکھی ہوئی ہے ایک شخص اس میں سے قدح بھر کر صدا لگا رہا ہے حیّ علی الراح والریحان ۔ یہ لو رحمت و رزق الٰہی کے پیالے پیو لیکن لوگوں کی یہ بے پروائی ہے کہ کوئی ادھر رُخ ہی نہیں کرتا اور ہماری صدا پر لبیک ہی نہیں کہتا ۔ کب تک آخر اس اندھیری کوٹھری میں رہنا ہے آخر ایک دن سب سامان اٹھا کر صحرائے عدم میں بستر لگائیں گے ۔ بیگانوں سے خلاصی حاصل کرنے کی خوشی منائیں گے اور اپنے نشان کا علم میدان میں ہوتی ہیں نصب کریں گے اور اطراف عالم کو آراستہ پیراستہ کریں گے اور جہاں اپنا ملجا وماوا اور جائے قرار ہے وہاں گھر بنائیں گے ۔ اپنے وقت کے خود مالک وسلطان ہوں گے ۔ کچھ روحانی اشیاء روحانی عالم کے

باشندوں کو تحفہ دیں گے اور پھر اس سے آگے اور اونچے اڑیں گے۔ حتیٰ کہ ایک کے ساتھ ایک ہو جائیں گے یہاں تک کہ اپنا نشان بھی باقی نہ رہے گا خود ہی اپنی باتیں۔ خود اپنے سے۔ اپنے ہی حال کی اپنے ہی نفس سے کریں گے والسلام۔

فائدہ (۱۸)

محبت الٰہی کے بیان میں

اللہ جل شانہ کا ہر حال میں شکر ہے آرام میں بھی تکلیف میں بھی۔ نرمی میں بھی گرمی میں بھی اور سب تعریفیں ہر حال میں اسی کے لئے ہیں پھر درود نامحدود اس ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو جو تمام انبیاء کے سردار اور آپ کے اصحاب و اولاد و عترت پر۔

تمام اہل تحقیق کے سامنے یہ مسلمہ ہے کہ تمام کاموں میں سب سے بڑا کام اور تمام مقصدوں میں سب سے اہم مقصد محبت اللہ جل و علیٰ ہے۔ محبت کے اسلوب کے اسباب موجبات طرح طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک عقلمند آدمی یہ سوچتا ہے کہ جب کہ ہر شئے فنا ہونے والی ہے تو عمر کو کس کام صرف کرنا چاہئے۔ سب سے بہتر اور عمدہ شئے عبادت الٰہی ہے مگر اسے بھی فنا ہے۔ آج ایک آدمی نماز پڑھتا ہے بہترین طریقہ پر تمام شرائط پورے پورے ادا کر کے پڑھتا ہے۔ کل قیامت کے روز اسے اس نیکی کا پھل ملے گا۔ لیکن نماز کہاں ہوگی؟ صرف و ربط خیال میں جنت انعام [illegible] اپنی فنائیت تا مراد ہے مترجم۔

واکرام کی جگہ ہے مشقت و تکلیف کی جگہ نہیں - وہاں یہ ریاضتیں کہاں اور اگر کوئی
پڑ بھگے تو جہاں اور بہت سی لذیذ و مرغوب اشیاء وہاں ہونگی لذت لینے کے لئے
وہاں ایک یہ شئے بھی ہوگی یعنی ملذات میں اس کا بھی شمار ہوگا مگر نماز نہ ہوگی جب
اس کا یہ حال ہوگا تو اس جہاں کے اور اشیاء یعنی مال وجاہ و قوت و عیش تمتع
کا کیا ذکر لیکن محبت اللہ سبحانہ و تعالیٰ کو دوام ہے وہ رہے گی وہ ازلی و ابدی
ہے - جب محبوب خود ازلی و ابدی ہے تو اس کی دوستی بھی ایسی ہوے پس
جس کو قلب سلیم عطا ہوا ہے وہ سب کو پس پشت ڈالکر صرف محبت الٰہی کی طرف
رُخ کرتا ہے - حکیم سنائی فرماتے ہیں کہ حکمت و ہمت کا یہی تقاضا ہے کہ سوائے اللہ
جل شانہ کے اور کسی کی طلب میں عمر عزیز صرف نہ کیجائے - ہاں ایسا ہی ہے
مگر میری بھی بات سن لو طالب جس میں محبت کا مادہ بھر دیا گیا ہے اور عاشق
جو سوز و گداز عشق میں مبتلا ہے وہ دوسری ہی شئے ہے وہ اس سب کے
پرے ہے اس کا بافن اس ذات قدسی و سبوحی کی طلب میں منہمک ہے
جو تمام وجودات کے پرے اور جملہ نسبت و اضافات کے ورے ہے ناصح
مشفق یہ نصیحت فرماتے ہیں کہ اے حیض والی کے نیچے کہاں مٹی کا ڈھیر اور
کہاں سب کا پالن ہار - کہاں میلا کچیلا اور کہاں تمام جہانوں کا پروردگار اور اس
کی باتیں - تیری ہستی ہی کیا ہے اپنی جگہ پہ قائم رہ اور حظ بندگی کو درست کر
اور امیدوار رہ کہ کل تجھے بھی نجات مل جائے گی اور جنت میں رہنے کو جگہ ملیگی
یہ غریب بھی سوچتا ہے کہ ہاں یہ لوگ نصیحت تو ٹھیک کر رہے ہیں - محبت
میں یک گونہ خست چاہیے - مجھ میں اور اس میں کیا نسبت اس حظ سے ہاتھ
باز رکھ اور بس نماز روزہ و تلاوت و غیرہ میں مشغول رہ - یہ سب بجا - لیکن
دل کی حالت اور ہی تغزلی ہے وہ اپنے [illegible]

نہ چھوٹنا چاہتا ہے ؎

دل راز عشق چند ملامت کنم کہ چیست ایں بت پرست کہ نہ مسلمان نمی شود

محمد حسینی اپنے دل میں کہتا ہے۔ کیا خوب۔ یہ گرفتار بلا تو میں ہی ہوں ؎

محمد را نہ حال او چہ پرسی گرفتارم گرفتارم گرفتار

ایک بھنور میں پڑا ہوا ہوں۔ نہ کوئی شئے ہے جسے ہاتھ سے پکڑوں اور نہ اتنی سکت ہے کہ کہیں بھاگ جاؤں۔ بس ایک شیخ کا دامن ہے جو کہ ہاتھ میں ہے۔ اس وقت تک یہی حال ہے۔ قد دوہرا ہو گیا ہے مگر دل ویسا ہی دلدادہ و شیفتہ ہے ؎

ندانم برچہ گردد آخر ایں کار مرا دل دادہ و معشوقہ خود کام

بس اے برادر میری بات مانو کہ محبت الٰہی سبھی کچھ ہے اور پوری پوری محبت اسی وقت ہوتی ہے جب کہ پہلے معرفت حاصل ہو چکی ہو۔ جو کچھ تیرے پاس ہے کچھ نہ رہیگا اگر کچھ عقل ہے تو عمر ضائع مت کر۔ کچھ وقت یاد الٰہی اور خدا کے کام میں بھی صرف کر۔ زن و فرزند اور مال و اسباب اور عیش و روزگار کی فکر کب تک۔ ایک شخص ایک حسین و جمیل عورت کی طرف گھور رہا تھا۔ عورت نے بیزار ہو کر پوچھا میرے پیچھے کیوں پڑ گیا ہے اور کیوں گھور رہا ہے اس نے کہا میں تیرا عاشق ہوں۔ عورت نے کہا دیکھو یہ پیچھے میری بہن ہے جو مجھ سے بہتر ہے۔ اس نے پیچھے منہ کر کے دیکھا۔ عورت نے سر پر ایک دھول رسید کی اور جھڑکی دی کہ اے مردک دعوئ عشق کرتا ہے اور پھر یہ گمان کرتا ہے کہ مجھ سے بھی کوئی خوبتر ہے۔ ذرا سوچ تو سہی کہ جس روز تمہیں قبر میں لٹائیں گے اس وقت سوائے اس ذات واحد کے جو احد و صمد و وتر و فرد ہے اور بھی کوئی تمہارے ساتھ ہوگا؟ کوئی نہیں۔ پس اے جوانمرد کچھ اس ذات کے

ساتھ بھی مشغول رہ جس کے سوا اور کوئی شے تیرے ساتھ نہ ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُن آخری الفاظ کو یاد کر کہ الرفیق الاعلیٰ۔ اگر تجھ سے یہ نہیں ہو سکتا تو خیر کم سے کم جادۂ شریعت پہ قائم رہ زمانہ اخیر ہے اولیا اللہ گم ہو گئے ہیں اور طالبان حق بہت کم ہیں۔ تمام گناہوں سے توبہ کرو اُس پہ قائم رہو۔ ظاہری عبادت پر قائم رہنا ہی توبہ پر قائم رہنا ہے۔ والسلام

فائدہ (۱۹)

معرفت و محبت خدائے عزوجل اور دنیا کی قدر

اس عالم کو عالم مجاز کہتے ہیں اور مجاز کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ یہ عالم محل جواز حقیقت ہے۔ عالم حقیقت سے ایک علاقہ خاص رکھتا ہے اور اسی کے بموجب اس کا وجود بھی ہے۔ مشہور ہے کہ المجاز قنطرۃ الحقیقۃ یعنی یہ عالم مجاز عالم حقیقت تک پہنچنے کا ایک پل ہے۔ اسی پل پر سے گذر کر وہاں پہنچتے ہیں۔ پھر اس عالم میں لذتیں ہیں جمال ہے اور کمال کی صورت ہے آدمی ان رکاوٹوں سے نذر کے۔ اور انکی طرف سے بے پروا ہو کر چلا جائے تو امکان ہے کہ عالم حقیقت سے کچھ اسے مل جائے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مجاز یعنی [illegible]

ہے - سراب کو پانی سمجھنا نادانی نہیں تو اور کیا ہے لیکن ہاں ہمہ بے ثباتی
اس جہاں میں سب سے افضل شئے کہتے ہیں کہ عبادت الٰہی اور علم ہے
علم کے مراتب اعلیٰ ہیں - علم میں بھی افتاء و اجتہاد سب سے اعظم شے ہے مگر
یہاں سے گذر جانے کے بعد نہ عبادت رہتی ہے اور نہ علم - صرف اس کا
اثر اور ثواب رہ جاتا ہے جس کے بدلے جنّت ملتی ہے - پس یہ افضل شئے
بھی فانی اور زائل شدنی ہوئی - اس شئے کے بعد تعبد کا مرتبہ ہے - اس میں
صلوٰۃ یعنی نماز سب سے بہتر ہے - اگر کوئی پوری پوری شرائط سے اسے
ادا کرے تو خدائے عزوجل اس کے اخلاص کے بموجب قبول فرماتا اور
ثواب عطا فرماتا ہے - حُور و قصور جنت کا ملنا اور دوزخ سے نجات اس کا
ثمرہ ہے - لیکن مرنے کے بعد پھر نماز نماز نہیں رہتی اس لئے کہ دوسرا عالم
جس میں بندہ منتقل ہوتا ہے انعام و آرام کی جگہ ہے نہ کہ مشقت و تکلیف
کی - پس جب یہ چیزیں سب کی سب سایہ کی طرح زائل ہو جانے والی ہیں تو پھر
کس چیز کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے ایسی جسے ثبات و قیام نصیب ہو - ایسی جو
ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے جب تک تم اس عالم میں رہو تمہارے ساتھ
اس عالم میں رہے اور جب تم اس عالم سے جاؤ تو بھی وہ ساتھ ہی ساتھ
وہاں رہے - جب تک قبر میں رہو وہ بھی تمہارے ساتھ قبر میں رہے اور جب
قیامت میں اٹھو تو وہ بھی تمہارے ساتھ اٹھے - یہ چیز بس معرفت و محبت
خدائے جل و علی ہے محمد حسینی کا کہنا مانو اور ان دو چیزوں کے واسطے تمام
دوسری چیزوں سے دست بردار ہو جاؤ - انہیں نہ زوال ہے نہ فنا - اگر ان
دونوں میں سے کچھ بھی تمہیں یہاں ملگیا تو بس تم اللہ کے ساتھ رہکر غنی اور
تمام ماسوا سے مستغنی ہو گئے - جتنے نبی اور ولی یہاں سے گئے سب اس لحاظ

سے پشیمان گئے ہیں کہ افسوس ہم نے اس دنیا کی قدر نہ جانی۔ ذات پاک و خرقہ شیخ کی قسم اس جہاں میں ایسی نقد نعمت ہے کہ اگر محرموں کو حقیقت حال معلوم ہو جائے تو اپنے جگر خون کر دیں اور اپنے تئیں خائب و خاسر جانیں۔ ہمت و ہمت تو یہ کہتی ہے کہ میں پردہ اٹھا دوں اور حقیقت کھول کر رکھ دوں لیکن واسطہ تقدیر الٰہی بیچ میں آ جاتا ہے اور ارشاد ہوتا ہے کہ نصیحت کرو خیر خواہی کرو۔ علم سکھاؤ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں جو کوئی اس راہ میں آئے گا اور تمام شروط کے ساتھ طلب و سلوک میں قدم اٹھائے گا اس کے لئے اس کی حیثیت کے مطابق ہم ان پردوں کو اٹھاتے جائیں گے ورنہ ہماری مہر لگی ہوئی ہے اسے کوئی توڑ نہیں سکتا۔ ختم اللہ علی قلوبھم اس کے دو معنی ہیں۔ ایک تو یہ کہ کافروں کے دلوں پر جو غیر خدا کو عبادت میں شریک کرتے ہیں۔ مہر لگا دی گئی ہے چنانچہ اسی حال پر وہ مرتے ہیں۔ دوم یہ ہے کہ بعض مومنوں پر مہر لگا دی گئی ہے کہ وہ اس اعتقاد پر جم گئے ہیں کہ اس جہاں میں الٰہیات سے کچھ ہمیں نصیب نہیں ہو سکتا اسی عقیدہ پر رہتے ہیں اور اسی پر لوگوں کو بلاتے ہیں اور اسے للہ فی اللہ تصور کرتے ہیں۔ ان علمائے ظاہر و خود بیں فقیہوں پر افسوس ہے

اے دوستو اے عزیزو۔ خدائے عزوجل کے کرم سے تمہارے پاس سب چیزیں ہیں۔ ہاتھ پاؤں، زن و فرزند سب ہی کچھ ہیں۔ تم کہتے ہو کہ سب کچھ تو ہے، ایک شئی نہ ہونہ سہی۔ خدا کے لئے ذرا استاد ابو القاسم قشیری کی یہ بات سنو وہ کہتے ہیں کہ آیت فمن شرح اللہ صدرہ للاسلام فھو علی نور من ربہ فویل للقاسیۃ قلوبھم من ذکر اللہ کیا وہ شخص جس کا سینہ خدا نے اسلام کے لئے کھول دیا ہے اور وہ اپنے پروردگار

کی بھیجی ہوئی روشنی پر چلتا ہے اس کے برابر ہو سکتا ہے جو کفر کی تاریکیوں میں پڑا ہے افسوس ہے ان لوگوں پر جن کے دل یاد خدا سے غافل ہو کر سخت ہو گئے ہیں) جب نازل ہوئی تو صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شرح صدر کے معنی پوچھے جس کا قرآن میں یوں ذکر فرمایا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ ایک نور ہے جو بندہ مومن کے قلب میں ڈالدیا جاتا ہے۔ صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ اس نور کی علامات کیا ہیں آپ نے ارشاد فرمایا التجافی عن دار الغرور وانابۃ الی دار الخلود والاستعداد للموت قبل نزولہ یعنی اس دھوکہ کے گھر سے اعراض کرنا اور اس میں دل نہ لگانا اور ہمیشہ رہنے والے گھر کی طرف رجوع کرنا اور موت آنے کے پہلے اس کے لئے تیاری کر لینا۔ اس قدر لکھ کر استاد ابوالقاسم توضیح فرماتے ہیں کہ وہ نور جو بارگاہ حق جل تعالیٰ سے آتا ہے وہ نور لوائح ہے جو علم کے تاروں سے چاندنی چھٹکاتا ہے پھر نور طوالع ہے جو اسرار کے فہم میں آنے کے بعد دل کو منور کرتا ہے اور ادراک و فہم کے ساتھ پرتو افگن ہوتا ہے۔ اس کے بعد نور لوامع ہے جو ایقان کی زیادتی سے پیدا ہوتا ہے۔ پھر نور مکاشفہ ہے جو تجلی صفات سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس کے بعد نور مشاہدہ ہے جو ذات کے ساتھ روشنی ڈالتا ہے۔ پس اے مرد ناداں تو کیوں غافل سو رہا ہے راستہ بھٹک کر اس پر خوش ہوتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں برسر راہ ہوں استغفر اللہ اگر یہ نعمت نصیب ہو جائے تو ہے قسمت بڑی نعمت ہے ورنہ اس کام میں اگر سر بھی جاتا ہے تو کچھ پروا نہیں [illegible] شخص کا ایک مقصد و مطلب ہوتا ہے [illegible] خدائے عزوجل سے تو ہے کا [illegible]

اس قدر بس کافی ہے۔ والسلام

فائدہ (۲۰)

ترک ہوائے نفس میں

کوئی شخص خدائے عزوجل کا راستہ اس وقت تک طے نہیں کر سکتا ہے جب تک کہ اپنی ہستی و خواہشات میں گرفتار رہا ہے۔ جب ان سے نجات حاصل کی تب وصال محبوب کی راہ ملی ہے۔ جو شخص اس مقصد سے کسی ایک کام میں مستغرق رہا وہی ایک اعتبار سے اپنی خواہشات ہستی سے چند قدم پیچھے ہٹا ہے۔ اور اس راہ میں چند قدم آگے بڑھا ہے۔ مگر ایک شخص ہے کہ اکثر اوقات بہترین احوال میں صرف کرتا ہے۔ اس کے حق میں اصطلاح صوفیہ کے بموجب ہوائے نفس سے باہر آنا اس وقت تک نہ کہا جائیگا جب تک کہ وہمی نہیں بلکہ حقیقی طور پر اس گرفتاری سے باہر نہ نکل آئے اور یہ بات اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک کہ کسی رہبر کی پیروی اس نے نہ کی ہو اور اس کے حکم پر نہ چلا ہو۔ میرے خواجہ[1] فرمایا کرتے تھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص دو بار پیدا نہیں ہوا وہ ہرگز آسمانوں اور زمینوں کے ملکوت میں باریاب نہیں ہو سکتا۔ یہ دو ولادتیں درحقیقت یہ ہیں۔ ایک طبعی۔ دوسرے حقیقی۔ طبعی وہ ہے جو انسان کی

---

[1] خواجہ از مکتوب (۳۳) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ جانب بعض مریدان چندیری دکالپی۔ [2] حضرت خواجہ نصیر الدین محمود اودھی رح۔

عادت جاریہ ہے۔ اور حقیقی وہ ہے جس کو اس طرح سمجھو یعنی انسان بوجہ اس کے کہ وہ بھی ایک حیوان ہے اور حیوانیت کے جذبات مثلاً غضب و غصہ و شہوات نفسانی وغیرہ وغیرہ جو جانوروں کے صفات ہیں اس میں بھی پیدا کئے گئے ہیں اسکے لئے انکو روکنا۔ حد اعتدال میں رکھنا اور نفس کے لئے انہیں ترک مطلق کر کے خدا کے لئے حسب ضرورت کام میں لانا ان صفات حیوانی سے باہر آنا ہے۔ یہی ولادت حقیقی ہے۔ جب یہ ولادت نصیب ہوتی ہے تب خدائے جل و علیٰ کا وہ لطف جو اخص خواص کے ساتھ مخصوص ہے اس پر بھی ظاہر ہوتا ہے۔

تمہیں جو حسن عطا کیا گیا ہے اس میں ایک حسن صورت ہے اور ایک حسن معنی۔ حسن صورت کو تم جانتے ہی ہو مگر حسن معنی اس وقت تک حاصل نہیں ہوتا جب تک کہ حسن صورت سے قطع نظر ملکوتی صفات بھی تم میں نہ ہوں جتنی حیوانی صفتیں ہیں وہ سب زائل ہو گئی ہوں اور ملکوتی صفات باقی رہ گئی ہوں جب تک چھلکا دور نہیں کیا جاتا مغز نہیں ہاتھ آتا۔ صفات حیوانی پوست کے مانند ہیں اور صفات ملکوتی مغز کے مانند اس لئے حیوانیت کو دور کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

ہر چیز کے خلاصہ کو ملکوت کہتے ہیں کہ **ملکوت کل شئی باطنہ** یعنی ہر شئے کا باطن اس کا ملکوت کہلاتا ہے۔ ولادت معنوی سے اسے ملکوت کی راہ ملتی ہے یعنی جب تک کہ آدمی خسیس اور رذیل خواہشات کو ترک کر کے صفات حسنہ نہیں پیدا کرتا آسمانوں اور زمینوں کے خلاصہ تک جان کا باطن اور سر سے رسائی نہیں ہوتی حدیث شریف میں ہے کہ **لولا الشیاطین یھومون یرمون حول قلب بنی آدم لنظروا**

الی ملکوت السمٰوت یعنی اگر شیاطین انسان کے قلب میں خطرات اور رکیک ارادے نہ ڈالتے رہتے تو وہ آسمانوں کے خلاصہ اور باطن کو دیکھ سکتا۔ خطرات وہواجس نفسانی خواہشات اور حیوانی آرزوؤں سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر ان خواہشات اور آرزوؤں کے آدمی پیچھے نہ پڑے تو شیطان و نفس کی پیروی سے نجات حاصل کر سکتا ہے اور آسمانوں کا باطن اسے نظر آسکتا ہے اور اپنی حقیقت سے آگاہ ہو سکتا ہے۔ یا ایھا الذین آمنوا علیکم انفسکم (یعنی اے ایمان والو اپنے نفس سے آگاہ و خبردار رہو) کے یہی معنی ہیں۔ بہرحال نہ تم سے باہر کوئی کام ہے اور نہ تمہارے سوا کوئی دوسرا یار ہے۔ تم اپنے آپ کو کسب کرو۔ اور ہر شئے کو اپنے ہی ساتھ اور اپنے ہی اندر تلاش کرو۔ شرط طلب تمہیں اوپر بتادی گئی ہے یعنی ہوائے نفسانی سے نجات حاصل کرنا اور مرادات نفسانی کو ترک کرنا جب تک کہ یہ شرط جو مطلوب ہے پوری نہ ہوگی مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ حیوانوں اور انسانوں میں یہی فرق ہے۔ انسانیت میں خدادانی۔ خداشناسی۔ خداپرستی اور خدابینی ہونی چاہیئے۔ ورنہ وہ دوپاؤں کا ایک جانور کہا جائے گا۔ انسان کو احسن تقویم سے نسبت اس لئے دی گئی ہے کہ اسے عبادت و معرفت خاص حاصل ہوئی ہے۔ اس میں کوئی اس کا شریک نہیں۔

اب تم بتاؤ کہ کس کام میں عمر بسر کر رہے ہو۔ چاہو تو خوار جیو مردار مرو اور شرمسار رہو۔ آخر اپنے تئیں کیوں نقصان میں رکھتے ہو اچھا پانی چھوڑ کر گدلا پانی پی رہے ہو۔ قبول وجدان کے بعد اب محرومی اور خسران میں پڑ گئے ہو۔ ع ترا ممکن چنیں دولت تو از بدبختی غافل

اس قدر عمر بیکار گذر گئی۔ نفس کی خدمت جو کرتے رہے اس سے کیا نقد نصیب ہوا۔ آج سب کچھ تمہارے لئے ممکن اور قریب الوصول ہے کل یہ بات نہ ہوگی۔ جس قدر ہو سکے تمہیں خدائے عزوجل کے ساتھ مشغول رہنا چاہیے مگر تم ہو کہ اس نعمت سے محرومی پر قانع ہو۔ کیا اچھا ہو کہ ایک رذیل و شنیع چیز کو چھوڑ کر لطیف و شریف چیز اختیار کر لو۔ تجارت میں بس نفع ہی نفع ہے۔

فائدہ (۲۱)

سلوک و توجہ پیر و تخلیہ و تجلیہ کے بیان میں

سلوک کی بنیاد تخلیہ و تجلیہ پر ہے۔ تخلیہ سے مراد ہے۔ اللہ جل شانہ کے سوا اور سب طرف سے دل کو ہٹا لینا اور تجلیہ سے مراد ہے نفس کا تزکیہ اور جلا۔ توجہ تام کے ساتھ اللہ جل شانہ کی طرف متوجہ ہونے اور نفس کو طرح طرح کی عبادتوں میں مشغول رکھنے سے جلائے باطن حاصل ہوتی ہے جس نے یہ دو نعمتیں پالیں اسے دونوں جہاں کی نعمتیں مل گئیں خدائے عزوجل تک جو لوگ پہنچے ہیں وہ ہوائے نفس کے خلاف عمل کرنے۔ اللہ کی یاد میں راتوں کو جاگنے۔ دن میں روزے رکھنے اور کھانے پینے میں کمی کرنے اور دوام متوجہ رہنے سے اس مرتبہ پر پہنچے ہیں۔ اس نعمت کے حصول کے لئے پیر کی توجہ کی ضرورت ہے ہم سے جو پیر نے فرمایا ہم اس پر چلے اور ان کی اقتدا کی برکت سے فضل

الٰہی ہمارے شامل حال ہو اور تمام مرادیں مل گئیں - یہ ایک کلیہ ہے جو میں کہہ رہا ہوں جزئیات کو اسی پر تطبیق دے لو - جہاں ہوائے نفس ہو اسے ترک کر دو جہاں کوئی آرزو ہو اسے نظر سے دور کر دو - دیکھو تو پھر کیا کیا نعمتیں نصیب ہوتی ہیں -

تخلیہ میں جہاں اعراض عما سوی اللہ شرط ہے اس سے مراد تمام مال و منال جاہ و جلال عز و کمال - فر و وقار - ہوا و ہوا - افتقار و غنا وغیرہ ان میں سب آ گیا وہ ایک کلیہ ہے اس کی تفصیل ہر شخص خود سمجھ لیا کرتا ہے اسی طرح تحلیہ بھی ایک کلی کلمہ ہے جس میں تہذیب اخلاق - اعتدال غضب و غصہ شہوت و اکل و شرب سب آ گیا - غصہ اگر آئے تو دینی امر میں جیسے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی لڑائی میں شان ہوتی تھی - اعتدال شہوت سے اگر یہ نیت ہو کہ نکاح سے دفع تعلق و تشویش کیا جائے یا ولد صالح کی توقع کی جائے تو اس کا رنگ بھی بدل جاتا ہے اور برائی سے نیکی کی طرف آ جاتا ہے - کھانے پینے میں اعتدال کے معنی یہ ہیں کہ صرف اس قدر کھائے جو کہ جسم کو قائم رکھے اور صحت و تندرستی کے لئے ضروری ہو اور قلب میں اضطراب نہ پیدا ہو - سونے میں اعتدال کے معنی یہ ہیں کہ تمام رات میں ایک ربع سوئے - ایک ربع نماز و تلاوت و اوراد کے لئے رکھے - باقی حصہ ذکر و مراقبہ میں گذارے - اعتدال اس حد تک رکھے جس قدر کہ اس کی ہمت و طاقت ہو - اعتدال حرص سے مراد ہے صرف اس قدر رعایت کرنا کہ طاعت و عبادت سے جی نہ گھبرا جائے خاموش رہنا اور زیادہ باتیں نہ کرنا بہتر ہے - اپنے اس حال کو دوسروں سے کہنا نہ پھرے - کلام اتنا کرے جس قدر کہ ضرورت بشری کے لئے لازمی

عصا کر دو سے مراد ہیں سیخ چلی کی سی تمنائیں جنکی نار و بھی خواہشات پر ہو اور ہوا و ہوس انکی بنیاد ہو ۱۲

ہو۔تلاوتِ کلام مجید و اوراد وظائف میں مشغول رہنے سے خود بخود گپ شپ میں کمی ہو جاتی ہے۔ لتبدی اللہ نصیحت کرنے میں مضائقہ نہیں۔ اگر ان حکایتوں سے جو دل اپنے خیال میں رٹتا رہتا ہے۔ دل کو نشاط اور لذت معلوم ہو تو تحقیق جانو کہ حق تمہارا یار ہے اور اس کے علم نفسی میں جس میں تحویل و تغییر نہیں تم سعید ہو اور اگر اہمال و سستی۔ تضییع اوقات پر رضامندی و قناعت اور عبادتوں سے محرومی ہے تو بس سمجھو کہ نقصان و گمراہی و شقاوت ہے۔ خدائے عزوجل اس سے پناہ میں رکھے۔ بہرحال جس عبادت میں کہ دل کو متوجہ اور خوش پاؤ اور دل میں گرہ نہ پڑے اسے کرتے رہو۔ پیر کی توجہ کے ساتھ۔ اوراد وظائف کی پابندی کے ساتھ رات دن آگے پیچھے یاد حق میں لگے رہو اور بندگان الٰہی کے ساتھ لطف و مہربانی۔ ان کے ساتھ نیکی کرنا۔ اور عام و خاص سب کے ساتھ احسان کرنا۔ چھوٹے بڑے عظیم و حقیر۔ بعید و قریب۔ غلام و کنیز۔ سب کے جفا سہنا اور بدلہ نہ لینا۔ انکی ایذا دہی پر صبر کرنا اصلی کام ہے ؎

نصیحت ہمین است جان برادر کہ اوقات ضائع مکن تا توانی

اے عزیز خواجہ ہو یا سلطان۔ گدا ہو یا بادشاہ۔ غلام ہو یا آقا۔ عالم ہو یا جاہل۔ فقیہہ ہو یا صوفی اگر یہ دو صفتیں یعنی تخلیہ و تجلیہ تم میں ہیں تو دونوں جہان کی نیک بختی تمہارے نصیب میں ہے۔ نفس کو منہیات شرع سے پاک رکھنا۔ اور دل کو یاد حق تعالیٰ میں مشغول رکھنا یہی تزکیہ نفس اور توجہ تام ہے۔ یاد رکھو پیر کی یاد بھی ضروری ہے جو یاد حق میں معین ہوتی ہے بلکہ بغیر یاد پیر کے یاد حق حاصل ہی نہیں ہوتی کیونکہ یاد پیر ایک سیڑھی ہے جو مقصود یعنی یاد حق تک پہنچاتی ہے۔ جس شخص میں ان

دو صفتوں میں سے کوئی صفت نہیں اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔
یہ پانچ صورتیں یاد کر لو یعنی سورۂ یٰسین۔ سورۂ نوح۔ سورۂ فتح سورۂ واقعہ اور سورۂ ملک روز پڑھ لیا کرو اور بستر خواب پر جانے کے قبل پانسو مرتبہ یہ درود شریف اللھم صل علی محمد عبدك و رسولك ونبیك وحبیبك وعلی آلہ اور اسی قدر سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرو۔ اس کے بعد پلنگ پر قدم رکھو۔ تجدید بیعت جس طرح پر کہ بیان کیا گیا ہے کر لیا کرو اور اس کی بڑی قدر کرو اور ایک لمحہ کے لئے بھی یاد پیر سے خالی نہ رہو اور تمام دینی اور دنیاوی امور میں پیر کی یاد مقدم رکھو۔ یہی سب کچھ ہے۔ باقی سب ہیچ کار ہے۔
یہ چند سطریں جو میں نے لکھی ہیں اچھی طرح پڑھو۔ جو کوئی اپنی وسعت و ہمت کے مطابق ہمارے کہے پر عمل کرتا رہے گا۔ وہ یقیناً محروم نہ رہیگا خبردار نا امید مت ہونا اور یہ نہ سمجھنا کہ ہم سے یہ نہیں ہو سکتا یہ بدگمانی اچھی نہیں۔ سوائے کفار کے اور کوئی رحمت الٰہی سے مایوس نہیں ہوتا۔ پیر کا دامن تھامو۔ ہر کام میں اسے پیشوا بناؤ جو حکم دے اس پر عمل کرو جہاں لے جائے جاؤ۔ چند ہی مدت میں ملکوت و جبروت و لاہوت سب کے مالک ہو جاؤ گے۔ اگر فرض کرو کہ تم میں اس حد تک قابلیت نہیں ہے بارے فائدے سے خالی نہ رہو گے۔ اگر ہمارے کہنے پر عمل کرو گے تو کچھ کمی نہ ہو گی اور بالآخر مقصود تک پہنچ جاؤ گے تم کیوں دور دور بھٹکتے پھرتے ہو اور اپنی مفروضہ محرومی پر راضی ہو گئے ہو۔

افسوس کہ ہاتھ میں جام ہے اور تو ہوشیار ہے معشوقہ تیرے

ساتھ ہے اور تو بھولا ہوا ہے۔ اے برادر اس راہ میں کوئی نقصان نہیں جس نے اس میں زبان اٹھایا اس نے بھی تمام منافقوں پر صد ہزار شرف و بزرگی حاصل کی۔ اے نادان تجھے کیا اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ ہمنشین خلیل اللہ اور ہم کاسہ کلیم اللہ اور ہم زانوے روح اللہ اور قدم بہ قدم حبیب اللہ ہو۔ اے عزیز خم جوش مار رہا ہے اور یہ راستہ چلنے والوں کے لئے رہگذر پر سبیل لگادی گئی ہے اور ساقی غیب ہاتھ میں قدح لے کر بلند آواز سے صدا دے رہا ہے کہ **حی علی الروح والریحان حی علی الذوق والوجدان** لوگو آؤ اور رحمت و رزق الٰہی اور ذوق الٰہی اور ذوق و وجدان لامتناہی کے پیالے پیو۔ مگر حیرت ہے کہ راہ چلنے والے اُدھر رُخ ہی نہیں کرتے اور اپنی جہاں پر قناعت کئے ہوئے ہیں۔

فائدہ (۲۲)

صراط مستقیم پر چلنے اور فراغ دل سے یاد الٰہی کرنے بیان میں

اے عزیز ایک شخص سر راہ کھڑا ہوا ہے تاکہ راستہ بتائے۔ ایک راستہ دائیں طرف جاتا ہے اور دوسرا بائیں طرف لوگ ہیں کہ جوق در جوق بائیں طرف چلے جارہے ہیں۔ یہ مرد فریاد کر رہا ہے۔ اے غافلو جس راستہ پر تم جارہے ہو یہ خراب و خطرناک ہے جو اس طرف سے گیا ہے سلامتی کے ساتھ کبھی منزل پر نہیں پہنچا اور درمیان

ماخوذ از مکتوبات نمبر (۳۶، ۳۷، ۳۸) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب ملک داؤد خاں افغان۔ قطب خاں و جمال خاں۔

ہی میں ہلاک ہو گیا اور خواری و زاری کے ساتھ جان دی ہے۔ یہ دوسرا راستہ جو دائیں طرف ہے امن و امان، راحت و فراغت کا راستہ ہے اس میں سلامتی اور نفع ہے۔ لیکن حیرت ہے کہ لوگ اس شخص کو سچا تو سمجھتے ہیں اور اس پر ایمان بھی رکھتے ہیں۔ مگر باایں ہمہ ٹھنڈی سانسیں بھر رہے ہیں اور اسی بائیں طرف والے راستہ پر جو خطرناک ہے چلے جا رہے ہیں۔ یہ بیچارہ راستہ بتانے والا تنہا کھڑا سمجھا رہا ہے مگر کوئی اس کے کہنے پر عمل نہیں کرتا۔

اے میرے دوستو ذرا سوچو تو سہی کہ ان دونوں میں سے تم کس جماعت میں ہو۔ بائیں طرف جانے والے ایمان رکھتے ہیں۔ جزائے عمل کے قائل ہیں بعث و نشر پر انہیں اقرار ہے لیکن پھر بھی دوزخ جا رہے ہیں جہاں نشانہ ملامت بنیں گے اور بُعد مطلوب اور ذلت و خواری میں گرفتار ہوں گے۔ شاید یہ سب سوچکر سیدھے راستہ پر آجائیں اور ہوا پرستی سے باز آکر خدا پرستی بالآخر اختیار کریں۔ وہ دن ضرور آنے والا ہے کہ اُس روز اپنے کئے پر سب پشیمان ہونگے مگر اس سے کچھ اُس وقت حاصل نہ ہوگا۔

پانچ باتوں کو پانچ باتوں کے قبل غنیمت سمجھو۔ ان میں سے ایک فراغت بھی ہے جو آج نصیب ہے۔ کل ممکن ہے کہ نہ رہے۔ کوئی بنی و ولی نہیں ہے جو موت کے وقت پشیمان نہ رہا ہو کہ ہائے ہم نے اس زندگی کو غنیمت نہ سمجھا اور اس کی قدر نہ جانی۔

جس حال میں ہو رہو۔ جہاں ہو وہیں رہو مگر اک پاک نفس کے

مہ یعنی جوانی کو بڑھاپے کے قبل۔ تندرستی کو بیماری کے قبل۔ تونگری کو محتاجی کے قبل فراغت کو مشغولی کے قبل اور زندگی کو موت کے قبل غنیمت جانو۔

ساتھ یا بخدائے عزوجل میں مشغول رہو اگر یہ بات تمہیں نصیب ہو جائے تو سمجھ لو کہ تمام سعادت مندیاں اور نیک بختیاں تمہیں مل گئیں ۔ حق سبحانہ تعالیٰ ایسی سعادت جس کا مبدا، وہی ہو اور منتہیٰ بھی وہی ہمیں تمہیں نصیب کرے۔ والسلام

فائدہ (۲۳)

عمل کرنے اور مشغول بخدا رہنے کے بیان میں

تقدیر الٰہی کا قلم جاری ہے اور قضاے الٰہی کی زبان گویا ہے کہ سعید وہی ہے جو ماں کے پیٹ سے سعید پیدا ہوا اور شقی وہ ہے جو ماں کے پیٹ سے شقی پیدا ہوا۔ یعنی بچہ ابھی شکم مادر ہی میں تھا کہ قضاء و قدر نے لکھ دیا یہ شقی ہے اور یہ سعید السعید من سعد فی بطن امہ والشقی من شقی فی بطن امہ بطن ام کے دو معنی لئے گئے ہیں ایک ماں کا پیٹ دوسرے ام الکتاب جس سے مراد ہے اللہ جل شانہ کا علم نفسی ۔ اول الذکر معنی لئے جائیں تو یہ حدیث تائید کرتی ہے اکتب الاجل والرزق وابنہ شقی وسعید یعنی فرشتہ کو یہ فرمان ہوا کہ بندہ کی عمر۔ رزق نیک بختی اور بدبختی سب لکھ اور اگر ام الکتاب مراد ہے تو یہ آیت ہے یمحوا اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ ام الکتاب ام الکتاب سے یہاں مراد علم نفسی ہے جس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوتا اور اللہ جل شانہ جس شئے کو محو فرماتا یا قائم رکھتا ہے اسے علم نفسی کے موجب رکھتا ہے غرض کہ جب صحابہ کو یہ حال معلوم ہوا تو انہوں نے کہا یا رسول اللہ عمل کرنے سے اب کیا فائدہ ہمارا

ماخوذ از مکتوب نمبر (۲۰) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب خواجہ محمد یوسف

انجام تو لکھا ہی جا چکا ہے اسی پر بس بھروسہ رکھیں آپ نے فرمایا نہیں عمل کرو۔ کسی کو نہیں معلوم۔ وہ شقی پیدا ہوا ہے یا سعید۔ صرف عمل ہی سے ایک اشارہ ملتا ہے جس انجام پر بندہ پیدا کیا گیا ہے اسی کے مطابق اس سے عمل ہوں گے یعنی اگر سعید پیدا ہوا ہے تو اعمال سعادت کی اسے توفیق ہوگی بس عمل صالح ایک طور پر اس نتیجہ کے لئے ایک دلیل بن گیا کہ بندہ نیک بخت ہے اور اللہ جل شانہ کے علم نفسی میں اس کے لئے بڑا درجہ رکھا گیا ہے۔ لہذا عمل صالح کی ریس ہم سب کو کرنا چاہیئے اور نفس کے ان تشویشات شیطانی میں نہ پڑنا چاہیئے کہ اگر خدا نیک عمل کی توفیق دیگا تو کریں گے ورنہ نہیں۔ یہ حق ہے کہ نیک کام توفیق الٰہی سے ہی ہوا کرتے ہیں۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ اگر تم اپنے دل میں ایک عزم مستقل اور مضبوط ارادہ پاؤ اور اس طرف اہتمام کے ساتھ قصد بھی ہو اور دل بھی راغب اور خوش ہو کہ اللہ جل شانہ کی عبادت اور اعمال حسنہ میں جس قدر ہو سکے کوشش کی جائے تو یہ حالت بتلائے گی کہ تم کو توفیق نیک حاصل ہوئی اور تمہاری تقدیر کا لکھا کیا ہے اگر اس تحقیق کا اعتبار نہ کروگے اور دل میں وہم اور شک لاؤ گے تو کبھی حقیقت کا راستہ نہیں مل سکتا۔ اپنے وجود کو طوفان نوح میں مت غرق کرو۔ اگر ہو سکتا ہے تو ایک لمحہ بھی ضائع نہ کرو کتنا افسوس ہوگا کہ اس جہاں سے تم چلے جاؤ اور تمہیں کوئی نقد نعمت نہ ملے یہ تو ایسا ہی ہے کہ سر میں تجارت کا سودا ہے اور سرمایہ گم ہو گیا ہے۔ سرمایہ کے فراہمی کے تو کوشش نہیں کی جاتی اور تجارت نہ کر سکنے کا غم ہے اے برادر غافل اور یہ تم مت سمجھو۔ آخر خدائے عزوجل کے ساتھ کچھ مشغول رہنے میں کوئی نقصان ہے اگر اس سے

نقصان ہو تو قیامت میں میرا دامن پکڑنا۔ آؤ۔ اب بھی آجاؤ وقت باقی ہے دروازہ کھلا ہوا ہے۔ دربان بیکار اور معزول ہے۔ کوئی روکٹوک کرنے والا نہیں۔ رہ گذر کو عام بنا دیا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ تو ہی بس محروم ہے۔ امید ہے کہ مسلمان اس موقعہ سے فائدہ اٹھائیں گے اور مقصد حاصل کرلیں گے۔

فائدہ (۲۴)

مواہب الٰہی اور مشغولی وقت کے بیانمیں

یاد رکھو کہ مواہب وعطایا کسب اور کمائی کے نتیجے ہوتے ہیں اگرچہ کمائی بھی ایک قسم کا عطیہ اور وہبی شے ہے لیکن ظاہر صورت کو دیکھنا چاہیے وہ یہ ہے کہ کسب عمل کرو اور جو کچھ حاصل ہو اُسے فضل اور نعمت الٰہی سمجھو جو خود دراصل ایک وہبی شے ہے۔ صاف بات ہے کہ جو کوئی صابون استعمال کر کے کپڑے دھوئیگا اوسی کے کپڑے صاف ہوں گے۔ خدائے عزوجل نے باوجود اپنے ہاتھ میں ہر طرح کی قدرت رکھنے کے اس دنیا کو عالم اسباب بنایا ہے عطا وہی کرتا ہے لیکن سبب کو ایک ذریعہ بنا دیا ہے کہ لوگ اسے اختیار کریں اور بیکار اور اپاہج نہ بن جائیں۔ طرح طرح کی نیکیاں کرنے اور عبادت الٰہی کی جو مختلف صورتیں ہیں انہیں اختیار کرنے سے تصفیہ دل ہوتا ہے اگر یہ نعمت

---

[1] ماخوذ از مکتوبات نمبر (۴۱-۴۲-۴۳-۴۴) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجواب مولانا علاء الدین گوالیری ثم کالپوری روانہ فرمائے۔

تمہیں حاصل ہو جائے اور جملہ افکار و تعلقات و انہماک قلبی سب اللہ جل شانہ ہی کی طرف ہو جائیں تو کیا کہنا ایسے شخص کو گویا سب سعادتیں حاصل ہو گئیں

ہر ساعت کسی نہ کسی شئے کا پیش خیمہ ہوتی ہے **کل یوم ھو فی شان** - ہر شخص کی جد و کوشش اس کے حال کے مطابق ہوتی ہے پس تمہاری آرزو و تمنا تمہارے لئے باعث تضیع اوقات ہے وقت ضائع مت کرو جس نے اپنا وقت کھویا اس نے اپنے آپ کو کھویا۔ تمہارے پاس نیچے اور آنے جانے والے دوست احباب راہ حق میں کسی طرح مزاحم نہ ہونے چاہئیں کہیں تم اللہ جل شانہ کے مشغولی چھوڑ کر ان کے ساتھ مشغول و منہمک نہ ہو جاؤ دن کا کام دن ہی میں کر لو۔ رات کا انتظار مت کرنا اور رات کا کام رات ہی میں کر لو دن کا انتظار مت کرنا اور غیب سے جو ظہور میں آئے اس میں تشویش کو راہ ہرگز نہ دینا مگر یہ کہ اپنا وقت ضائع مت کرو۔ آنے جانے والوں۔ لانے۔ لے جانے والوں کو خدا کے سپرد کر دو اور اپنا وقت برباد کرنے سے بچو ؎

نصیحت ہمین است جان برادر کہ اوقات ضائع کمن تا توانی

جو کچھ اس عالم سے رونما ہوا سے پس پشت ڈال دو اور اپنے تئیں ایک تنکے سے زیادہ وزنی مت سمجھو اور خدا کے سامنے اپنے کو خوار و زار و گسستہ و شکستہ تصور کرتے رہو۔

یاد رکھو کہ خلق اللہ سے دل کو پوری طرح ہٹا لینا اور رب البرایا سے دل لگانا تمام نعمتوں کا سرمایہ ہے اور اس کے فائدے بے اندازہ ہیں جب تک عمر وفا کرے اسی حال میں رہو اور آنکھ کے گوشے سے بھی ماسوی اللہ کی طرف نظر نہ کرنا۔ من کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا

یشرك بعبادة ربه احدا۔

قاعدہ (۲۵)

محبت پیر و عشق و محبت کے بیان میں

حج بیت اللہ کرنے والوں کے لئے اس میں شک نہیں کہ بڑے درجے اور بڑا ثواب ہے مگر زانو پہ سر رکھ کر دل کو رب بیت کے سپرد کرنا ایک ایسے بڑے شرف و فضل کی چیز ہے کہ مدارج اس کے سامنے کچھ نہیں ۔ یہ دل بیت المعمور ہے۔ یہ دل ظلمت و نور کے خالق کا گھر ہے ۔ یہ دل ہر سرور کا سرور ہے۔ یہ دل اپنے سے مہجور اور ذات واحد سے متحد و محفوظ ہے۔ اے اللہ اپنے بندوں کو تو ہی اپنا راستہ دکھا اور معرفت ذات و صفات سے کچھ حصہ عطا فرما۔

مرید جس قدر پیر کے حضور میں رہے گا اسی قدر زیادہ اس پر علوم الٰہی کا شوق و ولولہ پیدا ہوگا اور عشق الٰہی کا اثر مکشوف و روشن ہوگا مجھ سے کوئی پوچھے کہ نیک بخت کون ہے تو میں کہوں گا وہ شخص جسے پیر جیسے نعمت نصیب ہوئی اور پیر کی محبت اس کے دل میں ڈالی گئی ۔

اس طائفہ صوفیہ کے بعض مرید عشق کو ذات اور عاشق و معشوق کو اقتضائے ذات سمجھتے ہیں ایسا کہ خواہ عشق چاہے یا نہ چاہے ۔ عاشق و معشوق دونوں اس سے دوچار ہوتے ہیں اس لئے ان کے نزدیک عشق

اخوذ از مکتوبات (۴۵۔۴۹۔۵۰) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب مولانا ابوالفتح علاء کالپوی و قاضی سیف الدین و مولانا نظام الدین مکتوبات (۴۶۔۴۷۔۴۸) کا مضمون دیگر مکتوبات میں آگیا ہے اس لئے انہیں ترک کردیا گیا ۱۲۔

کو موجب بالذات کہتے ہیں۔ بہرحال عشق ایک ایسا بادشاہ ہے جس نے سوائے ایک شکستہ خانماں خراب دل کے اور کہیں رہنا پسند نہ کیا جہاں کوئی گرا پڑا۔ جلا بھنا۔ ٹوٹا پھوٹا اور سارا گھر لوٹا ملے گا وہیں اس سلطان عالم بے عیب کا مسکن ملے گا ان الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوھا یعنے بادشاہ جب کسی قصبہ و قریہ میں داخل ہوتے ہیں تو اسے خراب ویران کر دیتے ہیں یعنے جعلوا اعزۃ اھلھا اذلۃ اس کے بڑے لوگوں کو گرا کر خوار و ذلیل کر دیتے ہیں چنانچہ نفس ذلیل جسے کوئی عزت نہ تھی اور خوار ترین خلیفہ ہے دیکھو کہ اسے کیا خلعت نصیب ہوتا ہے اور کس لباس سے آراستہ ہو کر ذلیل کے درجہ سے عروج کر کے وہ خلیل بنجاتا ہے اور اَنَا مَنْ اَھْوٰی وَ مَنْ اَھْوٰی انا کا نعرہ مارتا ہے اور انا الحق کہنے لگتا ہے اور اُدھر سے یہ حکم ہوتا ہے کہ عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ یعنے تم پر اپنے نفس کا حق ہے۔ یہ بھی عجیب بھید ہے۔

مگر یہ نعمت اس وقت تک نہیں ملتی جب تک کہ توجہ تام و تزکیہ نفس کی دولت ہاتھ نہ آئے۔ توجہ تام یعنے دل سے تمام خطرات فنا ہو جائیں اور وجود ذات کے سامنے حضوری اور جو مطلوب و مقصود ہے اس کا شہود تصور میں ہو یا حقیقت میں متحقق ہو جائے۔ تزکیہ نفس یعنے جہاں تک ہو سکے نفس کو نامرضیات سے پاک و صاف کرو۔ اسے جتنا زیادہ صاف کرو گے اتنا ہی زیادہ لطیف ہوتا جائے گا۔ اگر یہ دو نعمتیں تمہارے دامن سے باندھ دی گئیں تو سمجھ لو کہ ہر قسم کی سعادت تمہیں مل گئی اور عین حقیقت کا عکس دل پر جلوہ فرمانے لگا ع ترا ممکن چنیں دولت تو از بیدولتی غافل

عالم لاہوت کے عکس نے دل پر جو عالم ناسوت سے تعلق رکھتا ہے تجلی
فرمائی اور اس عکس کا عکس نفس پر پڑا۔ نفس شوخیاں کرنے لگا۔ اور
جَعَلُوا اَعِزَّةَ اَهْلِهَا اَذِلَّةً کا مصداق نظر آیا یعنی روح تمام عزت و
جلالت اور ملاح و شنار کے باوجود جو اس کے حق میں ہے جب سلطان
عشق کے زد میں آئی تو کس قدر ذلیل و خوار ہوگی ؎

تا ظن نہ بری کہ ہست این رشتہ دو تو یکیست زاصل و فرع بنگر تو نکو

یہ گمان نہ کرنا کہ ایک ڈوری کے یہ دو دھاگے ہیں نہیں بلکہ اگر خوب غور سے
دیکھو گے تو اصل و فرع دونوں لحاظ سے سب تمہیں ایک ہی دھاگہ نظر
آئے گا۔ اے بھائیو سچ کہتا ہوں کہ ہر چند کہ اپنے آپ کو بھنور سے نکالکر
دریا کے کنارے لا ڈالتا ہوں مگر دریا طلاطم میں ہے اس کی ہر موج جو ہمکو
سے ٹکر کھاتی ہے تپانچہ مار کر پھر غرقاب میں ڈالدیتی ہے۔ دعا کرو
تزغ قلوبنا بعد اذ هديتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك
انت الوهاب۔ پروردگار ہدایت دینے کے بعد اب ہمارے دلوں کو ڈانوا
ڈول مت کر اور اپنے پاس سے ہم پر رحمت نازل فرما تو درحقیقت بڑا
بخشش و عطا فرمانے والا ہے۔ مختصر یہ کہ جو کچھ میں نے کہا وہی اصل کار
ہے جو کچھ تمہارے آگے آئے اس سے گذر جاؤ اور کوئی توجہ نہ کرو۔
مقصود اس کے ہٹ پرے ہے

فائدہ (۲۶)

دربیان سلوک و خدمت سلطان و متعلقان

یہ وہ راہ ہے کہ جب تک روح اس قالب سے متعلق ہے ایک ماہ کیا ایک سال بلکہ ہزار سال میں بھی منزل پر نہیں پہنچ سکتے اگر میں نے یا تم نے ضعف و سستی کے ساتھ تھوڑی دیر کچھ کام کر لیا تو اس سے کیا ہوتا ہے۔ اس راہ میں جان عزیز فدا کرنی چاہیے۔ بہرحال جس کام میں ہو لگے رہو کوئی حرج نہیں لیکن خدائے عزوجل کے ساتھ ہر وقت مشغول اور اپنے مقصود کے دُھن میں رہو ؎

مراد اہل طریقت لباس ظاہر نیست کمر بخدمت سلطان بہ بند و صوفی باش

تمہیں بادشاہ کی نوکری۔ باپ کی خدمت اور متعلقین کے حقوق ادا کرنے ہیں اگر تمہارا دل خدا اور پیر کی طرف متوجہ رہے تو کوئی مضائقہ نہیں جو کچھ ہو کرو مگر ہاں خلاف شرع مت کرنا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وقتاً فوقتاً تمہاری ترقی ہوتی رہے گی۔ البتہ جو کام میں نے کرنے کے لئے کہا ہے اس میں فرق نہ آئے۔ ملک اور بادشاہ کی خدمت یا باپ اور متعلقین کے حقوق کی رعایت۔ زن و فرزند کی خبر گیری۔ یہ سب کچھ ہی پھر بھی مقصود و مطلوب ضرور حاصل ہوگا۔ ہاں جلدی مت کرو۔ یہ راہ جلدی

ماخوذ از مکتوب (۱۵) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب ملک عزیز الدین و ملک شہاب الدین ساکنان گلبرگہ ۱۲

طے کرنیکی نہیں ہے۔ بتدریج آہستہ آہستہ قطع ہوا کرتی ہے ؎

اندک اندک علم گردد انگبی گویا شود قطرہ قطرہ جمع گردد انگبی دریا شود

ابتدائے کار میں میں نے بھی اپنے شیخ قدس سرہ العزیز سے عرض کیا تھا کہ اگر فرمان ہو تو پڑھنا لکھنا سب چھوڑ دوں اور فرمان شیخ کی تعمیل میں پوری طور پر لگ جاؤں۔ فرمایا نہیں۔ اس کی اجازت نہیں دی مگر ان کے حکم کے تعمیل کی برکت سے آخر کار وہی ہو کر رہا اور ہم اس راہ میں انجام کار غرق ہی ہو گئے۔ اس سنت و سیرت کے سوا تمہارے لئے بھی اور کوئی راستہ نہیں۔

فائدہ (۲۷)

قضائے الٰہی و رضا بہ قضا کے بیان میں

ایک حدیث قدسی ہے کہ ما ترددت فی امر کتردد فی قبض روح عبدی المومن یکرہ موتہ وانا اکرہ مساءتہ لاکن جری التقدیر علی ذلک ولا بد لہ۔ جتنا میں اپنے بندۂ مومن کی روح کے قبض ہونے میں متردد رہا کسی میں نہ رہا وہ موت کو پسند نہیں کرتا ہے اور میں اس کی دشواری و ناخوشی نہیں پسند کرتا لیکن تقدیر یہی ہے اور اس کے سوائے کوئی چارہ نہیں۔ اس حدیث کو نقل کرنے سے مقصود یہ ہے کہ اللہ جل شانہ بھی اپنی حکمت بالغہ سے بعض ایسے کام کرتا ہے جنہیں پسند نہیں فرماتا۔ اہل حق کا مذہب یہ ہے کہ کفر و معصیت

---

(۱) ماخوذ از مکتوب نمبر (۲۵) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز قدس سرہ (ترجمہ) میں نے جو کچھ بیان کیا ہے نہایت اعظم قدر خال)

تخلف واردات اسی قسم کے دیگر مکروہات وجود میں آتی ہیں اور یہ سب قضا و قدر الٰہی سے اس لئے کہ علم الٰہی میں یہ ہے کہ یہ سب ظہور میں آئیں لیکن باوجود ان کے خالق ہونے کے اللہ تعالیٰ انہیں پسند نہیں کرتا دنیا میں کفر و معصیت زیادہ ہے اور اطاعت و ایمان کم۔ طاعت سے وہ خوش ہوتا ہے اور معصیت سے ناخوش مگر پھر بھی انھیں خلق فرماتا ہے اس لئے کہ اس میں اس کی بڑی حکمت ہے جب وہ ایسے امور بھی جو اسے ناپسند ہیں اور جن میں اس کی رضا نہیں اپنی حکمت کے تقاضے سے خلق فرماتا ہے تو پھر ہم اور تم کہاں رہے جو یہ خام طمع کریں کہ جو کچھ ہمارے نزدیک اچھا ہے وہی اللہ جل شانہٗ ہمیشہ کرتا رہے جس میں ہماری رضا ہے وہی وجود میں آئے اور جس سے ہم کراہت کرتے اور ناپسند کرتے ہیں وہ ظہور میں نہ آئے۔ یہ ایک تمنائے محال اور فاسد گمان ہے اپنی کھوٹی پونجی جب وہ خود نہیں پسند کرتا تو دوسرے کی رضاجوئی کیا کرے گا پس جو رضائے الٰہی ہو اس پر سر رکھ دینا چاہیئے۔ نفع ہو یا ضرر۔ خیر ہو یا شر۔ عقلمند آدمی ہوشیار اور صاحب فکر ہوتا ہے۔ اُسے نامرضیات کے ظہور میں آنے سے رنج و الم کرنا نہ چاہیئے اور سوائے صبر و خاموشی اور رضا بہ قضا کے اور کچھ دل میں لانا نہ چاہیئے۔

فائدہ (۲۸)

تحریص بر محبت الٰہی و مشاغل مردان و زنان

جاننا چاہیئے کہ سب سے زیادہ اہم مطلب اور سب سے بڑا مقصد

اخوذ از مکتوب نمبر (۵۳۱) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب قاضی علم الدین شہزادہ و دیگر یاران گجرات ۱۲

محبت خداوند عزوجل سے ہے۔ عقلمند آدمی جس شئے میں قیام نہیں دیکھتا اور جس شئے میں طلوع و زوال ہے یعنی بقا نہیں اس پر کبھی نگاہ بھی نہیں ڈالتا۔ مجھے نہیں معلوم کہ میرے احباب کس کام میں لگے ہوئے اور کس فکر میں مبتلا ہیں۔ یاد رکھو کہ جس شئے میں ثبات نہیں اس سے دل کو اٹکانا مناسب نہیں۔ یہ دنیا ایک ایسی معشوقہ ہے جس میں کوئی مہر و وفا نہیں۔ اور نخرے کرنے اور ٹھنکنے کے سوا اس کا کوئی اور کام نہیں۔ اس کا عاشق کبھی بامراد نہیں ہوتا۔

بر گذر زیں سرائے غرو فریب　　در شکن زیں رباط مردم خوار
کالبد کاندرو نخواہی ماند　　سال عمرت چہ دہ چہ صد چہ ہزار

اے عزیز محبت الٰہی ایک گلزار ہے اگر ہو سکے تو اس میں سے کچھ پھول چن لو۔ ڈرتا ہوں کہ کہیں موت نہ آجائے اور اس گلزار کی خوشبو سے تمہارا دماغ خالی رہے۔ سو کیا رہے ہو اٹھو بیدار ہو کچھ کام کر لو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں بھی بیکار رہو جاں جہاں تک ہو سکے اس جہاں فانی سے کچھ حاصل کر لو جو عاقبت میں توشہ کا کام دے اور قیامت میں مراحم ربانی کا باعث ہو۔

مردوں کو میری یہ نصیحت ہے کہ پانچ وقت جماعت سے نماز ادا کریں جمعہ کا غسل بلا عذر شرعی ناغہ نہ کریں اور مغرب کی نماز کے بعد تین سلام سے ادا ہونے کی چھ رکعتیں پڑھ لیا کریں جن میں سے ہر ایک میں تین تین بار قل ھو اللہ پڑھیں پھر دو رکعت نفل حفظ ایمان کے لئے پڑھیں اس طرح پر کہ ہر رکعت میں سات بار سورۃ اخلاص اور ایک ایک بار معوذتین پڑھکر سلام پھیریں پھر سجدہ میں سر رکھکر تین بار یہ دعا مانگیں **یا حی یا قیوم برحمتک**

علی الایمان ۔جب عشار کی نماز پڑھ چکیں تو دو رکعتیں اور پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ دس دس بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ جب سلام پھیریں تو ستر بار یا وھاب (صہ پر زور دیکر پڑھیں) ہر ماہ میں ایام بیض کے روزے رکھا کریں اگر اس قدر بھی کوئی نہ کر سکے تو پھر صوفیوں کے مسلک میں قدم ہی نہ رکھے عقلمند آدمی کا یار یا تو اس کی بغل میں ہوتا ہے یا در یار پر اس کا سر ہوتا ہے۔ اگر یہ نہیں ہے تو وہ بیگانہ ہے۔

عورتوں کو میری یہ نصیحت ہے کہ بلا عذر کے نماز ناغہ نہ کریں اور جو کچھ مردوں کو کرنے کے لئے کہا ہے یہ بھی کریں مگر ہزل و ہذیان کے کوئی بات زبان سے نہ نکلے اور یا تو یا وھاب کا معمول رکھیں ورنہ استغفر اللہ کا جس کے شوہر ہو اُسے شوہر کی رضامندی حاصل کرنا ضرور ہے لونڈیوں باندیوں کو کام خراب کرنے یا چوری وغیرہ کرنے پر کوئی رنج و ایذا نہ دی جائے یاد رکھو کہ جو کوئی ہمارے کہنے پر عمل نہ کریگا وہ ہمارا نہیں۔

فائدہ (۲۹)

محبت الٰہی و قدر وقت و اشتغال بہ اوراد و ادعیہ

عمر کی چند سانسیں جو باقی رہ گئی ہیں انھیں غنیمت سمجھو اور غیر حق سے جو آنی و فانی ہے دل کو ہٹا لو اور لوگوں سے ملنا جلنا کم کر دو ؎

دانی کہ یار چہ گفتہ است امروز کہ ہر کہ جز یار ست از و دیدہ بدوز

ماخوذ از مکتوبات (۵۵-۵۶-۵۷-۵۸) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب مولانا سید نصیر الدین و مولانا علم الدین و سید علاء الدین۔

لوگ سو رہے ہیں جب مریں گے تو بیدار ہوں گے - ہمیں تمہیں اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھے اور اس کی طرف سے منھ پھیرنے اور غیر متعلق چیزوں میں وقت ضائع کرنے سے بچائے -

یہ تو بتاؤ کہ کبھی تم پر الٰہیت کی چوٹ بھی پڑی ہے - کبھی تمہارے دل پر آفتاب احدیت کے جمال کا بھی سایہ پڑا ہے یا نہیں - اگر یہ دولت نصیب ہوئی ہے تو بڑی نیک بختی سمجھو اور ہمیں بھی اشارتاً کچھ لکھو تاکہ اس کی حقیقت معلوم ہو سکے اور اگر ایسا نہیں ہے تو بھی کوئی مضائقہ نہیں ایسا بھی ہوا کرتا ہے - آرام سے سوؤ - کھاؤ پیو اور بے غم رہو لیکن اگر تمہارے مطلوب میں شہود ہی داخل نہیں اور تمہیں کوئی درد طلب بھی نہیں تو افسوس ہے اور اگر درد طلب ہے تو آہ سحرگاہی کہاں گئی - ٹھنڈی سانسیں کہاں ہیں اور آنسو بھری آنکھ کہاں اور دل کی بیقراری کہاں ہے - دلبر سے یا تو وصل نصیب ہو جائے یا اس کے دروازے پر سر دھرا رہے - لیکن اگر بندہ ہوائے نفس میں گرفتار رہے تو افسوس صد ہزار افسوس ؎

چہ بکوشی ای شوی مضطر ہر دو عالم بدو مبادلہ کن

کیا یہ سودا اچھا نہیں معلوم ہوتا - ہارے اگر صاف پانی پینے کو نہیں ملتا تو گدلا ہی لے کر پیاس بجھا لو - بہرحال وقت کی بہت قدر کرو ؎

نصیحت ہمین است جان برادر کہ اوقات ضائع مکن تا توانی

جو کوئی صرف کھانے پینے اور سونے کا ہو رہا وہ مقصود سے محروم رہا - ایک آدمی کسی عورت پر عاشق تھا لیکن خلوت نصیب نہیں ہو رہی تھی - ایک مرتبہ اس عورت نے کہلا بھیجا کہ شب کے وقت فلاں روز تمہاری طرف سے گذر رونگی راہ میں میرا انتظار کرنا - غریب عاشق رات بھر نہ سویا لیکن بدبختی دیکھو ٹھیک

جس وقت محبوبہ اُدھر سے گذری اس جوان کو نیند آگئی - وا ویلا وا مصیبتا
دردا کہ آہ گرم زبیاریم بہ سوخت تنہا نہ آہ گرم کہ دنیائے سرد ہم

اس شب کی صبح کو حضرت ابوسعید ابوالخیر رح وعظ فرما رہے تھے کسی نے پوچھا کہ حضور عشق و محبت کی علامت کیا ہے - فرمایا کہ جب دریائے محبت جوش میں آئے اس وقت پوچھنا - غرض کہ محبت کی گفتگو شروع ہوئی اور شیخ علیہ الرحمۃ کو جوش آیا تو سائل نے سوال کیا آپ نے فرمایا کہ محبت کی علامت یہ ہے کہ عاشق کو معشوق کے بغیر خواب و خور حرام ہو جائے - جتنی مقدار خواب و خور میں گذاریگا اسی قدر محروم رہے گا - کل رات کا اس جوان کا واقعہ ہی دیکھو کہ اس نے تمام شب انتظار میں گذاری مگر جب محبوبہ کی سواری گذری تو اس وقت ذرا دیر کے لئے آنکھ جھپک گئی اور معشوقہ نکل گئی - اس کی محرومی دیکھو - جوان نے جو یہ سنا تو بے قرار ہو کر اٹھا پھر گرا اور جان نکل گئی - تمہاری غفلت کی تو یہ حالت ہے اور اس پر بڑی امیدیں باندھتے ہو - پانی پر معما تو لیسی سے کہیں کام چلتا ہے اس راہ میں تو جان دے دینا چاہیئے ؎

اندریں راہ اگر چہ آں نہ کنی دست و پائے بزن زباں نکنی
بلکہ جاں جاے دہ زباں نہ کنی

الغرض یہ دنیا بے ثبات ہے اسے کوئی بقا نہیں - اگر ہو سکتا ہے تو کچھ نقد بنا کر گرہ میں باندھ لو تاکہ اس زادِ راہ کے مدد سے بارگاہِ معلی تک پہنچ سکو -

مختصر یہ کہ دونوں جہاں کی سعادت ان دو چیزوں میں ہے یہ نقد وقت ہیں انھیں حاصل کرو یعنی (۱) پاکی نفس اور (۲) توجہ دل بحضرت حق

جسے یہ نعمتیں نصیب ہوئیں اسے اس بارگاہ معلی تک پہنچنے کے لئے زاد راہ مل گیا۔ پس تمہیں لازم ہے کہ (الف) ایسے کام کرو جن سے اللہ اور رسول خوش ہوں (ب) ہمیشہ بندگانِ خدا کے ساتھ نیک معاملہ رکھو اور نیکی کرتے رہو (ج) ان پر احسان و اکرام کرنا اپنا پیشہ بنالو اور (د) جو وظایف و اوراد کہ ہم نے بتلائے ہیں انھیں کرتے رہو اور (ھ) خبردار بیماری ہو یا صحت۔ سفر ہو یا حضر اپنے کام میں کمی نہ کرنا۔ گو ان مکتوب میں مخاطب تم ہو مگر جو کوئی بھی مطالعہ کرے اور سمجھے ہمارا خطاب اسی سے ہے۔ والسلام۔

فائدہ[1] (۳۰)

اتباع سنت نبوی و پیروی پیر و طلب دعا کے بیان میں

اگر انسان نے بشری خواہشات اور حظوظ سے تجاوز نہیں کیا اور حیوانی غذا کی حد سے باہر نہیں نکلا تو اس میں اور دوسرے حیوانوں میں کوئی فرق نہیں۔ صورت شکل کے امتیاز سے کوئی حقیقی نتیجہ نہیں نکلتا۔ جو حظوظ تمہارے لئے ہیں اور جو نفس امارہ حکم کر رہا ہے ان کے سامنے سر تسلیم مت خم کرو ورنہ حال اور مآل دونوں میں محروم ہی محروم رہو گے اور سوائے حسرت و افسوس کے اور کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ جب حال میں گدھے اور بیلوں کی خصلت سے تمہارا کام مطابق ہوا تو پھر مآل

[1] ماخوذ از مکتوبات، نمبر (۵۹۔ ۶۰) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب شیخ منور و شیخ سعد الدین نبیرگان حضرت فرید الدین گنجشکر ۱۲

میں ایسے ہی انجام کے سوا اور کیا نصیب ہوگا لیکن اللہ جل شانہ کی فضل
وعنایت سے اگر صفات سبوحی و قدوسی کے جانب، تم مائل ہوئے تو اسی
نوع کی صفائی اور نزاہت نصیب ہوگی۔

ہر شخص کو اپنے نفس سے محاسبہ کرتے رہنا چاہیئے۔ جتنا زیادہ کہ میں
خود اپنے تئیں جانتا ہوں دوسرا مجھے نہیں جان سکتا۔ ذرا ہم سوچیں تو سہی
کہ کیا جمع پونجی ہمارے پاس ہے۔ سودائے خام کی کونسی دیگ ہم پکا
رہے ہیں۔ کہیں وہم وخیال سے تو ہم عشق بازی نہیں کر رہے ہیں۔
بیت اللہ ہمارا مقر دنا وہ ہے لیکن کہیں ہم نے گھورے پر تو مسجد
نہیں بنائی۔ کہیں کھاری زمین میں تو ہم نے بیج نہیں ڈالے۔ یہ سب سوچنے
اور نفس سے محاسبہ کرنے کے باتیں ہیں۔ توقع ہے کہ نفس کو پاک تر اور
دل کو جو متوجہ بخدا ہوا ہے اپنے آپ سے نزدیکتر رکھو گے۔ خدا کرے
تمہیں وہ قربت نصیب ہو کہ فرمایا انا من اھوی ومن اھوی انا (یعنے معشوق
وعاشق دونوں بس ایک ہی ہیں) تمہاری زبان سے نکلنے لگے۔

مگر میں نہیں کہہ سکتا کہ تم کس خیال میں ہو اپنے متعلق کس گمان
وخوش فہمی میں مبتلا ہوا اور کس شے پر قرار ملا ہے تمہیں اس کی کوئی
فکر ہی نہیں کہ کہیں یہ خوش فہمیاں مکر تو نہ ہوں۔

صاحب بصیرت۔ روشن دل اور دیدہ ور ہی لوگ جانتے ہیں کہ
قل انما انا بشر مثلکم (میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں) میں
کون سی حقیقت پنہاں ہے۔ امتیاز کی صورتیں اور ہوتی ہیں اور
اشتراک کے کچھ اور۔ شیخ فریدالدینؒ کچھ اور ہی تھے اور دوسرے صوفیہ
کچھ اور۔ ایک صورت ہے کہ ظاہر میں نظر آتی ہے اور وہی باطن میں

کچھ اور ہوتا ہے۔ تمام انسانی شکلیں ایک ہی سے دکھائی دیتی ہیں
ہزار آدمی آدمی ایک سا نہیں ہوتا۔ باطنی شکلیں بہت مختلف ہوتی ہیں۔ بہرحال
یہ یاد رکھئے کہ پیر کا دل مرید کے دل کا آئینہ ہوتا ہے اور مرید کا دل پیر
کے دل کا آئینہ۔ پیر اپنے دل میں مرید کو دیکھتا ہے۔ چنانچہ ان الذین
یبایعونک انما یبایعون اللہ (جن لوگوں نے تم سے بیعت
کی انہوں نے اللہ تعالیٰ سے بیعت کی) بھی اسی بھید کا ایک شوشہ ہے
توجہ باطنی کے لئے اس ظاہری صورت کا سامنے موجود رہنا ضروری
نہیں ہے۔ تم ہی دیکھو کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو پردہ
کئے ہوئے کتنی صدیاں گذر گئیں۔ اب ہمہ کیا کیا کام ہو گئے اور وجود
کے اس بار کو کس منزل تک پہنچا کر اتارا گیا۔ آستانہ جناب رسالتمآب
صلی اللہ علیہ وسلم سا آستانہ کم نبیوں کو نصیب ہوا ہوگا۔ یعنی آپ کی
اتباع کے فضل و شرف نے کہاں سے کہاں تک امت کو پہنچا دیا۔ پھر
مہمان کریم کی خاطر اس کے طفیلیوں کو بھی درجہ اختصاص بخشا گیا ہے
طفیلی ایسے نہیں تھے جو کھانے پینے میں نسبت اشتراک رکھتے ہیں بلکہ
وہ جو اس کے بتائے ہوئے شرع شریف کا اتباع کرتے اور جس مہمان
کریم کے ساتھ ہیں اس کے قدم بقدم چلتے اور اس قدم مقدس کی اتباع
سے اپنا نصیب حاصل کرتے اور حظ اٹھاتے تھے۔ حضرت خاتم الانبیاء
(صلعم) کے ان پیروؤں کو بھی اسی طرح قیاس کرنا چاہئے اب خود تم
ہی سوچ کر دیکھ گلستان فریدی سے تم نے کون سے پھول چنے ہیں اور اس
بوستان سے کیا نعمت حاصل کی ہے۔ اہل چشت کے اس باغ سے
جس کسی نے پھل کھائے اتباع کرنے ہی کھائے۔ ہم نے بس

یہ اک گُر بنا دیا لیکن نہیں جانتے کہ کون خوش نصیب اس سے فائدہ حاصل کرتا اور ان بزرگوں کی اقتدا سے پھل اور پھول چنتا ہے۔

اے برادر اس عمر کو عزیز سمجھو۔ خوار مت سمجھو اور جو کچھ کر سکتے ہو اس میں کر گذرو جس نے اپنے آپ کو نہیں پہچانا اس نے خدا کو بھی نہیں پہچانا اور ہلاکت کے غار میں گرا۔ یہ معرفت کا گُر ان بزرگوں سے سیکھو اس بارے میں سب کے تعلیم ایک اور سب یک کلمہ اور یک زبان ہیں۔ ہماری تمہاری کیا حقیقت۔ واللہ اگر وجدان یار نہیں تو طلب کرنے میں کیا نقصان ہے۔ کیوں نہیں طلب میں عمر گذار دیتے۔ اگر معرکہ میں مردوں کی طرح جولانگری میسّر نہیں تو مردوں کی صورت بنا کر نعرہ مارنے میں کیا ہرج ہے۔ اگر حقیقت وصال نہیں نصیب تو اس کی تمنا ہی میں عمر بسر کرنا کیا بُرا ہے۔ اگر اچھی طرح سمجھو تو معلوم ہوگا کہ درماں وجود مقصود سے خوش تر درد طلب ہے جو اس میں مزا ہے وہ کسی میں نہیں ہمارے سرور ہمارے پیشوا و مقتدا حضرت فریدالدین مسعود نوراللہ مرقدہ و قدس اللہ روحہ جس سے خوش ہوتے یہ دعا دیتے کہ خدائے عزوجل اپنا درد تجھے عطا کرے والسلام

فائدہ (۳۱)

محبت الٰہی و اتباع نبوی (صلعم) کے بیان میں

ذوق آمیز کلمات تحریر میں نہیں آ سکتے مگر خیر کچھ لکھتا ہوں۔ اللہ جل شانہٗ

ماخوذ از مکتوب نمبر (۶۱) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب بعض مریدان چندیری چترہ وایرج۔

تقدس و تعالیٰ نئی نئی عجیب شکلیں خلق فرما سکتا ہے **کل یوم ھو فی شان** چنانچہ **یحبھم و یحبونہ** (وہ انہیں چاہتا ہے اور وہ بھی اسے چاہتے ہیں) اسی کے فرمودہ ذوق آمیز کلمات ہیں اور جدھر اشارہ کر رہے ہیں وہ میرے نزدیک ایسے معانی ہیں جو متعین ہیں گو ایک مولوی مرد فقیہ ان کلمات مبارک کی طرح طرح کی تاویلیں کرتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ان دو لفظوں سے اس فیض سبوحی و قدوسی کی طرف اشارہ ہو رہا ہے کہ **انا حاسب** (میں حساب لینے والا ہوں) دیکھتا ہوں کہ کون مجھ سے محبت کرتا ہے اور کون نہیں کرتا اور مجھ سے جو محبت کرے گا میں بھی اس سے محبت کروں گا۔ محبت کا مقدمہ آشنائی و شناسائی ہے پہلے معرفت ہوتی ہے پھر محبت کی جاتی ہے۔ معرفت بھی دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک تو یہ کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ سب جمیلوں کا جمیل اور کل جمالوں کا جمال اور تمام حسن و خوبی کا مخزن ہے۔ اسی خزانہ جمال سے انوار اور حسن کے شعاعیں لمعہ افگن ہوتی ہیں کہ ع الأذن تعشق قبل العین احیانا۔ یعنی کبھی آنکھ سے قبل کان مبتلائے عشق ہوتے ہیں

؎ نہ تنہا عشق از دیدار خیزد بسا کین دولت از گفتار خیزد

پھر جب اس طرح ایک گونہ شناسائی ہوگئی تو قدم آگے بڑھتا ہے اور توجہ قائم رکھنے اور یاد کرنے سے عالم محبت سے بھی کچھ حصہ نصیب ہونے لگتا ہے اور اس ہمہ جمال اور ہمہ کمال کے لئے ایک ٹیس سی دل میں پیدا ہو جاتی ہے۔ دوسرے لوگ یہ کہتے ہیں کہ جو کوئی اہل محبت کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا اور رہتا سہتا ہے اس کے دل میں بھی محبت کا بیج بو دیا جاتا ہے پھر یہ بیج اللہ جل شانہ کی قدرت بالغہ اور حکمت عالیہ کی آبیتوں اور

نشانیوں پر نگاہ قائم رکھنے سے نشو ونما حاصل کرتا اور درخت بننا شروع ہوتا ہے۔ اُس کی شان دیکھ کر ادھر خیال جاتا ہے کہ جس ذات میں یہ سب کچھ پیدا کرنے کی قدرت و حکمت ہے اس میں کیا کیا کمال اور کیا کیا جمال ہوں گے۔ اس طرح خیال دوسری طرف منتقل ہوتا ہے اور اس معرفت سے محبت الٰہی پیدا ہوتی ہے لیکن ہمیں جو مطلوب ہے وہ ایسا شخص ہے کہ اس جہاں کی نیکیوں اور بدیوں کسی کی پروانہ کرے نہ کسی سے خوف کھائے اور نہ ہیبت بلکہ انہیں دیکھ کر اس کی طلب میں اور اضافہ ہو اور اس کی روش میں مزید ترقی ہوتی جائے۔ ممکن ہے کہ ایک ایسی حالت اس پر گذرے کہ کبھی وہ اپنے دل سے اس طرح کی باتیں کرتا ہو کہ اے سفلی۔ ظلماتی اور اے فانی و زمانی تجھے اس حضرت عزت و جلال سے کیا نسبت۔ بے ادب شوخ و بے شرم ایسی بڑھ بڑھ کر خیالی پلاؤ پکا رہا ہے۔ استغفر اللہ اس سے باز آ اور سو بار توبہ کر کہاں مٹی کا ڈھیر اور کہاں رب العالمین۔ کہاں تو اک کیچڑ کا لوندا اور کہاں وہ سب عالموں کا پالنہار اور اس کی باتیں اور پھر ہر طرح پہ عقل و ہوش درست کرنے کی کوشش کرتا ہو کہ اس حضرہ سے باز رہے مگر اے رب تیری ہی قسم بیچارہ مسکین جو کہ پہلے طلب و عشق و محبت میں اس طرح مبتلا تھا گو اس کا دوسرا حال اب یہ نظر آرہا ہے کہ نماز تلاوت و کسب و کار میں مشغول ہے اور بظاہر طلب سے غافل اور خود بیں ہو گیا ہے یہ سب کچھ ہے مگر باوجود اس کے جب کبھی یک بیک اس کی نظر دل پر پڑتی ہے تو دیکھتا ہے کہ اندر سے پی کہاں کی آواز آرہی ہے اور باوجود ان سب ظاہری مشاغل کے طلب ہو کر رہا ہے گویا

ہی کو کر رہا ہے اور جستجو اگر ہے تو بس اُسی کی ہے ؎

دل رازِ عشق چند ملامت کنم کہ ہیچ　　ایں بُت پرست کہنہ مسلماں نمی شود

فقیہ طعنے مارتے ہیں اور واعظ و محدث نصیحت کرتے ہیں۔ مفسر اپنی جگہ دوسرا ہی سودا پکاتے ہیں۔ یہ سب اس کی جان کے دشمن اور اس مسکین و بیچارہ کے پیچھے پڑے ہیں مگر با ایں ہمہ یہ شیفتہ آشفتہ زلف و خال یار کا گرفتار پوری امید و جسارت کے ساتھ فریاد کر رہا ہے ؎

جز یاد دوست ہر چہ بری عمر ضائع است　　جز سر عشق ہر چہ بجوی بطالت است

علمی کہ رہ بحق نہ نماید جہالت است

کہتا ہے کہ اگر یہ سب دردِ دوستی باقی رہے تو دوزخ کی بھی پروا نہیں۔ رقص کرتا ہوا جاؤں گا اور اگر بہشت میں لے جائیں گے تو بغیر دوست کے وہاں نہ جاؤں گا۔ ع گر بے تو بود جنت بر کنگرہ ننشینم۔ ثوبان کی حکایت کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انہیں کیسی محبت تھی مشہور ہے۔ اب اپنی حالت پر نظر ڈالو کہ تم کس کام میں ہو۔ کیا کھاری زمین پر کاشت کر رہے ہو یا آب جاری پر نقش بنا رہے ہو۔ یاد رکھو اس سے کوئی فائدہ نہیں۔ شاہد بازی اور پارسائی دونوں میل نہیں کھا سکتیں

اے دوست اے برادر۔ اے یار اگر عشق نہ ہوتا تو سبزہ نہ اُگتا۔ اگر عشق نہ ہوتا تو کوئی جانور اپنے بچہ کو نہ پالتا۔ اگر عشق نہ ہوتا تو آسمان کبھی گردش نہ کرتا۔ اگر عشق نہ ہوتا تو کسی کو بھی اللہ جل شانہ جہاں میں پیدا نہ کرتا کیا تم نے فاحببت ان اعرف کی حدیث قدسی نہیں پڑھی اگر تمہیں اپنے دل میں اپنی ذات کی طرف سے کچھ گمان ہے تو یہ صرف ہوس ہے

اور تمنا اس کے ساتھ ضم ہو گئی ہے ؎ علم و عمل و زہد و تمنا و ہوس ؛
یہ جملہ رہ است خواجہ منزل پنداشت ؛ اس نوے سال کے بڈھے سے پوچھو
کہ کیا حال ہے ۔ ہر شب ہر روز کوئی نہ کوئی زحمت و تکلیف ساتھ لگی رہتی ہے
اور تمام رات قیام میں اور دن صیام میں گذر جاتا ہے ۔ میں نے جو اس کا ایک نشان
بتایا تھا تم کیسے اس نشان کے پتے سے اس کا پتہ لگا سکتے ہو کیا اس کی وقت
"لی مع اللہ" میں کوئی خطرہ گذر کر سکتا ہے ۔ لا واللہ ہرگز نہیں ۔ نیکی کے دروازے
وا ہیں فیض جاری ہے جو کوئی کام کریگا نیک مرد اور نیکوکار ہوگا ۔ طالبان
حق کا کام راہ سلوک اختیار کرنا ہے جب تک اس راستہ پر نہ چلیں گے وصول
میسر نہ ہوگا ۔ اللہ جل شانہ فرماتا ہے قل ان کنتم تحبون اللہ
فاتبعونی یحببکم اللہ پس جس کسی کو محبوب بننے کا شوق ہے چاہیے
کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم بقدم چلے گویا کہ آپ (صلعم)
یہ ارشاد فرما رہے ہیں کہ جس راہ سے میں نے سلوک طے کیا اور منزل پر پہنچا ہوں
جو کوئی اسی راہ پر چلیگا میرے مقر و مستقر پر میرا ہمزانو اور ہمقدم ہوگا تم کہو گے
کہ رسول اللہ صلعم کے برابر کون ہو سکتا ہے ۔ یہ صحیح ہے لیکن حضور جس مے محبت
الٰہی کے دریا پی گئے تھے اسی کا ایک قطرہ تمہارے حلق میں بھی ٹپکایا جائیگا ۔ پھر
تابع و متبوع سابق و مسبوق کا فرق سب جانتے ہیں دونوں برابر نہیں ہو سکتے لیکن
سب ایک ہی ڈگر کے چلنے والے ہوتے ہیں ۔ یہ شرف کیا کم ہے ۔ اپنے وقت کو
درد و داد سے منور رکھو عقل نہیں کہتی کہ اس میں دنیا و آخرت کا کوئی بھی
نقصان ہے ؎

دریاب اگر تو عاقلی بشتاب اگر صاحب دلی ۔
باشد کہ نتواں یافتن دیگر چنیں ایام را

فائدہ (۳۲)

تزکیہ و مخالفت نفس و توجہ تام کے بیان میں

معلوم ہو کہ طلب حق میں کوئی کسب مانع نہیں ہے جس کام میں چاہو رہو۔ اگر یہ دو چیزیں تمہارے پاس ہیں یعنی پاکی نفس اور توجہ تام تو سب کچھ ہے توجہ تام سے مراد ہے یاد خدا میں دل کو لگائے رکھنا ہمیشہ اس کی یاد میں رہو اور اسی طرف دل کو متوجہ رکھو اور تمام کاموں میں پیر کی پیروی مقدم سمجھو اور اس توفیق کے لئے بھی پیر سے مدد مانگتے رہو۔ کسی کام میں سستی نہ کرنا۔ کسی واقعہ سے دل کو متعلق کر لینا مقصود سے پیچھے رہ جانا ہے ہمارا مطلوب اتنا بلند مرتبہ ہے کہ تحریر میں نہیں آسکتا جب تک کہ بندہ خدا عزوجل کے ساتھ ایک نہ ہو جائے۔ یعنی سوائے خدا کے نہ کچھ دیکھے اور نہ جانے اور نہ پہچانے اس وقت تک یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کوئی چیز ہوا جو عورت کہ مردوں کے سے کام کرے وہ گو عورت کی صورت ہے مگر دراصل مرد ہے اور جو مرد عورتوں کے سے کام کرے یعنی ہوا پرست ہو تو وہ گو مرد کی صورت ہے مگر دراصل عورت ہے توقع ہے کہ آں برادر ہمیشہ عبادت الٰہی میں وقت صرف کرتے رہیں گے اور رشتہ داروں کے ساتھ ایسی زندگی بسر کریں گے اور ان کے حق ادا کرتے رہیں گے جیسا کہ حق ہے۔ اس جہاں سے سوائے نیک عمل لے جانے کے اور کسی صورت سے کام نہیں بنے گا۔

ماخوذ از مکتوبات نمبر (۶۳-۶۴-۶۵) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب قاضی برہان الدین مولانا اسلیمان و میر چندہ۔ مکتوب (۶۲) کا مضمون فائدہ (۳۱) میں آگیا ہے۔ ۱۲

فائدہ[1] (۳۳)

نبوت اور ولایت کے بیانمیں

مقام ولایت سے مراد ہے قرب حق و معرفت خدائے عزوجل و اطلاع بر حقائق یہ اطلاع ایسی ہونی چاہیئے کہ جو غایتوں کے غایت اور منتہی تک پہنچتی ہو انبیاء علیہم السلام کو بارگاہ خداوندی سے پہلے یہی مرتبہ ملا ہے یعنی اولیاء میں سے جن پر عنایت بے غایت ہوئی اور مقصود ہوا کہ ان سے دعوت خلق کا کام لیا جائے تو انہیں نبوت کے مقام پر فائز فرمایا اور یہ کام ان سے لیا۔ اسی اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ مقام ولایت کی انتہا مقام نبوت کی ابتداء ہے پس کوئی نبی ایسا نہیں گزرا کہ اول ولایت کے درجہ پر پوری طرح بہ اقصی الغایت فائز نہ ہوا ہو۔ پہلے ولایت ملی ہے اس کے بعد نبوت کی دولت نصیب میں آئی ہے بعض اس امت کے صوفی جن میں ولولہ محبت و شوق از حد غالب ہے بعض اولیائے امت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض انبیائے سابقین پر دو وجہوں میں پڑ کر فضیلت دیتے ہیں۔ ایک یہ کہ اصل ولایت یہ ہے کہ قرب خداوندی اور معرفت الٰہی حاصل ہو اور حقائق پر پوری پوری اطلاع ہو اور نبوت وہ کام ہے جو خلق خدا سے متعلق ہے جس کے لئے خدا نے اپنے بندوں کے پاس اس نبی کو بھیجا ہے اس وجہ سے بادی النظر میں معلوم ہوتا ہے کہ شاید وہ ولی کو نبی پر فضیلت دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ولایت ایک ایسا رکن ہے کہ نبوت کی بنا اسی پر قائم ہے۔ اس سے عوام کو یہ خیال ہوا کہ ان بزرگوں نے ولی کو نبی پر ترجیح و تفضیل دی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ طالبان علم علی العموم یہ خیال کرتے ہیں کہ جس نے

---

[1] ماخوذ از مکتوب نمبر (۶۶) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رضی اللہ تعالیٰ بجانب حضرت مسعود بیگ قدس سرہ۔ مطبوعہ نسخہ میں مکتوب بھی طبع ہوا ہے جو حضرت مسعود بیگ نے اس نقد کے جواب میں لکھا ہے اس کا ترجمہ یا خلاصہ فوائد رضا سے متعلق نہ تھا اس لئے ترک انداز کیا گیا ۱۲

جناب باری تعالیٰ کے تنبا نوے نام تحقیق کے ساتھ پڑھے وہ یہ دیکھتا ہے کہ بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو ضمناً تو ثابت ہوتی ہیں۔ مگر اصلاً نہیں۔ مثلاً آل نبی پر صلی اللہ علیہ وسلم" کہنا اور درود بھیجنا محض ضمناً ہے اور بالاصل ثابت نہیں ہے۔ نبی پر درود وسلام بھیجتے وقت آل کو بھی ضمناً جب درمیان میں لے آئیں تو مضائقہ نہیں۔ نیز صوفیان متالہہ یعنی جن پر ولولہ ودیوانگی عشق غالب ہے کہتے ہیں کہ امت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں بعضوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروی میں وہ دولت نصیب ہوئی ہے کہ انبیائے سابق کو نصیب تھی چنانچہ یہی حال دیکھ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس امت میں داخل ہونے کی خواہش کی تھی یہ غلبہ عشق کا کلمہ ہے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ولایت نبوت سے افضل ہے پھر اگر کوئی یہ کہے کہ میں نبوت پر ولایت کو فضیلت دیتا ہوں تو اس کے سامنے میرا یہ قول پیش کر دیا جائے۔

نوٹ :- اس مکتوب میں حضرت خواجہ صاحب قدس سرہ العزیز نے پہلے اہل تصوف کا عقیدہ صحیحہ بیان فرمایا اس کے بعد صوفیان متالہہ کے جنس خیالات بیان کئے اور ان کی طرف سے معذرت فرمائی کہ ان کا قول اصل وحقیقت رکھتی نہیں بلکہ ضمنی اور والہانہ ہے یعنی اتباع رسول میں ایک والہانہ ضمنی صورت پیدا ہو جاتی ہے جو حقیقتاً نہ اصل شے ہوتی ہے اور نہ کوئی مذہبی عقیدہ بلکہ ایک کیفیت ہوتی ہے چنانچہ اس ولولہ شوق ومحبت میں بعض شطحیات ان کی زبان سے نکل جاتے ہیں جو کوئی اصلیت اور حقیقت نہیں رکھتے۔

STATE CENTRAL LIBRARY HYDERABAD

تمت

سہ یعنی صفات اک ضمنی شے ہے لامین ولایہ مسلمہ ہے اور ذات ایک اصلی حقیقی شے ہے جو اصلی ضمنی دونوں اشیا باہم وابستہ ہو تو دونوں الگ الگ نہیں کر سکتے وہ شے یہ کہ ضمناً ولایہ کہ اصلاً انبیا ہے ۱۲

به اہتمام و انتظام معتمد کمیٹی کتب خانہ روضتین گلبرگہ شریف

حافظ محمد حامد صدیقی چشتی قادری
لکچرار عثمانیہ کالج گلبرگہ شریف
معتمد اعزازی مدارس و کتب خانہ روضتین گلبرگہ شریف

شائع کردہ

ملنے کا پتہ
معتمد اعزازی کتب خانہ روضتین گلبرگہ شریف

قیمت (۱۲ر)